1416 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِي السَّهْلِ وَالْوَعَرَا۔

1417 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نَعِيْمِ الْجَنَّةِ وَمَا فِي النَّارِ مِنْ زَفْرَا۔

1418 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ سُكَّانِ الْخِيَامِ وَالْمُدُنِ وَالْقُرٰى۔

1419 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّاحِلِ وَالْمُقِيْمِ وَمَنْ سَافَرَا۔

1420 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِي الْعُيُوْنِ مِنْ نَّظَرَا۔

1421 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِي الْحَيَوَانِ مِنْ شَعْرَا۔

1422 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَغْنِيَآءِ وَالْفُقَرَا۔

1423 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنِ ابْتُلِيَ وَصَبَرَا۔

1424 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّطْبِ وَالْيَابِسِ وَالْجَامِدِ وَمَا فِي الثَّرٰى۔

1425 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُبَدِّلُ لَنَا مِنْكَ الْعُسْرَ بِالْيُسْرَا۔

1426 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً نَّجِدُهَاۤ اُنْسًا وَّرَحْمَةً تَحْتَ اَطْبَاقِ الثَّرٰى۔

1427 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً نَّجِدُهَاۤ نُوْرًا وَّسُرُوْرًا فِيْ ظُلْمَةِ الْقَبْرَا۔

1428 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَلْقَانَا بِهَا الْمَلَآئِكَةُ بِالْبُشْرٰى۔

1429 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَارْضَ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ الْكِرَامِ الْبَرَرَا۔

1430 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَارْضَ عَنْ صِدِّيْقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَبِيْ بَكْرَا۔

1431 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَارْضَ عَنِ الثَّانِيْ فِيْ

الْخِلَافَةِ إِمَامِ الشَّرِيْعَةِ عُمَرَا۔

1432 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْضَ عَنْ ذِى النُّوْرَيْنِ عُثْمَانَ كَافِلِ الْقُرَّا۔

1433 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْضَ عَنْ زَوْجِ الْبَتُوْلِ وَ ابْنِ عَمِّ الرَّسُوْلِ عَلِيٍّ فَارِسِ النُّصَرَا۔

1434 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْضَ عَنِ السِّتَّةِ الْبَاقِيْنَ مِنَ الْعَشَرَا۔

1435 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْضَ عَنِ السِّبْطَيْنِ الزَّكِيَّيْنِ الطَّاهِرَيْنِ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ عَنْ اُمِّهِمَا فَاطِمَةَ الزَّهْرَا۔

1436 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْضَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ عَنْ خَدِيْجَةِ الْكُبْرٰى۔

1437 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْضَ عَنِ التَّابِعِيْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ وَّ مَنْ آوٰى وَ مَنْ نَّصَرَا۔

1438 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ وَ ارْحَمْ اُمَّةَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَغِيْرًا وَّ كَبِيْرًا يَا خَالِقَ الْوَرٰى. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْاَلُكَ يَا شَفِيْقُ يَا رَفِيْقُ يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ وَ الْبَحْرِ الْعَمِيْقِ. اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ يَا رَجَائِىْ فِى الضِّيْقِ يَآ اِلٰهِىْ بِالتَّحْقِيْقِ اِنَّكَ اَنْتَ الشَّفِيْقُ. اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تُخْرِجَنَا مِنْ هٰذَا الْمَضِيْقِ اِلٰى سَعَةِ الطَّرِيْقِ وَ اكْفِنِىْ مَآ اُطِيْقُ وَ مَا لَآ اُطِيْقُ. اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ بِاِسْمِكَ الْحَقِّ الْحَقِيْقِ الْمَالِكِ الْوَثِيْقِ. اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ التَّوْفِيْقَ وَ الْهِدَايَةَ لِلطَّرِيْقِ بِحُرْمَةِ نَبِيِّنَا وَ اَبِىْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ. اَسْاَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّاْفَةِ الَّذِىْ جَعَلَهُ اللّٰهُ عَلَى الْعِبَادِ شَفِيْقْ۔

1439 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ الَّذِىْ جَعَلَهُ اللّٰهُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ رَفِيْقْ۔

1440 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الْكَرَامَةِ الَّذِىْ جَآءَنَا بِالصِّدْقِ وَ التَّصْدِيْقْ۔

1441 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ سَبَقَ لِصُحْبَتِهٖ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقْ۔

1442 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمَآءِ السَّاكِبِ الدَّفِيْقِ۔

1443 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِي الْبَحْرِ الْعَمِيْقِ۔

1444 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا هَزَّتِ الرِّيَاحِ الْغُصْنَ الدَّقِيْقِ۔

1445 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ ضِيَآءِ النَّهَارِ وَ اللَّيْلِ الْغَسِيْقِ۔

1446 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ شَاهَدَ الْبَيْتَ الْعَتِيْقِ۔

1447 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُؤَمِّنُ بِهَا رَوْعَتَنَا يَوْمَ هَوْلِ الْمَسِيْقِ۔

1448 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَرْزُقُنَا بِهَا مِنْكَ التَّوْفِيْقِ۔

1449 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَسْلُكُ بِنَا طَرِيْقَ السَّلَامَةِ وَالتَّحْقِيْقِ۔

1450 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُرْشِدُنَا بِهَآ اِلٰى مِنْهَاجِ الطَّرِيْقِ۔

1451 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِمَّا لَا نُطِيْقُ۔

1452 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَحْفَظُنَا بِهَا مِمَّا لَا يَلِيْقُ۔

1453 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَجْعَلُنِيْ بِهَا فِيْ بُحُوْرِ الْبَهَآءِ وَالنُّوْرِ غَرِيْقٌ۔

1454 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُعِدُّهَآ اُنْسًا وَّسَلَامَةً عِنْدَ كُلِّ مَضِيْقٍ۔

1455 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُعْتِقُ بِهَا رِقَابَنَا مِنْ عَذَابِ الْحَرِيْقِ۔

1456 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَجْعَلُنِيْ بِهَا مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ رَفِيْقٌ۔

1457 اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ، بِجَاهِ الصَّحَابَةِ وَ التَّابِعِيْنَ وَ تَابِعِ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ كَانَ لِمَعْرِفَةِ اللهِ سَالِكًا ، بِالتَّحْقِيْقِ يَا مَنْ تَنَزَّهَ عَنِ الْجِرْمِيَا ، وَعَنْ صِفَاتِ النَّقْصِ وَ الْعَرَضِيَا ، يَا مُطَّلِعًا عَلٰى مَا فِي الضَّمَآئِرِ ، يَا عَالِمًا ، بِالسِّرِّ وَ الْعَلَانِيَا ، اَنْتَ الْمَوْجُوْدُ بِلَا شَكٍّ وَّلَا عَدَمٍ ، وَكُلُّ مَوْجُوْدٍ سِوَاكَ فَانِيَا ، اَنْتَ الْقَدِيْمُ الْاَزَلِيُّ فَلَا اَحَدٌ فِيْ مُلْكِكَ سِوَاكَ بَاقِيَا ، اَنْتَ الْمُخَالِفُ لِكُلِّ مَا خَلَقْتَ لَيْسَ لَكَ فِيْ ذَاتِكَ مُسَاوِيًا ، اَنْتَ الْمُنَزَّهُ عَنْ كُلِّ شَيْءٍ فَلَا شَيْءَ مِثْلُكَ يَا بَارِيَا ، اَنْتَ الْقَآئِمُ بِنَفْسِكَ لَا تَفْتَقِرُ ، وَ رِزْقُكَ لِلْخَلْقِ كُلِّ جَارِيَا ، اَنْتَ الْفَرْدُ اَنْتَ الْوِتْرُ اَنْتَ الصَّمَدُ اَنْتَ الْمَوْصُوْفُ بِصِفَاتِ الْوَحْدَانِيَا ، اَنْتَ الْوَاحِدُ فِيْ ذَاتِكَ وَ صِفَاتِكَ وَ اَفْعَالِكَ لَيْسَ لَكَ ثَانِيَا ، اَنْتَ الْقَادِرُ لَنْ تَعْجِزَ عَنْ شَيْءٍ وَّ حُكْمُ قُدْرَتِكَ فِيْنَا جَارِيَا ، بِقُدْرَتِكَ كَوَّنْتَ كُلَّ كَآئِنٍ كَمَآ اَرَدْتَهٗ مِنْ غَيْرِ كَرَاهِيَا ، اَنْتَ الْعَالِمُ بِكُلِّ شَيْءٍ مِّمَّا كَانَ ظَاهِرًا وَّ خَافِيًا ، اَحَاطَ عِلْمُكَ بِكُلِّ شَيْءٍ فِي الْحَالِ وَ الْمَاضِيْ وَ كُلِّ آتِيَا ، اَنْتَ الْحَيُّ حَيَاتُكَ نَفْسِيَّةٌ لَّيْسَتْ كَحَيَاتِنَا الْفَانِيَا ، اَنْتَ السَّمِيْعُ لِوَسَاوِسِ الصُّدُوْرِ وَ تَسْمَعُ دَبِيْبَ النَّمْلِ الْمَاشِيَا ، اَنْتَ الْبَصِيْرُ لَا يَنْسَتِرُ عَنْكَ شَيْءٌ مِّمَّا كَانَ فِي الْاَبَاعِدِ وَ الدَّانِيَا ، اَنْتَ الْمَوْصُوْفُ بِصِفَةِ الْكَلَامِ مِنْ غَيْرِ اَحْرُفٍ وَّلَآ اَصْوَاتِيَا ، كَلَامُكَ دَلَّ عَلٰى قِدَمِكَ وَ دَلَّ اَيْضًا اَنَّكَ اَنْتَ الْبَاقِيَا ، وَ فِيْهِ اَيْضًا اَنَّكَ اَنْتَ رَبُّنَا وَ غَيْرُكَ لَا يَصْلُحُ لِلرُّبُوْبِيَا ، وَ قَدْ اَمَرْتَنَا فِيْهِ بِطَاعَتِكَ وَ عَنِ الْفَحْشَآءِ اَيْضًا نَاهِيَا ، اَنْتَ مَالِكُ الْمُلُوْكِ كُلِّهِمْ وَ اَنْتَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ قَاضِيَا ، اَنْتَ التَّوَّابُ اَنْتَ الْوَهَّابُ الْمُخْذِلُ لِلْعَاصِيَا ، اَنْتَ الرَّقِيْبُ اَنْتَ الْقَرِيْبُ اَنْتَ الْمُجِيْبُ لِكُلِّ مَنْ كَانَ اِلَيْكَ دَاعِيَا ، سَاَلْتُكَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ يَّا خَالِقَ الْمَخْلُوْقِ يَآ اِلٰهِيَا ، سَاَلْتُكَ بِمَا دَعَاكَ بِهِ الْخَلِيْلُ حِيْنَ اُلْقِيَ فِي الْمَنْجَنِيْقِ الْحَامِيَا ، سَاَلْتُكَ بِمَا دَعَاكَ بِهِ الْكَلِيْمُ رَسُوْلُكَ ابْنُ عِمْرَانَ الْمُنَاجِيَا ، سَاَلْتُكَ بِمَا دَعَاكَ بِهِ الْوَجِيْهُ الزَّاهِدُ الْعَابِدُ فِي الْبَارِيَا ، سَاَلْتُكَ بِمَا دَعَاكَ بِهِ الْحَبِيْبُ الصَّادِقُ الْاَمِيْنُ خَاتَمُ الْاَنْبِيَا ، سَاَلْتُكَ بِدَعْوَةِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ سَاَلْتُكَ بِنُوْرِ نُوْرِ الْاَنْبِيَا ، سَاَلْتُكَ بِدَعْوَةِ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ سَاَلْتُكَ بِنُوْرِ جَمِيْعِ الْاَتْقِيَا ، سَاَلْتُكَ بِحُرْمَةِ الزَّاهِدِيْنَ ، وَ سَاَلْتُكَ بِاَهْلِ الْعُهُوْدِ الْوَافِيَا ، سَاَلْتُكَ بِبَرَكَاتِ الصَّالِحِيْنَ ، وَ سَاَلْتُكَ بِحُرْمَةِ الْاَوْلِيَا ، سَاَلْتُكَ بِنُوْرِ نُوْرِ خَيْرِ الْوَرٰى حَبِيْبِكَ الْهَادِيْ اِمَامِ الْاَتْقِيَا ، دَعَوْتُكَ يَا خَالِقِيْ فَاَجِبْنِيْ كَمَآ اَجَبْتَ دُعَآءَ يَعْقُوْبَ الْبَاكِيَا ، يَا مُظْهِرَ الْجَمِيْلِ يَآ اِلٰهِيْ يَا مُسْتِرَ قَبِيْحِ كُلِّ عَاصِيَا ، ظَهَرَتْ مَغْفِرَتُكَ لِلْعَاصِيْنَ وَبَانَ عَفْوُكَ لِكُلِّ خَاطِيَا ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ جَاهِلٌ وَّ عَاصِيَا ، وَ رَحْمَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيَا ، بِحِلْمِكَ اَخَّرْتَ كُلَّ عَاصٍ وَّ اَمْهَلْتَهٗ اِلٰى يَوْمِ التَّلَاقِيَا ، لَوْ كَانَ فِي الدُّنْيَا مِيْزَانُ اَعْمَالِيَا ، لَرَجَحَتْ ذُنُوْبِيْ بِالرَّوَاسِيَا ، اِنْ لَّمْ يَكُنْ عَفْوُكَ يَآ اِلٰهِيْ فَقَدْ رَكِبْتُ سَفِيْنَةً اَنْتَ الْغَفُوْرُ وَ اَنْتَ صَاحِبُ الْعَفْوِ وَ الْعَافِيَا ، اَنْتَ الْمُعِزُّ لِمَنْ تَشَآءُ بِطَاعَتِكَ وَ اَنْتَ الْمُذِلُّ الْمَهَاوِيَا ، وَا اَسَفِيْ عَلٰى اَيَّامِ غَفْلَتِيْ وَ الْمَوْتُ يَطْلُبُنِيْ وَ اَنَا سَاهِيَا ، وَا نَدَمِيْ عَلٰى طُوْلِ رَقْدَتِيْ وَ الْقَبْرُ يَطْلُبُنِيْ وَ يَا طُوْلَ رُقَادِيَا ، ضَيَّعْتُ عُمْرِيْ كُلَّهٗ بِطَالَةً فِيْ حَالَةٍ

الدُّنْيَا وَ اَيَّامِهَا الْفَانِيَا. وَهَلْ لَنَا مِنْ عَمَلٍ يُّنْجِيْنَا سِوَى جَمِيْلِ عَفْوِكَ يَا بَارِيَا. وَيَا رَحْمٰنُ تَجَاوَزْ عَنْ ذُنُوْبِيَا. فِيْ رَحْمَتِكَ مَطْمَعُ كُلِّ عَاصِيَا. وَ يَا رَبِّ دَعَوْتُكَ بِصَفْوَتِكَ وَ بِالصَّلَاةِ عَلٰى اِمَامِ الْاَنْبِيَا وَ اقْبَلْ يَا رَبِّ وَسِيْلَتِيْ اِلَيْكَ وَ بَلِّغْنِيْ يَا خَالِقِيْ مُرَادِيَا. وَكُلُّ مُؤْمِنٍ لَّهُ وَسِيْلَةٌ وَّ خُضْتُ اَنَا فِيْ بُحُوْرِ ذُنُوْبِيَا. وَ لَيْسَ لِيْ يَا خَالِقِيْ وَسِيْلَةٌ سِوَى الصَّلَاةِ عَلٰى اِمَامِ الْاَصْفِيَا. وَ قَدْ سَاَلْتُكَ بِهَا يَا خَالِقِيْ وَ جِئْتُكَ بِهَا يَا رَبِّ دَاعِيَا. وَ صَلِّ يَا رَبِّ اَفْضَلَ صَلَاةٍ صَلَّيْتَهَا عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَ صَلِّ يَا رَبِّ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ الْمُرْسُوْلِ لِلْبَرِيَّا. وَ صَلِّ يَارَبِّ عَلَيْهِ صَلَاةً دَآئِمَةً فِيْ كُلِّ وَقْتٍ زَاكِيَا. وَ صَلِّ يَارَبِّ عَلَيْهِ سَرْمَدًا. بِعَدَدِ مَا فِي الْجِبَالِ الرَّوَاسِيَا. وَ صَلِّ يَارَبِّ عَلَى الْمُصْطَفٰى مَوْلَى الْوَسِيْلَةِ وَ الْعُهُوْدِ الْوَافِيَا. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَ سَلِّمَا. عَدَدَ كُلِّ ظَاهِرٍ وَّ خَافِيَا. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى خَيْرِ الْوَرٰى صَلَاةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ بَاقِيَا. وَ زِدْهُ يَارَبِّ بِهَا تَكْرِيْمًا وَّ تَشْرِيْفًا عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَا. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ بِهَا رِضَاكَ صَلَاةً تَجِدُكَ بِهَا عَنِّيْ رَاضِيًا. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ بِهَا ذُنُوْبِيْ وَ مَا قَدِ اقْتَرَفْتُهُ اَمَامِيَا. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ بِهَا ذُنُوْبِيْ وَ مَا جَنَيْتُ فِي السِّنِيْنَ الْمَاضِيَا. وَ اغْفِرْلِيْ مَا كُنْتُ فِيْهِ عَامِدًا وَّ اغْفِرْلِيْ مَا كُنْتُ فِيْهِ خَاطِيًا وَّ اغْفِرْلِيْ جَمِيْعَ مَا قَدْ اَصَبْتُهُ مِنَ الذُّنُوْبِ عَامِدًا اَوْ نَاسِيًا. وَ احْفَظْنِيْ يَا خَالِقِيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ احْفَظْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الْغَاوِيَا. اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ جَنَيْتُهُ فِي السِّرِّ وَ الْعَلَانِيَا. وَ ارْحَمْ يَارَبِّ بِهَا اَجْدَادَنَا كَذَا اٰبَآءَنَا وَ جَمِيْعَ اِخْوَانِيَا. وَ تُبْ وَ ارْحَمْ وَ اغْفِرْ بِهَا ذُنُوْبِيْ وَ ارْحَمْ يَارَبِّ عِظَامِيَ الْبَالِيَا. وَ اَرْشِدْنَا يَارَبِّ بِسِرِّهَا فِيْ حَالَةِ الْقَبْرِ وَ عِنْدَ سُؤَالِيَا. وَ احْفَظْنَا يَارَبِّ بِفَضْلِهَا فِي الْحَشْرِ وَ النَّشْرِ وَ فِيْ حِسَابِيَا. وَ بَدِّلْ لِيَ السَّيِّئَاتِ بِالْحَسَنَاتِ وَ وَفِّ يَارَبِّ بِهَا مِيْزَانِيَا. وَ جَوِّزْنَا يَارَبِّ بِهَا سَالِمِيْنَ عَلَى الصِّرَاطِ ثَبِّتْ بِهَآ اَقْدَامِيَا. وَ يَارَبِّ لَا تَقْطَعْ لَنَا رَجَآءً فِيْ عَفْوِكَ يَارَبِّ اِنِّيْ رَاجِيَا. وَ اجْعَلْنِيْ اَللّٰهُمَّ فِيْ جِوَارِكَ وَ فِيْ رِيَاضِ حَضْرَتِكَ الرَّبَّانِيَا وَ انْعِمْنَا يَا رَبِّ بِالنَّظَرِ اِلَيْكَ وَ بِرُؤْيَةِ اِمَامِ الْاَصْفِيَا. وَ احْفَظْنَا يَا رَبِّ بِسِرِّهَا فِيْ حَالَةِ الْيَقْظَةِ وَ فِيْ مَنَامِيَا. وَ ثَبِّتْنَا يَا خَالِقِيْ بِنُوْرِهَا عَلٰى كَلِمَةِ الْاِيْمَانِ عِنْدَ مَمَاتِيَا. ثُمَّ الرِّضَا عَنِ الْكِرَامِ الْخُلَفَا. اَلنَّاصِحِيْنَ الرَّاشِدِيْنَ الْاَتْقِيَا. وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا.

فِيْ سَلَامِ الْقُطْبِ الْغَوْثِ اِمَامِ الْاَوْلِيَآءِ وَ سَيِّدِ الصَّالِحِيْنَ وَ شَيْخِ الْعَارِفِيْنَ وَ اَزْهَدِ الزَّاهِدِيْنَ مَسْلَكِ الْمُرِيْدِيْنَ اَبِي الْحَسَنِ الشَّاذِلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ اَرْضَاهُ وَ نَفَعَنَا بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ اٰمِيْنَ بِجَاهِهٖ عِنْدَ اللّٰهِ وَ جَاهِ كُلِّ نَبِيٍّ وَّ وَلِيٍّ هُوَ لِلّٰهِ وَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ.

وَ ذٰلِكَ حِيْنَ وَقَفَ عَلٰى رَوْضَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ وَ عَايَنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اَصْحَابِهٖ بِهٰذَا السَّلَامِ مُتَمَسِّكًا. بِهٖ فِيْ كِتَابِنَا هٰذَا عَسٰى اَنْ يَّنْفَعَنِيَ اللّٰهُ بِهٖ وَ اَنْ يُّبَلِّغَنَا مَا رَجَوْنَا مِنْهُ

مِنْ مُّشَاهَدَةِ حَضْرَةِ اَوْلِيَآئِهٖ وَزِيَارَةِ قَبْرِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ هٰذَا۔

اَلسَّلَامُ الْمُبَارَكُ الْجَلِيْلُ عَلٰى صَاحِبِ التَّنْزِيْلِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلَ وَاَزْكٰى وَاَنْمٰى وَاَعْلٰى صَلَاةٍ صَلَّاهَا عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ اَنْبِيَآئِهٖ وَاَصْفِيَآئِهٖ۔

اَشْهَدُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّكَ بَلَّغْتَ مَا اُرْسِلْتَ بِهٖ. وَنَصَحْتَ اُمَّتَكَ. وَعَبَدْتَ رَبَّكَ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ وَكُنْتَ كَمَا نَعَتَكَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ الْعَزِيْزِ {لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ}۔

فَصَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَلَآئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ مِنْ اَهْلِ سَمٰوَاتِهٖ وَاَرْضِهٖ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ. اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا صَاحِبَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا يَّا اَبَا بَكْرٍ وَّيَا عُمَرُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَجَزَاكُمَا اللّٰهُ عَنِ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ اَفْضَلَ مَا جَزٰى بِهٖ وَزِيْرَيْ نَبِيٍّ فِيْ حَيَاتِهٖ. وَعَلٰى حُسْنِ خِلَافَتِهٖ فِيْ اُمَّتِهٖ بَعْدَ وَفَاتِهٖ فَجَزَاكُمَا اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ مُرَافَقَتَهٗ فِيْ جَنَّتِهٖ وَاِيَّانَا مَعَكُمْ بِرَحْمَتِهٖ اِنَّهٗ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ رَسُوْلَكَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَاُشْهِدُ الْمَلَآئِكَةَ النَّازِلِيْنَ بِهٰذِهِ الرَّوْضَةِ الْمُكَرَّمَةِ وَالْعَاكِفِيْنَ عَلَيْهَا بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ خَاتِمُ النَّبِيِّيْنَ وَاِمَامُ الْمُرْسَلِيْنَ. وَاَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ مَا جَآءَ بِهٖ مِنْ اَمْرٍ وَّنَهْيٍ وَّخَبَرٍ عَمَّا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ فَهُوَ صِدْقٌ وَّلَا كَذِبَ فِيْهِ وَلَا امْتِرَآءَ وَاِنِّيْ مُقِرٌّ لَّكَ بِجِنَايَتِيْ وَمَعْصِيَتِيْ فِي الْخَاطِرَةِ وَالْفِكْرَةِ وَالْاِرَادَةِ الْفِعْلِيَّةِ وَمَا اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ عَنِّيْ مِمَّا اِذَا شِئْتَ اَخَذْتَ بِهٖ وَاِذَا شِئْتَ عَفَوْتَ عَنْهُ مِمَّا هُوَ مُتَضَمِّنٌ لِّلْكُفْرِ. اَوِ النِّفَاقِ. اَوِ الْبِدْعَةِ. اَوِ الضَّلَالَةِ. اَوِ الْمَعْصِيَةِ. اَوْ سُوْءِ الْاَدَبِ مَعَكَ. اَوْ مَعَ رَسُوْلِكَ. اَوْ اَنْبِيَآئِكَ. اَوْ اَوْلِيَآئِكَ مِنَ الْمَلَآئِكَةِ وَالْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَمَا خَصَّصْتَ بِهٖ بَيْنَ خَلْقِكَ فَقَدْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ بِجَمِيْعِ ذٰلِكَ فَامْنُنْ عَلَيَّ بِالَّذِيْ مَنَنْتَ بِهٖ عَلٰى اَوْلِيَآئِكَ فَاِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الْمَنَّانُ الْغَفُوْرُ الْكَرِيْمُ الرَّحِيْمُ۔

وَلَهٗ دُعَآءٌ اٰخَرُ قَدَّمْتُهٗ فِيْ كِتَابِنَا هٰذَا بَيْنَ صَلَوَاتِنَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَذٰلِكَ لِبَعْضِ الصَّالِحِيْنَ اَدْعِيَةٌ قَدَّمْتُهَا كُنَّا فِيْ اَوَّلِ بِدَايَتِنَا نَدْعُوْبِهَا. فَلَمَّآ اَنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْنَا بِمَا فَتَحَ وَمَا مَنَّ بِهٖ عَلَيْنَا مِنَ الصَّلَاةِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَصْنِيْفِهَا وَضَعْتُ تِلْكَ الْاَدْعِيَةَ لِنَتَبَرَّكَ بِهَا وَنَتَاَنَّسَ بِهِمْ لِكَيْلَا نَذْهَلَ عَنْهُمْ وَهُمْ مَا اَشَرْنَا اِلَيْهِمْ بِقَوْلِنَا قِفْ عَلٰى هٰذَا الدُّعَآءِ وَعِنْدَ تَمَامِهٖ نُشِيْرُ بِانْتَهٰى وَمَا بَقِيَ مِنَ الْاَدْعِيَةِ فَهُوَ مِمَّا فَتَحَ اللّٰهُ بِهٖ عَلَيْنَا وَهٰذَا مِمَّا تَوَسَّلْنَا بِهٖ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ اٰخِرِ كِتَابِنَا وَهٰذَا الدُّعَآءُ

اَلْهَمَنِیَ اللهُ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ اِلَیْهِ فَقُلْتُ "اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ عَلٰی نَبِیِّكَ لَا تُخْزِنَا بَیْنَ یَدَیْكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ عَلٰی رَسُوْلِكَ لَا تُحَشِّمْنَا بَیْنَ خَلْقِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ عَلٰی صَفِیِّكَ لَا تَفْضَحْنَا بَیْنَ عِبَادِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی نَجِیِّكَ لَا تَنْزَعْ عَنَّا سِتْرَكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی رَسُوْلِ رَحْمَتِكَ لَا تَطْرُدْنَا عَنْ بَابِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی خَاتَمِ اَنْبِیَآئِكَ لَا تَقْطَعْ رِجَآءَنَا مِنْكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی مَنْ كَمَّلْتَ بِهٖ رِسَالَتَكَ لَا تَحْرِمْنَا مِنْ كَرَامَتِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی خَطِیْبِ جَنَّتِكَ لَا تُدْحِضْ حُجَّتِیْ بَیْنَ یَدَیْكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی خِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ لَا تُشْمِتْ فِیْنَآ اَعْدَآءَكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی تَاجِ كَرَامَتِكَ لَا تَشْغَلْ قَلْبِیْ بِحُبِّ غَیْرِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی صَاحِبِ حَضْرَتِكَ لَا تَحْرِمْنَا مِنْ كَرَامَتِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی صَاحِبِ دِلَالَتِكَ لَا تَحْرِمْنَا مِنْ حَضْرَةِ اَوْلِیَآئِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی صَاحِبِ كِتَابِكَ لَا تُزَیِّنْ فِیْ قَلْبِیْ مَعْصِیَتَكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی نُوْرِ عِنَایَتِكَ لَا تُمَكِّنْ فِیْ قُلُوْبِنَا شَیَاطِیْنَكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَاةِ عَلٰی سِرَاجِ رَحْمَتِكَ لَا تَفْتِنَّا فِیْ بَشَرٍ مِّنْ خَلْقِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ مَنْ قَرَنْتَ اِسْمَهٗ مَعَ اسْمِكَ لَا تُعَذِّبْنَا بِنَارِكَ. اِلٰهِیْ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ عَلٰی سَیِّدِ اَهْلِ سَمٰوَاتِكَ وَ اَرْضِكَ لَا تُشْغِلْنَا بِاَحَدٍ مِّنْ اِنْسِكَ وَ جِنِّكَ. اِلٰهِیْ لَا حَوْلَ لِیْ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ اِلَّا بِكَ وَلَا قُوَّةَ لِیْ عَلٰی طَاعَتِكَ اِلَّا بِتَوْفِیْقِكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْمَسْجُوْنِیْنَ فِیْ سِجْنِ الْمُلُوْكِ یَتَوَجَّهُوْنَ بِذَوِی الْاَقْدَارِ وَ الْاَشْرَافِ عَلٰی خَلَاصِهِمْ وَ هُمْ تَوَجَّهْتُ اِلَیْكَ بِاَشْرَفِ خَلْقِكَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِیِّكَ وَ رَسُوْلِكَ وَ صَفِیِّكَ وَ نَجِیِّكَ وَ خِیَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ اَسْاَلُكَ اَنْ تُخَلِّصَنِیْ مِنْ هٰؤُلَآءِ الْجُنُوْدِ الْاَرْبَعَةِ الَّذِیْنَ لَا اَسْتَطِیْعُ دَفْعَهُمْ اِلَّا بِتَاْیِیْدٍ مِّنْكَ اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا بِحَقِّ هٰذَا الْكِتَابِ وَ مَا فِیْهِ مِنَ الصَّلَاةِ وَ السَّلَامِ عَلٰی نَبِیِّكَ اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تُجْلِیَ عَنِّیْ هَمِّیْ وَ غَمِّیْ وَ حُزْنِیْ بِحُرْمَةِ الدَّاعِیْنَ اِلَیْكَ اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تُعِزَّنَا بِعِزِّ طَاعَتِكَ وَلَا تُذِلَّنَا بِذُلِّ مَعْصِیَتِكَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ لِقَآئِكَ اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا بِمَا ذَكَرْتُ فِیْ هٰذَا الْكِتَابِ مِنَ الصَّلَاةِ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ حَبِیْبِنَا وَ وَسِیْلَتِنَآ اِلَیْكَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَهْلِ سَمٰوَاتِكَ وَ شَفِیْعِ الْخَلَآئِقِ یَوْمَ لِقَآئِكَ. اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تَنْفَعَ بِهٰذَا الْكِتَابِ نَاظِمَهٗ وَ كَاتِبَهٗ وَ قَارِئَهٗ وَ الْمُسْتَمِعَ اِلَیْهِ بِمَنِّكَ وَ كَرَمِكَ. اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تَنْفَعَ بِهٰذَا الْكِتَابِ نَاسِخَهٗ وَ مَا سِكَهٗ عَلٰی سَبِیْلِ مُحَبَّتِكَ وَ مَحَبَّةِ نَبِیِّكَ. وَ اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تَغْفِرَ ذُنُوْبَنَا وَ ارْحَمْ اٰبَآءَنَا فِیْ مَشِیْئَتِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ فِیْ سِجْنِ النَّفْسِ وَ الْهَوٰی وَ الشَّیْطَانِ وَ الدُّنْیَا وَقَدْ وُ اُمَّهَاتِنَا وَ اجْمَعْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَهُمْ عَلٰی بِسَاطِ قُدْسِكَ. اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تُفْتَحَ عَلَی الْجَمِیْعِ بِرُؤْیَةِ نَبِیِّكَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ وَ عَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَآئِكَ وَ رُسُلِكَ. اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا اَنْ تُنْجِزَ لَنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّكَ اَنَّ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ اَلْفًا زَاحَمَ كَتِفَهٗ فِیْ بَابِ جَنَّتِكَ. اَسْاَلُكَ یَا مَوْلَانَا بِمَقَالَتِهٖ اَقْرَبُكُمْ مِنِّیْ مَجْلِسًا یَّوْمَ الْقِیَامَةِ اَكْثَرُكُمْ عَلَیَّ صَلَاةً بَلِّغْنَا اَللّٰهُمَّ ذٰلِكَ.

اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا اَنْ تَجْعَلَنَا مِنْ جِيْرَانِهِ وَ قَرَابَتِهِ فِي الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلٰى مَعَ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَ اَصْفِيَآئِكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا كَمَآ اَلْهَمْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّيَ عَلٰى نَبِيِّكَ وَ اَنَّهَا مِفْتَاحُ جَنَّتِكَ فَاجْعَلْهَا اَللّٰهُمَّ مِفْتَاحًا اِلٰى مَرَاتِبِ اَوْلِيَآئِكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا بِحُرْمَةِ هٰذَا الْكِتَابِ وَ مَا فِيْهِ مِنْ اَسْمَآئِكَ وَ اَسْمَآءِ اَنْبِيَآئِكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا بِحَقِّ هٰذَا الْكِتَابِ وَ مَا فِيْهِ مِنَ الصَّلَاةِ عَلٰى حَبِيْبِكَ وَ التَّوَسُّلَاتِ اِلَيْكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا بِحَقِّ قَدْرِهٖ وَ مِقْدَارِهٖ عِنْدَكَ وَ بِجَاهِهٖ لَدَيْكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا بِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ اِلٰى كَآفَّةِ مَخْلُوْقَاتِكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا اَنْ تَفْتَحَ لِيْ بِالْاُنْسِ بِكَ وَ بِنَبِيِّكَ وَ بِاَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ وَ اجْنُبْنِيْ مِنْ عَامَّةِ خَلْقِكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا بِحَقِّ مَا دَعَوْتُكَ بِهٖ اَنْ تَغْفِرَ لِيْ مَا اِكْتَسَبْتُهٗ مِنْ جَمِيْعِ الْخَطَايَا بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ. اَسْاَلُكَ يَا مَوْلَانَا اَنْ تَتَفَضَّلَ عَلَيْنَا بِرَحْمَتِكَ وَ بِكَرَمِكَ بِاَدَآءِ مَا عَلَيْنَا مِنَ الْمَظَالِمِ وَ الْحُقُوْقِ لِخَلْقِكَ وَ اجْعَلِ اللّٰهُمَّ اَعْلٰى وَ اَزْكٰى وَ اَشْرَفَ صَلَوَاتِكَ وَ نَوَامِيْ بَرَكَاتِكَ عَلٰى مَنْ سَمَّيْتَهٗ حَبِيْبَكَ وَ ارْحَمِ اللّٰهُمَّ جَمِيْعَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ وَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَ الْاَمْوَاتِ وَ جَمِيْعَ مَنْ اَقَرَّ بِتَوْحِيْدِكَ وَ رِسَالَةِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا.

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

فضائلِ درُودوسلام

مصنف کتاب حضرت سیدی احمد بن ثابت المغربی رضی اللہ عنہ کے اقوال کی روشنی میں

تمام تعریفیں اس خدا کے لئے ہیں جس نے انسان کی ابتداء اپنی نعمت سے کی اور اس کی صورت ماں کے پیٹ کے اندر بنائی جس طرح اس کی حکمت نے چاہا۔ اس نے انسان کو کان اور آنکھیں عطا کیں۔ انسان کو پیٹ کے اندھیرے سے نکال کر زمین کی وسعت تک لے آیا اور انسان نے زمین کے اندر موجود روشنیوں کا مشاہدہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے احسان کے ساتھ اسکو پالا۔ اپنی نعمت کے ساتھ اسکو غذا مہیا کی اور انسان کو رزق عطا کیا۔ یہاں تک کہ اسکو پہنچا دیا جہاں تک وہ پہنچنے والا تھا۔ اور اسکو ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل کیا۔ یعنی صغر سنی سے بڑھاپے کی طرف اور جہالت سے علم و دانش کی طرف لے آیا۔ دن رات اس کی حفاظت کی یہاں تک کہ وہ حدِ بلوغت اور تعریف کے رتبے کو پہنچ گیا۔ اس وقت اللہ کریم نے اس سے عبادت کو طلب کیا۔ چاہے غلام ہو یا آزاد کوئی بھی مشیت الٰہی سے نہیں نکل سکتا۔ سب انسان ارادے کی تخصیص اور تقدیر کے جاری ہونے کے درمیان ہیں۔ پھر انسان میں سے ہر ایک کے دو گواہ منتخب کیے جو اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اور اس کے نامۂ اعمال کو لکھتے ہیں۔ انسان کی زبان سے کوئی کلمہ نہیں نکلتا مگر اس کے سامنے لکھنے والا فرشتہ موجود ہوتا ہے۔ جو دن اور رات کے وقت فرشتے اعمال کو لکھتے ہیں۔ ہم ہر حال میں اللہ کی تعریف کرتے ہیں جسکی تعریف تمام تعریف کرنے والوں سے بڑھ کر ہے (ہر چلنے والے جانور، رینگنے والے حشرات اور اڑنے والے پرندوں کی تعداد کے برابر) اور میں کثرت سے اس کا شکر کرتا ہوں جو مزید نعمتوں کو واجب کرتا ہے اور نیک لوگوں کے ساتھ ملایا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں نہ اسکا کوئی وزیر ہے اور نہ اسکا کوئی مصاحب۔ وہ ایک ہے۔ ہر چیز پر غالب ہے۔ اسی گواہی پر ہم زندہ ہیں۔ اسی پر ہم مریں گے اور اسی گواہی پر روزِ جزا کو اٹھائے جائیں گے۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے آقا و مولا حضور ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ دین حنیف کو وضع کرنے والے اور کافروں کے مذہب کو مٹانے والے ہیں۔ اللہ کریم ہزاروں مرتبہ جس چیز پر رات ڈھلتی ہے اور دن طلوع ہوتا ہے کی تعداد کے برابر حضور ﷺ پر آپ کے صحابہ کرام اور اہل بیت اطہار پر رحمتوں کا نزول فرمائے۔

میں نے حضور ﷺ پر درود پاک لکھنے کا ارادہ کیا۔ اے ہر وہ آدمی جو اس میں غور و فکر کرنے میں اور میری اس کتاب کے معانی میں تاویل کا قصد کرتا ہے۔ میری اس کتاب کا نام "**کتاب التفکر والاعتبار فی فضل الصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد النبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**" ہے۔ اے وہ ہر آدمی جو اس کتاب میں تاویل کا احتمال پاتا ہے اور رازوں میں کامیابی کا ارادہ رکھتا ہے تو اس کو اپنی جگہ چھوڑ دے اور اللہ کریم رحم فرمائے اس بندے پر جس نے میرے لفظوں کی تاویل کی۔ یہاں تک کہ اس نے تاویل کی وسعت نہ پائی تو اس نے بغیر اعتراض اور انکار کے اس کو صحیح قرار دیا۔ اللہ کریم اس کو میری طرف سے ایسے دوست کی صورت میں افضل جزاء عطا فرمائے جس طرح اہل حق اور اہل معرفت کو صاحب بصیرت لوگوں کی طرف سے دی جاتی ہے اور جس نے اس چیز کو پختہ کیا۔ جس کو میں نے ابھی ذکر کیا ہے تو اس نے جو اصلاح کی ہے اس کے اجر میں قیامت تک میرا شریک ہوگا۔ یہ اس شخص کے لیے ممکن ہے جو علم تصوف اور علم کلام کا جاننے والا ہو۔ ورنہ دھوکا کھانے سے بچو۔ اللہ کریم رحم فرمائے اس شخص پر جس نے درود پاک کو مخلوق میں پھیلایا اور اس کو ممالک اور لوگوں کے اندر نشر کیا اور اسکو فکروں کے اندر منتقل کیا۔ اللہ کریم رحم فرمائے اس شخص پر جو اللہ اور حضور ﷺ

پر درود پاک پڑھنے کے متعلق حسن ظن رکھنے والا ہو۔ اور حسن ظن ہی کے ساتھ نیک لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

اللہ کریم کے کچھ ایسے بندے ہیں جن سے الفاظ کے معانی قبول ہوتے ہیں۔ حروف کے اوزان نہیں حضور ﷺ کی حدیث طیبہ کی دلیل کے ساتھ کہ آقائے نامدار ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ کریم تمہاری صورتوں کی طرف نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے دلوں کی طرف دیکھتا ہے۔ آثار صحیحہ کے ساتھ یہ حدیث صحیح منقول ہے۔ میں اللہ کریم سے حضور ﷺ کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں کہ وہ اس صاحب کتاب کو شیطان سے اور فاجر لوگوں کے مکر وفریب سے محفوظ کرے۔ اللہ کریم رحم فرمائے اس شخص پر جو اس کے اندر مشغول ہوا اور اس پر عمل کیا اور اس کا حکم دیا۔ اللہ کریم اس کی روح کو مقدس لوگوں کے ساتھ ملائے۔ اور درود پاک پڑھنے اور اس کو نقل کرنے والے کو حضور ﷺ کی ضمانت سے نفع عطا فرمائے۔ اللہ کی عزت کی قسم اس کتاب کے قاری اور حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے والے کے لیے ضمانت ہے کہ اس کی موت اچھے خاتمے پر ہوگی اور وہ آگ کے عذاب سے محفوظ ہوگا۔ اے وہ آدمی جو دنیا وآخرت کی بھلائی کا ارادہ رکھتا ہے۔ تیرے اوپر اس درود پاک کا پڑھنا ضروری ہے۔ اسمیں مال، اہل وعیال اور گھر کی حفاظت ہے۔ اس میں اغنیاء کے مال ومتاع کی حفاظت، کسان اور تاجروں کے لیے باعث برکت ہے۔ اسی کے ذریعے اللہ کریم نے میرے اوپر ہر خیر کے دروازے کھول دیے ہیں۔ اور مجھ سے غم واندوہ اور حزن وملال اور غلاظت کو دور کیا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور اس کا شکر ہے اور ہر بھلائی کی زیادتی کی امید رکھتا ہوں جو اس غالب ذات نے مجھے عطا کی ہے۔

اللہ کریم اگر تو اپنی عطا کو بندوں میں تقسیم کرے تو میری قسمت حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کو بنا دے۔ اے اللہ کریم اس کتاب کے قاری کے لیے اور میرے لیے دنیا وآخرت میں اپنے نبی ﷺ کے دیدار کے دروازے کھول دے۔ اللہ کی رضا کی خاطر میرے دوست احباب یہ میری تمہارے لیے نصیحت ہے جو تم کو دھوکہ دینے والے شیطان سے نجات دے گی۔ اے میرے دینی بھائیو اور امت سیدنا محمد ﷺ! میں تمہیں تحفہ دیتا ہوں جو اللہ کریم نے حضور ﷺ کے دیدار میں سے مجھے اس درود پاک پڑھنے والے کے لیے عطا کیا ہے۔

اے وہ آدمی جو اعمال صالحہ کو جمع کرتا ہے اس کے لیے یہ لافانی نعمت ہے اور نہ ختم ہونے والی وراثت ہے۔ اس درود پاک کے پڑھنے کو لازم کرے تو تُو اللہ کی رضا پالے گا۔ پھر امت کے شفیع حضور ﷺ پر قیامت کے دن تک درود وسلام ہو۔ اور امت کو آگ کے عذاب سے نجات دینے والی ہستی پر ہدیۂ درود وسلام ہو۔ اور اللہ کریم خلفائے راشدین پر راضی ہو۔ پھر آپ ﷺ کے مقدس ومطہر اور منور نواسوں حضرت امام حسن وحسین پر راضی ہو۔ پھر عشرہ مبشرہ میں سے باقی چھ صحابہ کرام پر راضی ہو۔ اس کے بعد سارے مہاجرین وانصار صحابہ کرام، آپ ﷺ کے اہل بیت، آپ کی اولاد، آپ کے سسرال، آپ کے متبعین اور آپ سے محبت کرنے والے نیکوکار صالحین پر راضی ہو۔ پھر مشرق ومغرب اور شمال وجنوب میں جتنے اہل اللہ ہیں اللہ کریم ان پر راضی ہو۔ پھر تمام صالحین میں بڑے اور چھوٹے مذکر ومؤنث اور مردہ وزندہ، آزاد اور غلام تمام پر راضی ہو۔

اللہ کریم میری اور میرے والدین، تمہاری اور تمہارے والدین کی مغفرت فرمائے اور تمام کو دوزخ کے عذاب سے نجات دے۔

اب اس چیز کو شروع کرنے کا وقت آگیا ہے۔ جس کا میں نے خطبہ کی ابتداء میں قصد اور وعدہ کیا تھا اور اللہ ہی بہتر مددگار ہے۔

اب میں ذکر کروں گا ان بعض چیزوں کو جو میں نے حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کی فضیلت کے متعلق دیکھی ہیں اور ذکر کروں گا ان چیزوں کو جن کا انکشاف اللہ کریم نے میرے اوپر کیا ہے اور اس کتاب کے لکھنے کا سبب بھی ذکر کروں گا۔ میں نے اس کتاب کا نام

"کتاب التفکر والاعتبار فی فضل الصلوۃ علی سیدنا النبی المختار صلی اللہ علیہ والہ

وسلم ''رکھا ہے۔اگر آپ چاہیں تو اس کو(**فاتح الأسرار و مشرق الأنوار و مفجي الهموم والأغيار**) بھی کہہ سکتے ہیں۔(اس کے بعد گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے اور اطاعت کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کریم کی توفیق سے)

میں اللہ کریم سے مغفرت طلب کرتا ہوں ان خطاؤں اور لغزشوں پر جن کا ارتکاب ہم سے ہوا۔اور جس چیز کی طرف شیطان لعین نے ہمیں دعوت دی۔ایسی استغفار جس کو ہم اللہ کریم کے فضل عظیم سے گناہوں کا کفارہ پائیں گے۔میں ابتدائے زندگی میں تونس کی سرزمین کے اندر رہا، میں سیدی محمد المليائی کے پاس آیا کرتا تھا۔جن سے میں حروف کی پیچیدگیاں ،بسط وتکسیر اور طبیعتوں کی معرفت کے متعلق سیکھتا تھا۔پھر میں کچھ عرصے کے لیے ان سے جدا ہو گیا۔پھر اللہ کریم نے میرے مربی ،میری امید اور اللہ کی بارگاہ میں میرے وسیلہ شیخ محمد المہابلی کی معرفت کی صورت میں میرے اوپر احسان فرمایا۔میں نے ان سے سابقہ علوم کی تحصیل کا ارادہ کیا۔میں نے اپنے شیخ سے عرض کی کہ میں حروف کے اسرار کی معرفت کو پسند کرتا ہوں۔وہ کہنے لگے کسر اور جدول کے مجرد اسماء کی معرفت کو لازم پکڑ کیونکہ صاحب تکسیر طالع کا محتاج ہوتا ہے۔اگر وہ اپنے مقصد کو حاصل بھی کر لے تو جب بھی اس سے اس کی کوئی شرط ضائع ہو گی تو اس سے اس علم کے سلب ہونے کا خوف رہے گا۔مجرد اسماء کو ان کا شمار کرنا اور ان کے طبائع کی معرفت ہی تیرے لیے لازمی ہے۔اور وہ میری طرف ایسی شفقت اور مہربانی کے ساتھ آئے جیسے ایک باپ اپنے بیٹے کی طرف آتا ہے۔انہوں نے مجھے اپنے والدین کی محبت بھلا دی ،انہوں نے مجھے اپنے راز سے مطلع کیا اور جس چیز کی طرف عالم روحانی مائل ہوتا ہے۔اسماء کی معرفت اور بعض اَذکار پر میرے دوسرے بھائیوں کے علاوہ مجھے آگاہ کیا۔وہ ہر گھڑی میری جستجو میں رہتے تھے اور دن کی کسی گھڑی میں بھی وہ مجھ سے غافل نہ رہتے تھے۔وہ مجھ سے پوچھتے کہ تم اپنے نفس اور دل کو کیسے پا رہے ہو اور لوگوں کی محبت کو اپنے دل میں کتنا پا رہے ہو۔پھر میں انہیں خبر دیتا جو کچھ اپنے نفس ،دل اور جسم کے اندر کمی اور زیادتی کو پاتا۔پھر وہ مجھ سے مخلوق کی محبت کے متعلق پوچھتے میں ان سے عرض کرتا کہ میں ان کو اور ان کے ساتھ بیٹھنے اور گفتگو کرنے کو پسند کرتا ہوں۔وہ مجھے کہتے تھے کہ تم جھوٹ سے بچو اور مجھے اس چیز کی خبر نہ دو جو اپنے نفس کے اندر نہیں پاتے۔جس کے سبب تمہاری عمارت بغیر بنیاد کے ہو جائے۔جب انہوں نے میرے ایک حال سے دوسرے حال میں منتقل ہونے پر اور میرے معاملے کے نتیجے پر مجھے آگاہ کیا تو کوئی سوال باقی نہ رہا سوائے اس کے کہ وہ لوگوں کی محبت کے متعلق مجھ سے سوال کریں۔میں نے ان سے کہا کہ اے میرے شیخ مجھے خلوت کا حکم دیں۔تو مجھے کہنے لگے کہ تو خلوت کا راستہ کیسے پائے گا حالانکہ تیرا دل لوگوں کے ساتھ محبت کرنے اور ان کے ساتھ بیٹھنے کی طرف مائل ہے۔

خلوت کی تین قسمیں ہیں: دل کی خلوت بغیر جوارح کے، جوارح کے ساتھ خلوت بغیر دل کے اور دل اور جوارح دونوں کی خلوت۔پس جو دل کی جوارح کے بغیر خلوت ہے وہ اللہ کے علاوہ ہر چیز سے جدا ہو کر صرف اللہ کی طرف دل کا مائل ہونا ہے۔پھر دل ذکر میں ہے یا خلوت میں۔پس جو خلوت جوارح کے ساتھ بغیر دل کے ہے۔اور وہ آدمی کا مخلوق سے منفرد اور جدا ہونا ہے۔لیکن دل کا ان کی طرف ارسال ہے۔اور ایسی خلوت صحیح نہیں ہے۔جبکہ دل اور جوارح کے ساتھ خلوت سب سے افضل ہے اور دل کا اللہ رب العزت کی طرف مائل ہونا اور جوارح کا مخلوق سے جدا ہونا ہے۔پس یہ وہ خلوت ہے جو دل اور جوارح کے ساتھ ہوتی ہے۔میں نے اپنے شیخ سے عرض کی کہ آپ اللہ کریم سے دعا کریں کہ وہ میرے دل کو اللہ کے علاوہ ہر چیز سے پھیر دے تو وہ کہنے لگے باقی رہنے والی محبت کو فانی محبت کے بغیر لازم کر لے۔اللہ کی محبت باقی رہنے والی اور مخلوق کی محبت فنا ہونے والی ہے۔میں ان کے ہاں نہیں ٹھہرا حتیٰ کہ میرا دل سوائے خاص لوگوں کے تمام کی محبت سے خالی ہو گیا۔پھر انہوں نے کچھ دنوں کے بعد مجھ سے پوچھا تو انہوں نے مجھے اسی حال میں پایا کہ میرا دل تمام لوگوں کی محبت سے خالی ہو چکا تھا۔میرے دل میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کے علاوہ کچھ بھی باقی نہ رہا۔

جب بھی وہ مجھ سے لوگوں کے متعلق پوچھتے تو لوگوں سے میری دوری میں اضافہ ہوتا گیا۔ میرے اوپر تین دن نہیں گزرے تھے کہ میں نے ان کی طرف رجوع کیا اوران سے خلوت کو طلب کیا تو وہ کہنے لگے کہ تم چالیس دن خلوت پر قدرت رکھ سکتے ہو۔ تو میں نے کہا کہ ہاں پھر وہ میرے متعلق خاموش ہو گئے۔ کچھ دنوں کے بعد پھر میں نے ان سے خلوت کے متعلق سوال کیا تو وہ کہنے لگے کہ ساٹھ دن خلوت میں گزار سکتے ہو۔ تو میں نے کہا میں خلوت میں تین ماہ تک رہ سکتا ہوں۔ پس وہ خاموش ہو گئے اور میرے دل میں خلوت کی محبت اور زیادہ ہو گئی۔ میں نے کہا اے میرے شیخ آپ مجھے خلوت کا حکم دیں میں سال تک اس کو لازم پکڑوں گا۔ پھر وہ میرے بارے میں خاموش ہو گئے۔ پس میرے دل میں اللہ عزوجل کی محبت خلوت میں میری تنہائی کے ساتھ مشتعل ہوگئی اور زمین کے اندر جو کچھ تھا اس کو ناپسند کرنے لگا۔ میری ناپسندیدگی اتنی قوی ہوگئی کہ میں اپنے شیخ کو بھی ناپسند کرنے لگا اور میرے نفس کے اندر یہ بات کھٹکنے لگی کہ میں اپنے نفس کے ہمراہ رب غفور کی طرف بھاگ جاؤں۔ میں نے اپنے شیخ سے کہا کہ اللہ آپ کو ہمیشہ بھلائی کے ساتھ زندہ رکھے اور میں نے عزم کرلیا کہ جب تک زندگی باقی ہے کسی آبادی میں نہیں رہوں گا۔ جو کچھ میرے ساتھ ہوا میں نے اس کی خبر اپنے شیخ کو دے دی۔ تو وہ کہنے لگے کہ اب تُو خلوت کے اہل ہے۔ مجھے اسکا حکم دیا اور مجھے خلوت میں داخل کر دیا۔ اور مجھے آگاہ کر دیا۔ جو کچھ میرے لیے وارد ہوگا اور جو میری طرف مائل ہوگا اور جو چیز میرے لیے ظاہر ہوگی۔ اور مجھے اس چیز سے منع کر دیا جسکو لوگ میرے لیے لائیں گے۔ اور جو بھی خلوت میں دنیوی امور کی طرف بلائے گا اس کی بات قبول کرنے سے روک دیا۔ اور مجھ سے کہا کہ دھوکے سے بچو اوران چیزوں کے بارے میں جو لوگ تمہارے پاس فتنے کی طرف دعوت دینے والی چیزیں لائیں گے۔ پس میں پہلی خلوت کے اندر داخل ہو گیا۔ اس کے اندر تین مہینے ٹھہرا رہا اور پھر اس سے نکل آیا۔ پس میں نے دل کے حکم کو پہچان لیا۔

دوسری مرتبہ سمندر کے کنارے اپنے شیخ علی المکی کے ہاں غار ملح کے اندر خلوت نشین ہوا۔ اسی خلوت کے اندر تین ماہ رہا۔ جب میں خلوت نشین ہوا اور کچھ دن وہاں ٹھہرا رہا تو ایک دن میرے دل میں یہ خیال آیا کہ میں اپنے نام کے حروف تختی پر لکھوں، ان کو توڑوں۔ پھر ان حروف سے وہ اسماء بناؤں جو مجھے یاد ہیں۔ پس میں نے ایسا کیا جو میرے دل کے اندر وارد ہوا تھا۔ میں نے اپنے نام سے مختلف اسماء بنائے۔ ان میں سے جو میری شایان شان تھے ان کو لے لیا اور باقی چھوڑ دیے اوران کے عدد شمار کیے۔ میں نے ان کو یاد کرنا شروع کیا اور صبح کی نماز سے لیکر چاشت تک ان کو یاد کرتا رہا۔ پس اسی اثناء میں ایک شخص میرے پاس آیا اور مجھے کہنے لگا تو نے کہاں سے ان کو شمار کرنا شروع کیا ہے تو میں نے اس کو اس خیال کے متعلق بتایا جو میرے دل کے اندر وارد ہوا تھا۔ وہ مجھ سے کہنے لگا اس کے عدد کتنے ہیں۔ تو میں نے اس سے کہا کہ اسکے اتنے عدد ہیں تو اس نے کہا کہ تو نے کون سے اعداد کے ذریعے ان کو ملایا ہے۔ تو میں نے اسے کہا کہ جزر کبیر کے حساب سے میں نے اس کو ملایا ہے۔ تو وہ کہنے لگا کہ اسے کیا کہا جاتا ہے تو میں نے اسے کہا کہ اسے حروف اَبجد کہتے ہیں۔ اس نے مجھے کہا اس سے بڑا عدد بھی ہے۔ میں نے اس شخص سے کہا کہ اسے کیا کہا جاتا ہے تو وہ کہنے لگا کہ اسے کتاب **تحفة الورد فی معرفة اسماء الفرد الصمد** کے اندر دیکھو۔ میں نے کہا کہ اللہ تمہارے اوپر رحم فرمائے۔ تم مجھے ایسا قاعدہ دو جس کے ساتھ میں اس حساب پر استدلال کروں۔ وہ مجھے کہنے لگے اللہ کریم کے اسماء کے کتنے عدد ہیں۔ میں نے کہا ننانوے اسماء ہیں۔ وہ مجھے کہنے لگے کہ حروف ابجد کے کتنے مراتب ہیں۔ میں نے ان سے کہا چار مراتب ہیں۔ وہ کہنے لگا وہ کونسے ہیں۔ میں نے کہا وہ اکائیاں، دہائیاں، سینکڑے اور ہزار ہیں۔ وہ کہنے لگا اس اسم اعظم کو ان چار مراتب پر رکھو پھر ان اعداد یعنی اکائیاں، دہائیاں، سینکڑے اور ہزار کے اعداد کو دوگنا کرو تو تیرے لیے اللہ کے نام کا عدد اس حساب سے ظاہر ہو جائے گا۔ یہ اعداد کی انتہا اور اسماء کے یاد کرنے کا اختتام تھا۔ ان کے اسماء کو یاد کرنے کے اختتام پر ایک شخص تیرے پاس

آ ئے گا۔ اس نے مجھ سے رخ پھیر لیا اور مجھے اپنے حال پر چھوڑ دیا۔ میں اسماء معلومہ کو یاد کرنے لگا۔ جب میں نے عصر کی نماز پڑھ لی تو ایک شخص میرے پاس آیا اس کے ہاتھ میں اوراق والی کتاب تھی۔ اس نے مجھے دے دی۔ جب میں نے اس کا پہلا ورق الٹا تو اس کے اندر علم جابر تھا پھر دوسرا ورق الٹا تو اس کے اندر بھی علم جابر ہی تھا پھر تیسرا اور چوتھا ورق الٹا یہاں تک کہ میں ایک کے بعد دوسرا الٹتا رہا یہاں تک کہ نصف کتاب کو دیکھ لیا اور اس کے اندر علم جابر ہی پایا۔ میں نے اس سے کہا کہ کیا تیرے پاس اس سے مختلف نصائح میں سے کوئی چیز ہے۔ میں نے اپنی اس بات سے اُمور آخرت کی طرف لے جانے اور دنیا کے ترک کرنے والی چیز کا قصد کیا۔ کیونکہ میرے شیخ ﷺ مجھے دنیا سے دھوکا کھانے اور لوگوں کی طرف سے دنیوی اُمور کی طرف لے جانے والی اشیاء سے منع کرتے تھے۔ اس نے مجھے کہا کہ میرے پاس ایسی کتاب نہیں ہے تو میں نے کہا کہ تو اپنی یہ کتاب لے جا اور اپنے ہاتھ سے وہ کتاب پھینک دی۔ اور وہ آدمی چلا گیا۔ میں ایک گھڑی ٹھہرا تھا کہ ایک دوسرا شخص میرے پاس آیا اور اس کے ہاتھ میں قالب نمانی کے متعلق کتاب تھی۔ اس نے اس کتاب کا ایک ورقہ مجھے دیا۔ اس کے اندر **بسم الله الرحمن الرحيم صلى الله على سيدنا محمد و على اله وصحبه وسلم تسليما** لکھا تھا۔

(فصل) اس کے اندر یہ دعا **لا الـه الا الله** لکھی ہوئی تھی۔ میں نے اس کو پڑھا۔ پس یہ ذات، صفات اور اَفعال پر منقسم تھی۔

جب میں اس دعا کے پڑھنے اور یاد کرنے سے فارغ ہو گیا تو اس کی تشریح کی ابتداء کی۔ پس یہ دو ہزار دو سو مسائل پر مشتمل تھی۔ ان میں سے بیاسی مسائل ظاہری امور کے متعلق تھے۔ ان کی جدول اور کیفیت استعمال عنقریب آئے گی۔ پھر میں نے سیدی احمد بن موسیٰ کو پایا جو خلوت میں ہمارے لیے پانی بھرتے تھے۔ وہ نیک آدمی تھے۔ جو سیدی شیخ علی المکی کی قبر کے پاس رہتے تھے۔ جب انہوں نے دروازہ کھٹکھٹایا تو میں نے خلوت کے دروازے پر تھوڑی سی گفتگو کی تو اس شخص نے شرح کی تکمیل سے پہلے ہی کتاب کو میرے ہاتھ سے لے لیا۔ میں جدول کو نہ جان سکا اور نہ ہی خلوت کی صفت کو پہچان سکا۔ میرا دل اسی دعا کے ساتھ اڑ گیا اور میرا دل اس آدمی پر متغیر ہو گیا۔ کہ وہ اس گھڑی کے اندر میرے پاس آیا اور اس دعا کے راز کو مجھ سے روک لیا۔ میں غمگین ہو گیا۔ بسبب اس کے کہ میں اس دعا کے راز کو نہ جان سکا۔ وہ ایسی دعا نہ تھی جو لوگوں کے ہاں مقبول ہوتی ہے۔ میں اس رات اور دن غمگین رہا۔ یہاں تک کہ دوسرے دن بھی اس معاملے کے اندر حیرانگی کی حالت میں سوچتا رہا اذکار میں سے کوئی بھی ذکر نہ کر سکا۔ میں اپنے حال کے اندر پریشان تھا کہ اس دعا کی معرفت کا حصول مجھ سے فوت ہو گیا تھا۔ جب وہ وقت ہوا جس وقت وہ شخص میرے پاس آیا تھا تو ایک دوسرا شخص میرے پاس آیا اور مجھے کہنے لگا میں تجھے اپنے حال میں پریشان دیکھ رہا ہوں۔ اس چیز پر جو تجھ سے فوت ہو چکی ہے۔ میں نے اس سے کہا اے اللہ کے بندے میں خلوت کے رازوں کے اندر مشغول تھا۔ میرے پاس ایک آدمی آیا جس کے ہاتھ میں یہ کتاب تھی۔ اور اس پر **لا الـه الا الـلّه** کا کلمہ لکھا تھا۔ اس کا بہت بڑا راز تھا۔ اس کے اور میرے درمیان ایک سبب حائل ہو گیا یعنی اس آدمی کا امر جو ہمارے لیے پانی بھرتا تھا۔ وہ کہنے لگا میں تجھے نصیحت کرتا ہوں۔ اگر تو میری نصیحت کو قبول کر لے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ وہ کہنے لگا کہ نیک باقیات کو لازم پکڑ لو۔ اور حضور ﷺ پر درود پاک پڑھو۔ اور وہ حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے متعلق مجھے وصیت کرنے لگا۔ اور جو احادیث حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے متعلق وارد ہوئی ہیں۔ وہ میرے سامنے بیان کرنے لگا۔ اور درود پاک کی طرف مجھے شوق دلانے لگا۔ یہاں تک کہ اس نے میرے دل کو درود پاک کی محبت سے بھر دیا۔ میں اس دعا اور سارے اذکار کو بھول گیا۔ بسبب اس کے کہ حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے متعلق جو نور اور خوشی میرے اندر داخل ہوئی یہ اس شخص کے سبب سے تھا۔ اللہ اس شخص کو جزائے خیر دے اور اسکے ساتھ احسان فرمائے۔ وہ شخص مجھ سے جدا نہیں ہوا تھا کہ اللہ نے میرے دل کو نور اور مسرت سے بھر دیا تھا۔ اور میں نے عزم کر لیا کہ حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے علاوہ کوئی ذکر نہیں کروں گا۔ پھر وہ آدمی چلا گیا اور مجھے

خوش وخرم چھوڑ گیا۔ جو کچھ میں نے حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کی فضیلت کے متعلق اجرِ عظیم اور خیر کثیر اور نور مبین میں سے سُنا۔ یہ تمام اعمال اور عبادات میں سے افضل ترین ہے۔ جس طرح آیات کریمہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب زمین وآسمان کے پروردگار نے خود حضور ﷺ پر درود بھیجا اور اپنے فرشتوں سے حضور ﷺ کی ثناء کرائی۔ اور جن وانس میں تمام مومنین کو اسکا حکم دیا۔ اور اللہ کریم نے قرآن کے اندر ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے حضور ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی حضور ﷺ پر درود وسلام بھیجو۔ یہ دلیل ہے کہ حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنا افضل عبادت ہے۔ میں زمین وآسمان اور جنت ودوزخ کی تخلیق کے متعلق سوچنے لگا۔ رات اور دن کا ایک دوسرے کے پیچھے آنا، سالوں، زمانوں، دنوں اور مہینوں کے گزرنے، تمام مخلوقات کی قسموں کے بدلنے اور ان کے مأ زور ومأ جور کے موجود ہونے، خشکی اور تری کے جانوروں اور پرندوں کے بدلنے کے اندر غور وفکر کرنے لگا۔ نباتات اور ان کے موسموں کے بدلنے، درختوں اور ان کے پتوں، کلیوں اور ان کی خوشبوؤں کے بدلنے، پھلوں اور ان کے ذائقے کے بدلنے، حیوانات اور ان کی انواع کے بدلنے، آسمان کے اندر موجود چمکدار ستاروں، سورج چانداور بارش برسانے والے بادلوں، بجلی کے چمکنے اور کڑکنے، عالم حیوانات وجمادات کے بدلنے، اولادِ آدم اور ان کی زبانوں کے مختلف ہونے کے متعلق سوچنے لگا۔

میرے دل کے اندر خیال آیا کہ میں حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے متعلق کتاب لکھوں تمام مخلوقات کی اُنواع کے برابر جو میری عقل نے غور وفکر سے حاصل کیا۔ اس تعداد کے برابر جن کے اندر میں نے غور وفکر کیا۔ تاکہ حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے اور غور وفکر کرنے کی فضیلت میرے لیے صحیح ہو جائے۔ جیسا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ایک گھڑی غور وفکر کرنا سال کی عبادت سے افضل ہے۔ میں نے اس کتاب کا نام **كتاب التفكر والاعتبار فى فضل الصلوة على سيدنا النبى المختار صلى الله عليه واله وسلم** لکھا ہے۔ میں اس فضل عظیم پر اور اللہ نے میرے اوپر جو الہام کیا اور ایسا کام کرنے کی مجھے توفیق بخشی۔ ان پر اللہ کی حمد بیان کرتا ہوں۔ اللہ کریم نے اپنی رہنمائی کے ساتھ میری عقل وفہم کو وسعت دی اور میری عقل نے جتنی انواع اور تعداد کو پایا ان کے مطابق میں نے حضور ﷺ پر درود پاک کے متعلق کتاب لکھ دی۔ اور قاری کی آسانی کے لیے میں نے اس کتاب کی ابواب بندی کی اور ہر باب کی ابتداء میں حضور ﷺ کی حمد اور عظمت کو بیان کیا۔ اور جو چیز میرے دل میں کھٹکی اس کے اندر غور وفکر کیا اور نباتات، ریت اور پتھروں میں سے جس پر نگاہ پڑی اس کو شمار کیا۔ اور اس کا آخری باب دعا اور وسیلہ ہے کیونکہ دو دُرودوں کے درمیان جو دعا ہوتی وہ قبول ہوتی ہے مردود نہیں ہوتی

میں نے ہر باب کی ابتداء میں اللہ کریم کی حمد، بزرگی اور توحید کو بیان کیا اور ہر موجود سے اس کا مبرا ہونا، حرکت اور جمود سے منزہ ہونا، والد اور اولاد، اٹھنے اور بیٹھنے سے پاک ہونا اسی کی شان ہے۔ وہ پاک ہے۔ ہر موجود مفقود کے بعد وہ باقی رہنے والا ہے۔ جب میں نے نفس کا مشاہدہ کیا کہ وہ عبادت کی کسی قسم پر ہمیشگی اختیار کرتا ہے تو وہ اس پر بوجھ بن جاتا ہے۔ اور وہ اس کا احتمال نہیں رکھتا اگر رکھتا ہے تو وہ بھی لمبے عرصے سے عاجز آجاتا ہے اور عبادت کے فنون میں سے ورد ہے۔ جو نفس ایک مقدار کے ساتھ اسکا احتمال رکھتا اور اس سے چست ہوتا ہے لیکن جب حضور ﷺ پر درود پاک کے متعلق دیکھا جو لازمی ہونے کے ساتھ نفسوں پر بھاری ہوتا ہے تو میں نے اس کے ابواب بنائے۔ ہر باب قافیہ میں دوسرے کے مشابہ نہیں ہے۔ میں نے اس کو دیکھا کہ وہ نفس کو راحت پہنچانے والا ہے۔ کیونکہ نفس اَمّارہ اعمال صالحہ سے روک دیتا ہے۔ اور بھلائی سے عاجز کر دیتا ہے۔ مگر جس کی محاسبہ کے کوڑے سے اللہ کریم مدد فرما دے۔ جب میرے دل کے اندر اٹھنے والا امر مکمل ہو گیا تو میں نے حضور ﷺ پر درود پاک کے متعلق لکھنا شروع کر دیا۔ حضور ﷺ پر درود پاک کے متعلق میرے لکھنے اور درود پاک کے اس کتاب میں جمع کرنے کا یہ سبب تھا۔ تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ اور درود ہو

حضور ﷺ کی ذات پر جو خاتم النبیین اور امام المرسلین ہیں۔اور تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔

حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کی فضیلت جو میرے اوپر منکشف ہوئی اسکو اب ذکر کرتا ہوں۔اے میرے احباب اس فضلِ عظیم کے حصول کو بعید نہ سمجھو۔اثر سے محروم یقین میں کمزور اور کم ہمت اور کم نیت اور حضور ﷺ پر درود میں محبت نہ رکھنے والا ہی اس فضلِ عظیم سے دور ہوتا ہے۔پس جسکی سرشت میں نیت کی کمی اور حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے میں محبت نہ ہو وہی اس فضل سے بعید رہتا ہے۔جس فضلِ عظیم کو میں نے یہاں ذکر کیا ہے حالانکہ رب کریم اپنے بندوں کو ان کی نیتوں کے مطابق ہی جزا دیتا ہے۔جس طرح حضور ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے کہ تم میں سے کوئی نیت سے وہ چیز حاصل کر سکتا ہے جو عمل سے نہیں حاصل کر سکتا۔اور میں نے اپنی حسنِ نیت اور حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے میں شدید محبت کے ساتھ ہی اس کتاب کو حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے عنوان کے ساتھ تصنیف کیا ہے۔جسکی میں نے لاتناہی فضیلتیں اور بشارتیں دیکھی ہیں۔اور اللہ سے امید کرتا ہوں کہ مجھے منزلِ مقصود تک پہنچائے اور میری نیت کو خالص بنائے۔اور وہ چیز عطا فرمائے جس کا رسول کریم ﷺ نے میرے ساتھ وعدہ فرمایا ہے۔سب سے پہلے جو بشارت مجھے دی گئی۔جس دن اس کتاب کو میں نے شروع کیا اپنے شیخ علی المکی کے پاس جو کہ غار ملح میں مدفون ہیں۔میں نے اس کتاب کے دو باب مرتب کئے جب کہ میں تنہائی میں تھا۔پھر میرے پاس احمد بن ابراھیم حیدری آئے جو کہ میرے پیر بھائی ہیں۔ہم شیخ علی المکی کی قبر پر شیخ احمد بن موسیٰ کے ہمراہ اکٹھے ہوئے۔پس عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد ہر ایک نے اپنا اپنا وظیفہ مکمل کیا۔اور بستر پر آرام کیلئے لیٹ گیا۔میرے سب دوست سو گئے اور میں حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے کے متعلق سوچتا رہا رات کا تیسرا حصہ گزرنے کے بعد شیخ احمد بن ابراھیم بیدار ہوئے۔وضو کیا اور نماز ادا کی جتنی اللہ نے توفیق عطا فرمائی۔اور قرآن پاک کی تلاوت کے بعد دعا کی۔پھر ہلکی نیند سو گئے۔اور میں حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے کے صیغے لکھنے میں مشغول رہا۔پھر شیخ احمد بن ابراھیم بیدار ہوئے۔کہنے لگے کہ اے میرے بھائی میرے لیے ایسی دعا کرو جس سے اللہ کریم مجھے نفع دے۔پس میں نے ان سے کہا کہ میرے حال میں سے کیا چیز منکشف ہوئی کہ میں تیرے لیے دعا کروں۔وہ مجھے کہنے لگے کہ میں نے خواب میں ایک جدا ہونے والے کو دیکھا ہے جو کہہ رہا تھا کہ جو حضور ﷺ کو دیکھنے کا ارادہ رکھتا ہے تو وہ میرے ساتھ چلے۔میں نے اپنا ہاتھ تیرے ہاتھ میں دیا اور اس چلنے والے کے ساتھ ہم نے بھی چلنا شروع کیا۔پس ایک گھر تک پہنچے اس کا دروازہ بند پایا۔وہاں پر تمام کھڑے لوگ دروازہ کھلنے کا انتظار کر رہے تھے۔میں دروازہ کھولنے کیلئے گیا لیکن میرے لیے نہ کھلا اور تو نے مجھ سے کہا کہ اے مسکین پیچھے ہٹو۔پس تم آگے بڑھے تو تیرے لیے دروازہ کھل گیا اور میں نے تیرے ساتھ داخل ہونے کا ارادہ کیا اور رسولِ کریم ﷺ تک پہنچنے میں تم پر میں سبقت لے گیا۔پس جب میں نے حضور ﷺ کو دیکھا تو آپ ﷺ نے اپنا چہرہ مبارک مجھ سے پھیر لیا اور ڈھانپ لیا اور مجھ سے کہا کہ اے فلاں مجھ سے دور ہو جا اور پھر آپ ﷺ تیرے پاس آئے اور تمہیں پکڑ لیا اور اپنے سینے سے لگا لیا۔میں ڈرتے ہوئے بیدار ہوا،وضو کیا اور نماز پڑھی۔قرآن کریم کی تلاوت کی جتنی اللہ نے توفیق فرمائی۔اور اللہ کی بارگاہ میں دعا فرمائی کہ مجھے ایک مرتبہ پھر حضور ﷺ کی زیارت سے مشرف فرما اور پھر سو گیا۔پھر وہی جدا ہونے والا آدمی میں نے دیکھا اور میں نے اپنا ہاتھ تیرے ہاتھ میں دے دیا اور ہم تیزی سے چلنے لگے۔ہم نے ایک قوم کو دروازے پر کھڑا پایا اور دروازہ بند تھا۔پس میں آگے بڑھا تاکہ دروازہ کھولوں لیکن میرے لیے نہ کھلا۔پھر آپ آگے بڑھے اور دروازہ کھل گیا اور میں داخل ہونے میں سبقت لے گیا۔تو میں نے حضور ﷺ کو موجود پایا۔آپ ﷺ نے مجھ سے چہرہ پھیر لیا اور کہا کہ اے فلاں مجھ سے دور ہو جا۔پھر آپ تیرے پاس آئے۔اے میرے بھائی اور تجھے اپنے قریب کیا۔بلاشک تمہارا کوئی ایسا عمل ہے جو تیرے لیے رسول کریم ﷺ کی رضا کا سبب ہے۔اسی وجہ سے میں نے آپ سے کہا کہ آپ میرے لیے دعا فرمائیں۔پس آپ جان لیں کہ

میری نیت اچھی ہے اور حضور ﷺ کی بارگاہ اقدس میں میرا درود قبول ہے مردود نہیں۔ پھر میں نے یہ امر مخفی رکھا یہاں تک کہ میرے شیخ اور میرے پیر بھائی اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ میں نے اس سے کسی کو آگاہ نہیں کیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے کئی مرتبہ حضور ﷺ کی زیارت عطا فرمائی۔ میں اللہ سے امید رکھتا ہوں کہ وہ میرے لیے اپنے فضل کو دوگنا فرمائے۔ جن وانس اور ملائکہ میں سے جس نے حضور ﷺ پر ہدیہ درود وسلام بھیجا اس کے توسل سے حضور ﷺ کے دیدار سے مشرف فرمائے۔

حضور ﷺ کی ذاتِ پاک پر درودِ پاک پڑھنے کے فضائل جو میں نے دیکھے ان میں سے ایک یہ ہے کہ جب میں تونس میں غار ملح سے واپس آیا تو میں نے اپنے شیخ سے مغرب کی زیارت کے لیے جانے کی اجازت طلب کی۔ آپ نے مجھے اجازت دے دی۔ میں بنزرت سے بحری جہاز پر سوار ہوا۔ اٹھارہ دنوں تک ہوا نے ہمیں روکے رکھا۔ یہاں تک کہ قافلے والے تنگ ہو گئے اور ان کا اضطراب بڑھنے لگا اور میں بھی ان کے ساتھ پریشان تھا۔ ہم نے بحری جہاز سے اترنے اور خشکی کا سفر کرنے کے بارے میں کہا تو اس رات میں دو مرتبہ حضور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا۔ میں نے رات کی پہلی تہائی میں حضور ﷺ کی زیارت کی۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا تم کل انشاء اللہ سفر کرو گے۔ میں نے آپ ﷺ سے عرض کی کہ آپ ہمارے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں عافیت اور آسانی سے یہاں سے نکال دے اور ہوا ہمارے بجائے پہنچنے میں رکاوٹ نہ بنے۔ پھر میں نے آپ ﷺ سے عرض کی کہ مجھے ایسی وصیت فرمائیں جس سے اللہ تعالیٰ مجھے نفع دے۔ آپ ﷺ نے فرمایا میرے اوپر کثرت سے درودِ پاک پڑھو اور لہو ولعب سے بچو پھر میں اپنی نیند سے بیدار ہوا اور حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھا۔ پھر اللہ کریم سے التجا کی کہ ایک مرتبہ پھر مجھے حضور ﷺ کی زیارت عطا فرما۔ پھر میں سو گیا اور حضور ﷺ نے پھر پہلی شکل وہیئت میں مجھے اپنے دیدار کا شرف عطا فرمایا۔ میں نے حضور ﷺ سے وہی پہلا سوال کیا۔ حضور ﷺ نے وہی پہلا جواب دیا اور مجھے اپنی ذات پر کثرت سے درودِ پاک پڑھنے اور لہو ولعب سے بچنے کا حکم دیا۔ میں نہیں جانتا کہ میں کس لہو ولعب میں مبتلا ہوں یہاں تک کہ اس کو چھوڑ دوں۔ پھر میں بیدار ہوا اور میرے پہلو میں جو دوست تھے ان کو میں نے خبر دی۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ اگر یہ خواب سچا اور اچھا ہے اور حضور ﷺ نے حقیقت میں تجھے یہ بات کہی ہے تو ہم اللہ کی برکت اور اس کی مدد سے کل سفر کریں گے۔ جب دن طلوع ہوا اور سورج نکل آیا تو وہی تند و تیز ہوا ہمارے سامنے تھی تو میں ورطۂ حیرت میں مبتلا ہو گیا اور دل میں سوچنے لگا کہ میں ہلاک ہو جاؤں کیا جن وانس میں سے کوئی حضور ﷺ کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ وہ تو اپنی صورت میں معصوم ہیں۔ یہاں تک کہ شیطان اور اس کے علاوہ کوئی ذات آپ ﷺ کی مثل نہیں ہو سکتی۔ میرا یہی حال رہا یہاں تک کہ ہوا تھم گئی۔ اور ہم دو تین میل چلے۔ پھر اسی تند و تیز ہوا نے ہمیں آلیا۔ ہم مُرسی (شہر کا نام) کو لوٹ گئے اور اپنی کشتی کو لنگر انداز کر دیا۔

سواروں کی کثیر تعداد نیچے اتر گئی۔ میں نے بھی ان کے ساتھ اترنے کا ارادہ کیا۔ وہ چھوٹی سی کشتی میں اترے اور میں نے اس تک پہنچنے کا کوئی راستہ نہ پایا اور ترکیوں کی بھیڑ نے مجھے روک دیا۔ جب وہ خشکی پر اتر گئے اور چھوٹی سی کشتی دوسری مرتبہ لوٹ کر آئی تو میں نے اس سمندری آدمی سے کہا کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہارے لیے یہ مسخر کر دے کہ تم مجھے یہاں اتار دو تا کہ میں برتن لا کر اس میں پانی بھر لوں۔ وہ کہنے لگے کہ پانی ہمارے ہاں حاجت پوری کرنے کیلیے کافی ہے۔ پھر کشتی کے رئیس نے کہا کہ ہوا نے اپنا رخ بدل لیا ہے۔ ہم سفر شروع کرتے ہیں۔ جو لوگ خشکی پر اتر گئے تھے ان کو اس نے آواز دی وہ سب سوار ہو گئے۔ دو یا تین آدمی رہ گئے۔ جس سمت ہم سفر کر رہے تھے ہوا وہاں پھر سخت ہو گئی۔ خشکی پر رہنے والے آدمیوں میں سے ایک پھر ہمارے ساتھ مل گیا۔ اور اس نے خشکی کے رئیس سے کہا کہ وہ اس کیلیے چھوٹی کشتی اتارے۔ پھر انہوں نے کشتی لنگر انداز کر دی۔ اس آدمی نے رئیس سے کہا کہ یہ سلامتی کی ہوا ہے۔ ہم نہ تم سے اور نہ تیرے علاوہ کسی اور سے

امید رکھتے ہیں۔ پھر رئیس نے کچھ ضروریات اپنے بعض ساتھیوں کو عطا کرنے کو کہا۔ اسی روز ہم نے حضور ﷺ کی برکت سے سفر کیا اور کسی چیز نے ہمیں نہ روکا۔ یہاں تک کہ ہم بجائیہ پہنچ گئے۔ تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔ میں اللہ کریم سے امید رکھتا ہوں کہ وہ اپنے فضل کو ہمارے لیے دوگنا فرمائے اور اپنے حبیب ﷺ کے دیدار سے ہمارے اوپر احسان فرمائے۔

حضور ﷺ کی ذاتِ اقدس پر درود پاک بھیجنے کے فضائل جو میں نے مشاہدہ کیے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات میں نے دو آدمیوں کو دیکھا جو آپس میں جھگڑ رہے تھے اور ایک دوسرے کا گلا گھونٹ رہے تھے۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا کہ تو میرے ساتھ آ اور حضور ﷺ سے فیصلہ کرا لیتے ہیں۔ وہ دونوں چلے میں بھی ان کے پیچھے چل پڑا۔ حضور ﷺ ایک بلند جگہ پر تشریف فرما تھے۔ ان میں سے ایک نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلّم اس نے میرے اوپر اپنے گھر کے جلانے کی تہمت لگائی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس نے تیرے اوپر بہتان لگایا ہے۔ آگ اس کو کھائے گی۔ میں بیدار ہو گیا اور حضور ﷺ سے کلام نہیں کی۔ میں نے اللہ سے دعا کی کہ وہ مجھے ایک مرتبہ پھر آپ ﷺ کی زیارت سے مستفید فرمائے۔ پھر میں سو گیا اور ایک آدمی کو دیکھا جو کہہ رہا تھا کہ جو حضور ﷺ کی زیارت کا ارادہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ چلے۔ میں نے لوگوں کے گروہ کو دیکھا جو اس آدمی کے پیچھے جا رہے تھے۔ ان پر سفید لباس تھا۔ میں نے ان میں سے ایک سے کہا کہ میں اللہ رب العزت اور اس کے حبیب لبیب علیہ التحیۃ والثناء کے توسّل سے عرض کرتا ہوں کہ مجھے بتا دیں کہ حضور ﷺ کہاں تشریف فرما ہیں۔ اس نے مجھے بتایا کہ حضور ﷺ فلاں مکان میں ہیں۔ میں نے حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے وسیلہ سے اللہ کی بارگاہ میں دعا کی کہ وہ مجھے حضور ﷺ تک اس ساری مخلوق سے پہلے پہنچا دے تاکہ میں تنہا حضور ﷺ سے مل سکوں اور اپنی پسندیدہ چیز کو حاصل کر سکوں۔ بجلی کی مانند کسی چیز نے مجھے اٹھایا اور حضور ﷺ تک پہنچا دیا۔ میں نے حضور ﷺ کو تنہا قبلہ رو پایا اور نور آپ ﷺ کے چہرے سے ٹپک رہا تھا۔ میں نے کہا **الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ** تو آپ نے مجھے خوش آمدید کہا تو میں نے عرض کی کہ مجھے ایسی وصیت فرمائیں کہ جس کے سبب اللہ مجھے نفع دے۔ آپ نے کہا میری ذات پر کثرت سے درود پاک پڑھو۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلّم آپ مجھے یہ ضمانت دیں کہ میں اللہ کا ولی بن جاؤں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تجھے اچھے خاتمے پر موت کی ضمانت دے رہا ہوں۔ میں نے تیسری بار عرض کی کہ مجھے یہ ضمانت دیں کہ میں اللہ کا ولی بن جاؤں۔ تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا کہ آپ کو معلوم نہیں کہ تمام اولیاء اللہ کریم سے اچھے خاتمے کو طلب کرتے ہیں اور میں تجھے اچھے خاتمے کی ضمانت دے رہا ہوں۔ میں نے آپ **علیہ التحیۃ والثناء** سے عرض کی کہ ہاں میں آپ سے یہ قبول کرتا ہوں۔ پھر میرے نفس میں یہ خیال آیا کہ اللہ کریم مجھے خضر کی زیارت سے مستفید فرمائیں۔ پس حضور ﷺ نے فرمایا کہ قبل اس کے کہ میں تجھے اپنی ذات پر درود پاک پڑھنے اور اس مقام کی زیارت کرنے کا حکم دوں کہ جو چیز میں تیرے لئے خاص کر رہا ہوں اس کو تیرے لیے مکمل کر دوں گا۔

پس میرے دل میں شرم و حیا کی لہر دوڑ گئی کہ میں نے تمام زمینوں اور آسمانوں کے شہنشاہ کو دیکھنے پر اکتفا نہ کیا۔ میں نے آپ ﷺ سے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلّم تمام انبیاء و رسل علیہم السلام تمام اولیاء عظام اور سیدی خضر علیہ السلام آپ ﷺ کے نور کی خیرات لیتے ہیں۔ اور آپ کے بحرِ جود و سخا سے بھیک لیتے ہیں۔ پس میں نے جب آپ ﷺ کو دیکھا تو گویا ان سب کو دیکھ لیا اور تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔ پھر تمام لوگ داخل ہوئے جن کو میں نے پیچھے چھوڑ دیا تھا اور وہ بلند آواز سے **الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ** کے نغمے الاپ رہے تھے۔ جب وہ داخل ہوئے تو میں حضور ﷺ کے پہلو میں بیٹھا تھا۔ حضور ﷺ نے خندہ پیشانی سے تمام کا استقبال کیا سوائے ایک آدمی کے۔ اس کو دھتکار دیا اور فرمایا کہ اے دھتکارے ہوئے مجھ سے دور ہو جا۔ اے دوزخی چہرے والے۔ میں نے اس کی طرف دیکھا

تو اس کی شکل و ہیئت اس قوم کی طرح نہیں تھی۔ گویا کہ وہ شیطان تھا۔ جب حضور ﷺ کا خطاب اس قوم کے ساتھ ختم ہوا تو آپ ﷺ نے ان لوگوں سے فرمایا تمہیں اللہ برکت عطا فرمائے۔ تم اب چلے جاؤ اور مجھے اپنے دوست کے پاس چھوڑ دو۔ اور ساتھ ہی میری طرف ہاتھ سے اشارہ بھی کیا تو میں نے آپ ﷺ سے عرض کی کہ میں سید ہوں تو حضور ﷺ نے فرمایا ہاں تو سید ہے۔ پھر میں نے عرض کی کہ میں آپ کی نسل سے سید ہوں تو حضور ﷺ نے فرمایا ہاں تو میری نسل سے سید ہے تو میں نے اس اعزاز پر اللہ کی حمد بیان کی پھر میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم مجھے ایسی نصیحت فرمائیں جس سے اللہ کریم مجھے منفعت عطا فرمائے تو آپ ﷺ نے فرمایا میری ذات پر کثرت سے درود پڑھو۔ دنیا سے دور رہو اور فضول باتوں سے بچو۔ پھر میں بیدار ہوا اور دل میں سوچا کہ وہ کون سی فضول بات ہے جس میں مبتلا ہوں۔ یہاں تک کہ اس کو چھوڑ دوں۔ میں نے اپنے احوال کا مشاہدہ کیا اور میرے لئے وہ فضول بات ظاہر نہ ہوئی۔ میں نے معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا اور دل میں سوچا کہ اگر میری یہ فضول بات مستقل ہے تو گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے اور اطاعت کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے۔ اور اللہ کے عذاب سے بچانے والا کوئی نہیں مگر جس مسکین پر وہ خود رحم کرے۔

حضور ﷺ کی ذاتِ مقدسہ پر درود پاک پڑھنے کے فضائل جن کا میں نے مشاہدہ کیا ہے ان میں سے ایک یہ ہے کہ میں ایک رات کو اٹھا اور نصف رات کو میں نے اپنا وظیفہ پڑھا اور بیٹھ کر محبوبِ کبریا ﷺ کی ذات پر درود پاک پڑھنے لگا۔ اسی دوران مجھے اونگھ آ گئی۔ پس میں نے جکڑے ہوئے شخص کو دیکھا اس پر جسم کے وسط سے لے کر ٹخنوں تک تارکول کا پاجامہ تھا اور لوگوں کا ایک گروہ اس کو گھسیٹ رہا تھا۔ اور وہ آدمی بڑی ہیئت والا تھا۔ اس کا سر بڑا، چہرہ سیاہ اور ناک طویل تھی۔ اس کے چہرے پر نشان تھا گویا کہ وہ چیچک یا زخم ہے۔ اور لوگ اسے گھسیٹ رہے تھے۔ میں نے ان سے کہا کہ اے قوم میں تمہیں اللہ کریم اور اس کے محبوب ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ یہ آدمی کون ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ابوجہل لعین ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ اے اللہ کے دشمن تیری یہی سزا ہے اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے منکر کی یہی سزا ہے۔ پھر میں نے کہا اے میرے رب یہ نبی ﷺ کا دشمن ہے جو تو نے مجھے دکھایا ہے۔ آپ کے نبی ﷺ کہاں ہیں۔ اے میرے رب مجھے نبی کی زیارت عطا فرما جس طرح تو نے آپ ﷺ کا دشمن دکھایا ہے اے سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان رب مجھے آپ ﷺ کی زیارت سے بہرہ ور فرما۔ پھر میرا گزر ایسی زمین سے ہوا جس کو میں نہیں جانتا تھا۔ وہاں میں نے صلحاء میں سے ایک آدمی کو دیکھا جو بیت اللہ کا حج کر رہا تھا۔ میں اس آدمی کو جانتا تھا۔ میں نے اسے سلام کیا۔ اس نے میرے سلام کا جواب دیا۔ میں نے کہا، کہاں کا ارادہ کرتے ہیں تو اس نے کہا مسجد نبوی شریف کو جانے کا قصد ہے۔ میں اس کے ساتھ ایک لمحہ چلا۔ یہاں تک کہ ہم مسجد نبوی شریف میں داخل ہو گئے۔ میں نے عرض کی یہ مسجد نبوی شریف ہے تو وہ بولا ہاں یہ مسجد نبوی شریف ہے۔ میں نے عرض کی آقا ﷺ کہاں تشریف فرما ہیں تو وہ کہنے لگے حضور ﷺ ابھی تمہارے پاس تشریف لاتے ہیں۔

حضور ﷺ داخل ہوئے اور ان کے ساتھ ایک برگزیدہ شخص تھا۔ ان کا خون عرب کا خون لگتا تھا۔ ان کے چہرہ اطہر سے نور کی کرنیں نکل رہی تھیں۔ میں نے حضور ﷺ کو سلام عرض کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ رب العزت کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کو سلام کرو۔ تو میں نے حضور ﷺ کے بعد انہیں سلام کیا اور دونوں سے دعا کیلئے عرض کی۔ انہوں نے میرے لئے دعا کی۔ پھر میں نے عرض کی کہ آپ دونوں مجھے ضمانت عطا کریں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تجھے ضمانت دیتا ہوں کہ تیری موت اچھے خاتمے پر ہو گی پھر میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم مجھے ایسی وصیت فرمائیں جس کے سبب اللہ کریم مجھے نفع عطا فرمائے تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ میری ذات پر کثرت سے درود پاک پڑھو تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم جس وقت میں درود پاک پڑھتا ہوں تو کیا آپ خود سماعت

کرتے ہیں تو حضور ﷺ نے فرمایا ہاں میں سنتا ہوں ۔اور تیری مجلس میں مقرب فرشتے حاضر ہوتے ہیں ۔پھر میں نے عرض کی کہ آپ ﷺ مجھے اپنی ضمانت دیں تو حضور ﷺ نے فرمایا ہاں تو میری ضمانت میں ہے تو پھر میں نے عرض کی کہ آپ میرے دوستوں کی بھی ضمانت دیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تیرے دوستوں کی بھی ضمانت دیتا ہوں ۔پھر میں نے حضور ﷺ سے عرض کی کہ میرے فلاں دوست کے متعلق مجھے بتائیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ صالحین میں سے ہے۔پھر میں نے اپنے شیخ کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ اولیاء اللہ میں سے ہیں۔

پھر میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ ہر اس شخص کے بارے میں ضمانت دیں جو اس کتاب جو میں نے آپ کی ذات اقدس پر درود پڑھنے کے متعلق مرتب کی ہے، کو پڑھے گا۔تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اس کتاب کے قاری کو بھی ضمانت ہوں جو مجھ پر اس طرح درود پاک پڑھے گا۔

اور تیرے اوپر لازم ہے کہ میری ذات پر کثرت سے درود پاک پڑھے اور تجھے ہر چیز عطا کی جائے گی جس کا تو سوال کرے گا۔

پھر میں اپنی نیند سے بیدار ہوا۔اور اللہ کریم سے زیادہ فضل وکرم کی التجا کی اور اللہ کریم سے امید کرتا ہوں کہ وہ ہمیں دنیا وآخرت میں رُخِ مصطفیٰ **علیہ التحیۃ والثناء** کی زیارت سے محروم نہ فرمائے (آمین)۔حضور ﷺ کی ذاتِ اطہر پر درود پاک پڑھنے کے فضائل جو میں نے دیکھے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ ایک دن حضور ﷺ کی ذات مقدسہ پر درود پاک پڑھنے کے متعلق میں ایک باب مرتب کر رہا تھا اور میں دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے قبلہ رُخ ہو کر بیٹھا تھا۔قلم میرے ہاتھ میں اور تختی میری گود میں تھی۔اچانک میرے حال میں تغیر آیا اور مجھے نیند نے آلیا۔میں دیکھتا ہوں کہ میں خالی جگہ میں ہوں۔میں وہاں کوئی آبادی نہیں دیکھتا سوائے اس قوم کے جس کو میں نے پانی پر پایا تھا اور ایک دوسری قوم کو مسجد کے اندر پاتا ہوں۔میں ان کے ہاں گیا تو میں دیکھنے لگا کہ میں کہاں بیٹھوں تو میں نے کوئی جگہ نہ پائی تو ایک آدمی نے اپنے ہاتھ کے اشارے کے ساتھ مجھے منبر اور محراب کے درمیان بیٹھنے کو کہا۔پس میں اس کے قریب ہوا اور اس نے مجھے اپنی جگہ پر بٹھانے کا ارادہ کیا۔مجھے حدیثِ طیبہ یاد آئی اور میں نے اس سے کہا کہ تم اس حدیث کو نہیں جانتے جو اس شخص کے متعلق ہے جو کسی دوسرے کی جگہ پر بیٹھتا ہے۔متمکن لوگوں میں سے ایک دوسرے نے کہا کہ تم مجلس میں وسعت پیدا کرو اللہ کریم تمہارے لیے وسعتیں پیدا کر دے گا۔ انہوں نے میرے لیے وسعت پیدا کی۔میں ان کے درمیان بیٹھ گیا اور میں نے اپنی دائیں جانب ایک نوجوان کو دیکھا کہ اس سے بڑھ کر حسین تر پہلے نہیں دیکھا تھا۔مجھے اس کے چہرے سے نکھرتے ہوئے نور سے تعجب ہوا۔میں نے دل میں سوچا کہ اس کے چہرے سے نیکوکاروں کی علامت ظاہر ہو رہی ہے۔اور میرے لیے اس کے نام ونسب کی پہچان ضروری ہے۔میں نے اس سے عرض کی کہ اے نوجوان میں تمہیں اللہ کریم اور اس کے محبوب ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ تیرا نام ونسب کیا ہے۔وہ مجھ سے کہنے لگے میری پہچان اور میرے نام ونسب سے تجھے کیا حاصل ہوگا۔تو میں نے اس سے کہا کہ میں تیرے چہرے پر صالحین کی نشانی دیکھ رہا ہوں اور تجھ سے صحبت کا طلبگار ہوں اس نے کہا کہ میرا نام رومان ہے اور میں فرشتوں میں سے ہوں۔پھر میں نے ان سے عرض کی کہ اے اللہ کے برگزیدہ میں آپ سے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ورسل کے توسل سے سوال کرتا ہوں کہ آپ کا نام ونسب کیا ہے تو اس نے پھر یہی کہا کہ میرا نام رومان ہے اور میرا نسب یہ ہے کہ میں اللہ رب العزت کا فرشتہ ہوں۔پھر میں نے تیسری مرتبہ یہی سوال کیا تو اس نے وہ پہلے والا جواب دیا تو پھر میں نے کہا کہ تو انسان کی شکل میں کیسے آ گیا ہے۔تو وہ کہنے لگے کہ تم جتنے لوگ بھی یہاں ملاحظہ کر رہے ہو وہ سب اللہ کے مقرب فرشتے ہیں اور روحانی مومنین ہیں۔تو میں نے کہا میں آپ کی صحبت کا طالب ہوں تو وہ کہنے لگا کہ کیا تم میری صحبت دوام کا ارادہ رکھتے ہو تو میں نے کہا ہاں تو وہ کہنے

لگے کہ تجھے میرے ہاں تو ایک گھڑی کی صحبت نصیب ہوگی لیکن میرے تیرے لیے مومن جن اور جنیہ کو حکم دیتا ہوں کہ وہ تیری صحبت اختیار کریں گے۔ میں نے کہا ٹھیک ہے اور میں نے دل میں سوچا کہ جب وہ میری صحبت میں آئیں گے تو میرے حق کی رعایت کریں گے اور میرے دشمن پر غلبہ حاصل کریں گے تو اس نے ندا دی اے فلاں اور فلانہ تو ایک آدمی اور عورت یک لخت اس کے سامنے آکر کھڑے ہو گئے تو اس نے کہا کہ تم نے اس آدمی کی صحبت دوام اختیار کرنی ہے۔ تو وہ جن کہنے لگا کہ یہ آدمی ہمارے ذریعے دشمنوں اور اندھیروں پر غالب آنے کا ارادہ رکھتا ہے اور وہ ہمارے بس کی بات نہیں ہے اور ایسا کرنا قضا وقدر میں حلول کے مترادف ہے اور جب میں نے ان کی یہ گفتگو سنی تو میں نے ان سے ناپسندیدگی کا اظہار کیا اور میں نے ان سے کہا مجھے آپ کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر میں نے اسی نوجوان سے عرض کی کہ اللہ کریم اور اس کے حبیب لبیب ﷺ کے واسطے سے مجھے یہ بتاؤ کہ یہاں اللہ کے فرشتوں میں سے کون موجود ہیں تو وہ کہنے لگا کہ یہاں جبرائیل ، میکائیل اسرافیل اور عزرائیل علیہم تشریف فرما ہیں۔ پھر میں نے عرض کی کہ میں تجھے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ورسل کا وسیلہ دیتا ہوں کہ تو مجھے جبرائیل امین علیہ السلام حضور ﷺ کے حبیب دکھا دے تو محراب کے سامنے سے ایک شخص نے کہا کہ میں اللہ کا بندہ جبرائیل ہوں۔ پس میں ان کے قریب ہوا تو ان سے بڑھ کر حسین تر میری آنکھوں نے نہیں دیکھا تھا۔ میں نے ان پر سلام کیا اور دیر تک ان کو دیکھتا رہا اور ان سے دعا کی درخواست کی تو انہوں نے میرے لئے دعا کی۔ پھر میں نے ان سے کہا کہ میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے واسطے سے عرض کرتا ہوں کہ مجھے ایسی وصیت کریں جس کے ساتھ اللہ کریم مجھے نفع دے تو آپ نے کہا کہ خواہشات جب تیرے پاس آئیں تو ان سے دامن کو محفوظ رکھ اور امانت کو ادا کرو۔ اور ان کو ان کے اہل تک پہنچاؤ۔ تو پھر میں نے کہا کہ میں آپ سے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ورسل علیہم کے توسل سے عرض کرتا ہوں کہ آپ مجھے سیدنا میکائیل کی زیارت کرا دیں۔ بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے ایک دوسرے شخص نے کہا کہ میں اللہ کا بندہ میکائیل ہوں میں ان کے قریب ہوا اور کافی دیر تک ان کے پاس رہا اور ان سے دعا کیلئے عرض کی۔ انہوں نے میرے لئے دعا کی۔ میں نے ان سے کہا کہ میں تجھے اللہ کریم اور حضور ﷺ کا واسطہ دے کر عرض کرتا ہوں کہ مجھے ایسی وصیت کریں جس سے اللہ کریم مجھے منفعت عطا کرے تو آپ نے فرمایا کہ عدل اور وفا کو اپنا لو۔ پھر میں نے اس شخص سے عرض کی کہ مجھے اللہ کریم اور آپ کے حبیب لبیب ﷺ کے توسل سے حضرت اسرافیل دکھا دیں۔ ایک آدمی کھڑا ہوا۔ میں نے اس سے بڑھ کر منور چہرے والا نہیں دیکھا تھا۔ وہ کہنے لگا کہ میں اللہ کا بندہ اسرافیل ہوں۔ میں ان کے قریب ہوا اور کافی دیر تک ان کے پاس رہا اور پھر ان سے دعا کیلئے عرض کی۔ انہوں نے میرے لئے دعا کی میں نے دل میں سوچا کہ میرے لئے ہلاکت ہو یہ اللہ کے فرشتے ہیں یا استدراج جو میرے اوپر نازل ہوا ہے۔ یہ اسرافیل کیسے ہو سکتے ہیں حالانکہ حدیثِ طیبہ میں وارد ہوا ہے کہ ان کا سر عرش کے نیچے ہے اور ان کے پاؤں ساتوں زمینوں کے نیچے ہیں۔ دل میں کھٹکنے والا امر میرے لئے پورا نہیں ہوا یہاں تک کہ اسرافیل جھپٹ کر اٹھے اور وسیع الجثہ ہو گئے۔ ان کے پاؤں زمین میں پھیل گئے اور ان کے سر نے مسجد کے چھت کو پھاڑ دیا پس ان کا سر آسمان تک بلند ہو گیا اور پاؤں زمین میں پھیل گئے۔ پھر میں ان کے ساتھ لپٹ گیا اور عرض کی ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کے توسل سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ حقیقت میں اللہ کے فرشتے کی ہیئت میں چلے گئے ہیں تو وہ اس طرح ہو گئے جس طرح پہلے تھے۔ پھر میں نے ان سے عرض کی کہ میں اللہ اور اس کے حبیب ﷺ کے واسطے سے آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے ایسی وصیت کریں جس کے سبب اللہ مجھے نفع عطا فرمائے تو انہوں نے کہا دنیا کو چھوڑ دو اپنے پروردگار کی رضا کو پا لو گے۔ اپنے ہاتھ میں جو چیز آئے وہ خرچ کر دو اللہ کی محبت کا حصہ پا لو گے۔ پھر میں نے کہا کہ میں آپ سے اللہ اور اس کے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم کے واسطے عزرائیل کی زیارت کی درخواست کرتا ہوں۔ ایک آدمی کھڑا ہوا۔ میں نے اس سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا تھا۔ کہنے لگا کہ میں اللہ کا بندہ عزرائیل ہوں۔ میں ان

کے قریب ہوا اور کافی دیر ان کے پاس رہا۔ میں نے ان سے دعا کی درخواست کی۔ انہوں نے میرے لئے دعا کی۔ پھر میں نے کہا کہ میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا واسطہ دیتا ہوں کہ موت کے وقت میرے ساتھ نرمی کرنا۔ وہ کہنے لگے حضور ﷺ پر کثرت سے درودِ پاک پڑھو۔ پھر میں نے عرض کی مجھے ایسی وصیت کریں جس سے اللہ کریم مجھے نفع دے تو وہ کہنے لگے لذتوں کو ختم کرنے والے ماؤں اور باپوں کے قاتل بیٹوں اور بیٹیوں کو جدا کرنے والے خالق ارض وسما کے علاوہ تمام کی روحوں کو قبض کرنے والے کو یاد کیا کرو۔ پس میں جاگ گیا۔ اب میں اللہ کریم سے امید کرتا ہوں کہ وہ مجھے ان کی دعاؤں کے صدقے سے نفع دے اور ان کی وصیتوں کے مطابق عمل کرنے کی توفیق دے اور ان کی بزرگی کے صدقے موت کے وقت میرے ساتھ نرمی فرمائے اور مجھے حضور ﷺ کے دیدار سے لطف اندوز فرمائے۔ اے پروردگار عالم اس دعا کو قبول فرما۔ سلام ہو تمام انبیاء و رسل ﷺ پر اور تمام تعریفیں اس خدا کیلئے جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔

حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے کے لاتعداد فضائل جو میں نے دیکھے ان میں سے ایک یہ ہے کہ ایک دفعہ میں نے دیکھا جس طرح سونے والا آدمی دیکھتا ہے کہ میں جنگل میں زمین پر پڑے منبر پر چڑھتا ہوں۔ پس جب میں اس کی کچھ سیڑھیاں اوپر چڑھتا ہوں تو زمین کی طرف دیکھتا ہوں تو کیا دیکھتا ہوں کہ منبر ہوا میں ہے ۔ میں زمین سے دور ہو چکا ہوں۔ میں نے کہا مجھے کیا ہے کہ میں خود تو نہیں چڑھا بلکہ جہاں تک پہنچا ہوں اللہ نے مجھے پہنچایا ہے اور میرے لیے واپسی کا راستہ بھی نہیں ہے۔ پس میں پھر اس کی سیڑھیوں سے اوپر چڑھتا ہوں تو میں سیڑھیوں کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تو میں سوائے اس سیڑھی کے جس پر میں کھڑا ہوں باقی سیڑھیوں کو نہیں پاتا۔ پس میں نے دائیں بائیں دیکھا سوائے ہوا کے کوئی دوسری چیز نہیں دیکھی۔ میں نے اللہ سے دعا کی کہ وہ مجھے حضور کی ذات پاک پر درودِ پاک پڑھنے کی فضیلت کے سبب سے سلامتی کے راستے پر چلائے۔ پھر میں ایک دھاگے کو دیکھتا ہوں جو اندھیرے پر باندھا گیا ہے گویا کہ وہ پل صراط ہے۔ میں نے دل میں سوچا کہ میرے لئے ہلاکت ہو میرے سامنے تو پل صراط ہے۔ اور میرا کوئی ایسا عمل بھی نہیں جو مجھے اس سے گزار دے سوائے اللہ کریم کے فضل عظیم کے اور حضور پر درودِ پاک پڑھنے کے۔ پس میں نے ایک آواز دینے والے کو سنا جو یہ کہہ رہا تھا کہ اگر تُو نے یہ عبور کر لیا تو تُو حضور اور آپ کے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کو پائے گا۔ پس میں نے یہ گفتگو سنی تو میں اس سے خوش ہوا اور اللہ کی بارگاہ میں حضور پر درودِ پاک پڑھنے کا وسیلہ پیش کیا۔ پس نور کے ایک بادل نے مجھے اٹھایا اور حضور اور آپ کے خلفائے اربعہ کے سامنے رکھ دیا۔ حضور تشریف فرما تھے۔ سیدنا ابوبکر صدیق ان کے دائیں طرف، سیدنا عمر آپ کی بائیں جانب، سیدنا عثمان آپ کے پیچھے اور سیدنا علی آپ کے آگے بیٹھے تھے۔ پھر میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلّم مجھے آپ ضمانت دیں تو آپ نے فرمایا میں تجھے ضمانت دیتا ہوں کہ تیری موت اچھے خاتمے پر آئے گی پھر میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلّم میرے لیے دعا فرمائیں تو آپ نے فرمایا کثرت سے میرے اوپر درودِ پاک پڑھ۔ پھر میں نے عرض کی کہ آپ مجھے وصیت فرمائیں تو آپ ﷺ نے فرمایا تو میرے اوپر کثرت سے درودِ پاک پڑھ اور لہو ولعب سے بچ۔ پھر میں سیدنا علی کی طرف متوجہ ہوا اور کہا کہ اے میرے ماموں جان میرے لیے دعا فرمائیں تو آپ نے کندھوں سے مجھے پکڑا اور جھنجھوڑا اور کہا کہ میں تیرا دادا ہوں اور حضور ﷺ کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ بھی تیرے دادا ہیں۔ میرے کندھوں کو آپ کا جھنجھوڑنا تھا کہ مرعوب ہو کر میں بیدار ہوا اور میں نے اپنے کندھوں میں درد محسوس کیا۔ میں اپنی جہالت، غفلت اور بھول کی وجہ سے شرمندگی میں ڈوب گیا۔ جو میں نے سیدنا علی سے ''**یا خالی**'' کہا تھا اور کافی دنوں تک میں اپنی اس بات سے شرمندہ رہا۔ جب بھی میں نیند سے بیدار ہوتا تو ہر مرتبہ میں اسی بات کے بارے میں سوچتا رہتا کہ جو حضور ﷺ کہتے کہ تم لہو سے بچو۔ میں غور وفکر کرتا کہ وہ کون سی لہو ہے جس میں مبتلا ہوں۔ یہاں تک کہ اس کو چھوڑ دوں جب کئی دن میرے اوپر اسی طرح گزر گئے تو میں داخل ہو گیا ایک لہو عظیم میں جو وراثت اور

شادی کے متعلق ایک جھگڑا تھا اور اس نزاع میں میرے داخل ہونے کا سبب ایک صالح آدمی تھا۔ وہ ظاہر شرع میں ایک اچھا امر تھا اور ایک لمبے عرصے کے بعد میرے لیے ظاہر ہوا کہ وہ لہو ہے۔ ایک سال تک مجھے حضور ﷺ کی زیارت نصیب نہیں ہوئی۔ جب وہ جھگڑا طول پکڑ گیا تو میں اعتکاف کی نیت سے جابیہ کے ایک پہاڑ میں چلا گیا اور اللہ کریم سے یہ امید کی کہ اللہ مجھے اور اس آدمی کو ملا دے جو وہاں موجود ہے تاکہ میں اس سے اپنے حال کے بارے میں سوال کروں۔ پس جب میں اس رات کو سویا تو میں نے تین نیک آدمیوں کو دیکھا جو میرے پاس آکر کھڑے ہو گئے اور مجھے کہنے لگے کہ تجھے یہاں لیکر آنے والا وہ جھگڑا ہے جو تیرے اور تیرے چچا کے درمیان ہوا ہے۔ رہی اس کی بیٹی تو نہ وہ تیری بیوی ہے اور نہ تو اس کا خاوند ہے۔ پس تُو اپنے دل کو راحت پہنچا اور اس لہو کو چھوڑ دے اور تو محنت کر اسی حال میں جس کے اندر تو ہے مگر یہ کہ اگر تو یہاں ٹھہرے تو تیرے لیے اچھا ہے اور اگر تو یہاں سے چلا جائے تو پھر تو اللہ کی امان میں ہو۔ پھر میں نے دل میں کہا کہ میں ہلاک ہوں یہی وہ لہو تھی جس سے حضور ﷺ مجھے منع کرتے تھے۔ میں اس میں مبتلا رہا۔ اے غفلت کے عرصہ دراز، میری فکر و دانش کہاں گم ہو گئی تھی۔ یہاں تک کہ میں اسے بھول گیا جس سے مجھے حضور ﷺ منع کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ایک سال یا اس سے زائد عرصہ تک مجھے حضور ﷺ کے دیدار سے بھی محروم کر دیا گیا۔ پس میں نے اللہ کی طرف رجوع کیا اور حضور ﷺ کی طرف متوجہ ہوا۔ میں کئی دن وہاں ٹھہرا رہا۔ میں اپنے کیے پر نادم تھا اور میں نے حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے وسیلے سے اللہ کی بارگاہ میں التجا کرنا شروع کی کہ وہ مجھے اپنے پیارے رسول اور مخلوق میں سب سے افضل ہستی ﷺ کے دیدار سے بہرہ ور فرمائے اور حضور ﷺ سے اچھی گفتگو کا شرف عطا فرمائے۔ پس میں نے دیکھا جو ایک دیکھنے والا دیکھتا ہے کہ گویا اللہ تبارک وتعالی نے مجھے اپنے سامنے کھڑا کر دیا ہے اور مجھے زجر وتوبیخ کر رہے تھے۔ بوجہ اس کے کہ میں اہل دنیا کے ساتھ ان کی دنیا میں راغب ہو گیا تھا اور ایک فضول بات میں مشغول ہو گیا تھا جو مجھ سے صادر ہوئی۔ میں عرض کر رہا تھا اے پروردگار تجھے تیرے فضل کا وسیلہ اور پروردگار تجھے تیری جود وسخا کا وسیلہ اور اے میرے رب تجھے تیری رحمت کا واسطہ اور وہ مجھے زجر و توبیخ کر رہے تھے۔ میں نے دل میں کہا کہ میں تو اہل نار میں سے ہو گیا ہوں۔ میرے دل میں یہ خیال آیا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ اللہ کے رسول ﷺ نے مجھے آگ سے چھٹکارے کی ضمانت دی ہے۔ میں نے عرض کی اے میرے رب کیا میں تیرے حبیب مکرم ﷺ پر درود پاک نہیں پڑھتا ہوں اور انہوں نے مجھے ضمانت دی ہے تو اس وقت حضور ﷺ فرمانے لگے کہ میں شفاعت کا مختار ہوں اور عطا کرنے والا ہوں اور وسیلہ کا مالک ہوں۔ پس اسی اثناء میں نے ایک کہنے والے کو سنا جو کہہ رہا تھا اے پروردگار کیا یہ اہل نار میں سے ہے تو اللہ کریم نے فرمایا نہیں یہ آگ سے محفوظ ہے۔ پس میں بیدار ہوا اس حال میں کہ خوفزدہ تھا اور میں اللہ سے امید کرتا ہوں کہ وہ میرے اوپر اپنی رحمت کے صدقے احسان فرمائے اور اپنی ملاقات کے دن سے ہمیں محروم نہ فرمائے۔

حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے فضائل جو میں نے مشاہدہ کیے ان میں سے ایک یہ ہے کہ شادی کے بعد میرے دل میں خیال آیا کہ میں کچھ طلبہ کو اپنے ساتھ رکھ لوں تاکہ میں ان کے ساتھ مانوس ہو جاؤں اور ان کے ساتھ باجماعت نماز ادا کروں اور ان سے نفع حاصل کر سکوں۔ ایک سال تک میں اپنے کچھ ساتھیوں کے ساتھ مشورہ کرتا رہا میں اللہ کی جانب سے خیر و عافیت سے رہا۔ نفس میرے قریب ہوا اور مجھے نصیحت کے باب تک پہنچا دیا کہ میں اپنے ساتھ کچھ طلبہ کو بغیر کسی اذن کے رکھ لوں تاکہ ان کی خدمت کی بجا آوری سے مستفید ہو سکوں۔ اور اللہ سے یہ امید کی کہ وہ مجھے روز قیامت ان کے گروہ میں اٹھائے۔ جب طلبہ کی تعداد زیادہ ہوئی تو ان کی کثیر تعداد کی وجہ سے رزق کے لیے ہمارا اہتمام بھی زیادہ ہو گیا۔ پس طلبہ کے سبب سے میں دنیا میں داخل ہوا۔ دنیا نے مجھے اپنی کھڑکی میں داخل کر دیا اور اپنی شراکت کا مجھے شکار بنا لیا۔ پس میری شامیں غفلت میں اور صبح خسارے میں ہونے لگیں۔ میں نے دنیا کے اکتساب کو مباح سمجھنا شروع کر دیا۔ شرع کے

اعتبار سے میں اس کو اچھا سمجھتا تھا اور صلحاء کرام میں سے میرے وہ دوست جن کی معیت کے اندر میں نے زہد و اتقاء کی منازل طے کی تھیں ۔انہوں نے مجھے اس سے منع کرنا اور زجر و توبیخ کرنا شروع کر دی بسبب اس کے کہ میں طلبہ اور ان کے اہتمام میں مشغول تھا اور طلبہ کے سبب میں دنیا میں داخل ہو گیا تھا۔ لیکن میں نے ان کی باتوں پر کان نہ دھرا۔ پس میں نے دیکھا جس طرح سونے والا آدمی دیکھتا ہے کہ اپنے پڑوس میں حوریں ہیں اور میں نے ان کی مثل حسن و جمال میں کوئی چیز نہیں دیکھی تھی۔ ان پر سبز رنگ کے حلے تھے اور انہوں نے میرا استقبال کیا۔ جب وہ میرے قریب ہوئیں تو سب سے پہلے میں نے اپنی نانی جان کو دیکھا وہ ایک نیک اور حسنی حسینی سیدزادی تھیں۔ میں نے انہیں سلام کیا اور عرض کی کہ کیا آپ ہم سے پہلے نہیں چلی گئیں تھیں تو وہ کہنے لگیں کیوں نہیں۔ میں نے عرض کی اللہ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا ہے تو وہ کہنے لگیں اللہ نے اپنے فضل سے مجھ پر رحم کیا اور مجھے عزت دی۔ اور حضرت فاطمۃ الزہراء کے پڑوس میں ہوں اور وہ ابھی تیری طرف آنے والی ہیں۔ میں نے ان سے کہا وہ کہاں ہیں تو وہ کہنے لگیں کہ وہ ان ہی پڑوسیوں میں آ رہی ہیں۔ پس وہ میرے پاس آئیں اور ان کے چہرے پر نور کی برسات برس رہی تھی۔ وہ کہنے لگیں یہ احمد بن ثابت ہے جو کثرت سے حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھتا ہے۔ میں نے کہا یہ میرے رب کا فضل ہے جس نے مجھے یہ توفیق ارزانی فرمائی ہے اور اس پر میری مدد کی ہے۔ وہ کہنے لگیں تجھے کیا ہو گیا ہے کہ دنیاوی اہتمام کی وجہ سے ہم سے دور ہو گیا ہے۔ پس جس چیز میں تو مشغول ہے اس سے رک جا اور اپنے اس اہتمام کو چھوڑ دے۔ میں نے عرض کی ٹھیک ہے۔ پس وہ کہنے لگیں کہ میں آپ سے جدا نہیں ہوں گی یہاں تک کہ تو میرے ساتھ حضور ﷺ کے پاس حاضر ہو گا۔ آپ ﷺ تجھ سے پختہ وعدہ لیں گے کہ تو دنیا میں دوبارہ مشغول نہیں ہو گا۔ انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور وہ چلنے لگیں۔ میں بھی ان کے ساتھ چلنے لگا یہاں تک کہ ہم مدینہ طیبہ میں داخل ہو گئے۔ میں اس کو پہچان نہ سکا میں نے وہاں لوگوں کا گروہ دیکھا جو حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ درود بھیج رہے تھے۔ ان کی تعداد اللہ کریم کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ وہ بلند آواز میں حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھ رہے تھے اور یہ درودِ پاک تھا **اللھم صل علی سیدنا محمد و بارک علی محمد وعلی ال محمد** ﷺ میں نے ان کا قصد کیا اور ان کے ہمراہ حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے لگا۔ میں ان لوگوں کے درمیان چل رہا تھا۔ سیدۃ فاطمۃ الزہراء میرے ساتھ تھیں۔ یہاں تک کہ اللہ کریم نے مجھے حضور ﷺ کے سامنے کھڑا کر دیا۔ میں نے حضور ﷺ کو اصحاب مبشرہ کے ہمراہ پایا۔ وہ کھانا اور گوشت تناول فرما رہے تھے اور حضور ﷺ کے ہاتھ میں گوشت کا ٹکڑا تھا آپ ﷺ اسے تناول فرما رہے تھے۔ آپ ﷺ صحابہ کرام کی طرف متوجہ تھے اور ان کے ساتھ محو گفتگو تھے۔ میرے ادب نے مجھے حضور ﷺ پر سلام کرنے سے روک دیا۔ میں نے دل میں سوچا کہ آپ ﷺ جب کھانے سے فارغ ہوں گے تو میں سلام عرض کروں گا۔ میں ان لوگوں کے ہمراہ درودِ پاک بھی پڑھ رہا تھا اور حضور ﷺ کے چہرے کی زیارت بھی کر رہا تھا۔ پس اس قوم کے حضور ﷺ پر بلند آواز سے درودِ پاک پڑھنے سے میں بیدار ہو گیا۔ میں بارگاہِ خداوندی میں التجا کرتا ہوں کہ وہ مجھے میرے حبیب اور اللہ کی بارگاہ میں میرے وسیلہ حضور ﷺ کی زیارت سے میرے اوپر احسان فرمائے۔

حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے کے فضائل میں ایک یہ ہے کہ میں نے سیدی الحاج علی گوان کے وصال کے بعد دیکھا وہ مصلح اور متقی لوگوں میں سے تھے اور وہ میرے شیخ ابوالغیث قشاش کے دوستوں میں سے تھے۔ میں نے عرض کی اے میرے دوست اللہ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا ہے تو آپ فرمانے لگے کہ اللہ نے اپنے فضل اور رحمت کے وسیلہ سے میرے اوپر کرم فرمایا ہے اور میں نے اللہ کریم کو بڑا مہربان اور کریم پایا ہے۔ پھر میں نے ان سے اپنے کچھ دوستوں کے متعلق پوچھا جو ان کی موجودگی میں دفن ہوئے تھے تو وہ کہنے لگے کہ وہ سب خیریت سے ہیں۔ پھر میں نے ان سے کہا کہ مجھے ایسی وصیت کریں جس سے اللہ کریم مجھے نفع دے تو وہ مجھے کہنے لگے کہ اپنی والدہ کی خدمت

کرو بے شک وہ نیکوکار عورتوں میں سے ہیں۔ پھر میں نے کہا کہ اے میرے محترم میں آپ سے اللہ اور اس کے رسول کریم ﷺ کے واسطہ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ کے لیے میرے حال اور اجتہاد میں سے کیا ظاہر ہوا ہے تو وہ مجھے کہنے لگے کہ میں آپ کو یہی وصیت کرتا ہوں کہ حضور پر کثرت سے درودِ پاک پڑھو اور حضور پر درودِ پاک پڑھنے کے متعلق جو کچھ نظم کیا اس میں زیادتی اور کثرت کرو۔ تو میں نے ان سے کہا کیا تجھے یہ درودِ پاک پہنچتا ہے۔ اور کہاں سے تجھے اسکا علم ہوا۔ حالانکہ میں نے اس کو تمہاری موت کے بعد لکھا تھا۔ وہ کہنے لگے کہ اس درودِ پاک کے نور نے ساتوں آسمانوں اور زمینوں کو منور کر دیا ہے۔ تیرے اوپر درودِ پاک پڑھنا اور اس میں کثرت کرنا ضروری ہے اور اللہ کی بارگاہ میں سوال کرتا ہوں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنائے جن کے دلوں کو اللہ نے اپنے ذکر اور حضور پر درودِ پاک پڑھنے کے ساتھ زندہ رکھا ہے اور ہمیں اور ہمارے دوستوں کو حضور کے پڑوس میں چن لے۔ اور دنیا و آخرت میں اپنے احسان اور کرم سے آپ کے چہرے کی زیارت سے محروم نہ فرمائے۔ بے شک وہی توفیق کا مالک ہے نہ اسکے سوا کوئی پروردگار ہے اور نہ ان کے سوا کوئی مددگار ہے۔

حضور پر درودِ پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات خواب میں میں نے ایک جدا ہونے والے بڑے شخص کو دیکھا جو کہہ رہا تھا کہ جو حضور کی زیارت کا ارادہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ چلے۔ میں اس جدا ہونے والے آدمی کے ساتھ چلا۔ لوگ میری پیروی کر رہے تھے۔ میں ایک بلند کمرے کی طرف چلا اور اس کے بائیں جانب ہوا تا کہ دروازہ ڈھونڈوں۔ لوگ کہنے لگے کہ کمرے کے دائیں طرف متوجہ ہو۔ میں نے دروازہ دائیں طرف پایا۔ میں اندر داخل ہوا تو حضور کو اپنے صحابہ کرام کے ساتھ تشریف فرما دیکھا۔ پس جب میں ان کے قریب ہوا تو میرے اور ان کے درمیان ایک بادل حائل ہو گیا۔ میں ان میں سے کسی کے چہرے کو نہ دیکھ سکا۔ میں نے **الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ** کہا اور عرض کی اے رسول محترم میرا تو آپ سے یہ معمول نہیں ہے تو آپ نے فرمایا تیرے اور میرے درمیان دنیا کے پردے حائل ہو گئے اور مجھے زجر و توبیخ کرنا شروع کر دیا۔ آپ فرمانے لگے میں تجھے دنیا اور اس کے اہتمام سے منع کرتا ہوں اور تو اس کا اہتمام کرتا ہے۔ آپکا مجھے ڈانٹنا کافی لمبا ہو گیا یہاں تک کہ میں نے دل میں کہا میرے اور میرے آقا کے درمیان میری بدبختی حائل ہو گئی۔ پھر میں نے رونا شروع کر دیا اور کہہ رہا تھا کہ اے اللہ کے رسول معظم کیا آپ نے مجھے ضمانت نہیں دی تھی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں تو جنتی ہے۔ پھر میں نے کہا کہ میں آپ **علیہ التحیۃ والثناء** سے اللہ کے اور آپ کا اللہ کے ہاں جو منصب عظیم ہے اس کے وسیلے سے التجا کرتا ہوں کہ آپ اللہ کریم سے دعا فرمائیں کہ وہ تمہارے اور میرے درمیان حائل شدہ پردے کو ہٹا دے۔ پس اسی وقت وہ بادل آہستہ آہستہ چھٹنا شروع ہو گیا۔ میں نے آقا اور آپ کے صحابہ کرام کا دیدار کیا۔ اور کافی دیر آپ کو دیکھتا رہا۔ پھر میں نے کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ نے مجھے ضمانت نہیں دی ہے تو آپ نے فرمایا ہاں تو جنتی ہے۔ پھر آپ نے کہا تو ہمارے لئے اہتمام کرتا ہے تو میں نے بھی کہا کہ ہاں میں آپ کیلئے اہتمام کرتا ہوں اور آپ میری زیارت کا اہتمام کرتے ہیں۔ پس آپ کے اس قول "**فیک الاھتمام**" کو سن کر میں بیدار ہوا۔ میں اللہ کریم سے حضور کے واسطے سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میرے اس اہتمام کو ہمیشہ قائم رکھے اور اس اہتمام سے دور کرنے والے ہر غم کو نبی کریم ﷺ جو بارگاہِ خداوندی میں ہمارے وسیلہ ہیں کے واسطے سے مجھ سے دور فرمائے۔

حضور ﷺ پر درود پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات میں نے جدا ہونے والے آدمی کو دیکھا گویا کہ وہ پہلا آدمی تھا اس سے قبل رؤیت کے درمیان ایک رات کا فاصلہ تھا اور وہ آدمی کہہ رہا تھا کہ جو آدمی حضور کی قبر کی زیارت کا ارادہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ چلے۔ ہم گروہ کی شکل میں اس کے پیچھے چلنے لگے۔ ہم آپ کی قبر کے پاس کھڑے تھے۔ حضور پر درودِ پاک پڑھ رہے تھے اور میں اللہ کریم کی بارگاہ میں دعا کر رہا تھا کہ الٰہی یہ تو تیرے نبی کی قبر ہے جو تو نے مجھے دکھائی ہے۔ الٰہی میں تو چہرہ مصطفیٰ کی زیارت کیا کرتا تھا اور اب صرف

آپ کی قبر سامنے ہے۔ الٰہی میں حضور کے اس مقام اور مرتبے اور توسل سے جو ان کا تیرے ہاں ہے عرض کرتا ہوں کہ مجھے آپ کے دیدار سے مستفید فرما۔ پس میں نے اسی وقت آقا کی زیارت کی۔ آپ کی معیت میں لوگوں کے کچھ گروہ تھے جن پر سبز رنگ کا لباس تھا۔ وہ ایک بلند مکان کی سیڑھیوں سے نیچے اتر رہے ہیں۔ جب حضور کی نگاہ میرے اوپر پڑی تو حضور فرمانے لگے ہم کہتے تھے نا کہ تجھ میں اہتمام ہے اور تو ہمارے لیے اہتمام کرتا ہے تو اسی اثناء میں اللہ کریم نے مجھے الہام کیا کہ میں حضور ﷺ سے عرض کرنے لگا حضور میں بیمار ہوں۔ میرے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ کریم مجھے غفلت کی بیماری سے شفا نصیب فرمائے۔ آپ میرے قریب ہوئے اور ہاتھ مبارک سے میرے سر کو پکڑ لیا دوسرے ہاتھ مبارک سے میرے سر کے اوپر مار رہے تھے اور ساتھ یہ کہہ رہے تھے کہ عنقریب اللہ تجھے شفا دے گا۔ تین مرتبہ یہ الفاظ دہرائے۔ پھر تین مرتبہ یہ کہا کہ اللہ نے تجھے شفا دے دی ہے۔ ہر کلمہ کہتے وقت میرے سر پر ضرب لگاتے اور دوسرے ہاتھ سے میرے سر کو پکڑ رکھا تھا۔ اللہ کی قسم میں نے محسوس کیا کہ کوئی برف کی طرح ٹھنڈی اور شیریں چیز میرے جسم سے دل میں اتر رہی ہے اور پھر میں نے محسوس کیا کہ کوئی چیز میرے دل اور باطن سے نکل کر پاؤں تک پہنچی اور پھر پاؤں سے نکل کر زمین تک پہنچ گئی۔ اللہ کی عزت کی قسم آپکا ہاتھ مبارک میرے سر سے جدا نہ ہوا یہاں تک کہ میرا دل منور ہو گیا اور نور میرے دل میں پھیلنے لگا۔ پھر وہ بزرگ جو سبز رنگ میں ملبوس آپ ﷺ کے ارد گرد تھے میں نے ان سے بڑھ کر حسین کوئی نہیں دیکھا۔ نور ان کے چہروں سے ٹپک رہا تھا ان سے حضور نے کہا کہ اس کو اپنے پاس بٹھالو۔ انہوں نے میرے لیے سبز رنگ کی قالین بچھائی اور اس پر مجھے بٹھایا خود بھی ساتھ بیٹھ گئے۔ پھر وہ قالین ہمیں اپنے ساتھ لے کر ہوا میں اڑنے لگی۔ میں نے زمین کی طرف دیکھا تو مجھے اپنے نیچے سفید رنگ کے سمندر نظر آئے۔ پھر ہم ان سمندروں سے آگے گزر گئے پھر میں نے سبز رنگ کا سمندر دیکھا اس کی موجیں بھی سبز تھیں۔ پھر مجھے خوف نے آلیا۔ بسبب اس کے کہ جو میں نے اپنے نیچے سبز رنگ کے سمندر دیکھے تھے۔ اس حال میں کہ اس قالین نے ہمیں بلند کر دیا تھا۔ یہاں تک کہ ہم نور کے بنے ہوئے ستون تک پہنچ گئے۔ جس کی انتہا کو اللہ رب العزت کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اس میں سبز رنگ کے کمرے اور محلات تھے۔ ان میں رہنے والے باشندوں کا لباس سبز رنگ کا تھا۔ ان محلات، کمروں اور باغات سے نور لحہ بہ لحہ بجلی کی طرح ظاہر ہو رہا تھا لیکن وہ سبز رنگ کا تھا۔ اسی طرح ان لوگوں کے چہرے اور لباس بھی نور سے چمک رہے تھے۔ وہ مجھے کہنے لگے کہ تم یہاں بیٹھ جاؤ کیونکہ تم اسی قوم سے ہو اور اسی مکان کے مکینوں میں سے ہو۔ میں نے کہا میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول مکرم ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ اس مکان کو کیا کہا جاتا ہے تو وہ مجھے کہنے لگے کہ یہ باہم محبت کرنے والوں کیلئے سرسبز و شاداب مکان ہے۔ میں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے توسل سے مجھے بتاؤ کہ میں نے یہ مقام کیسے حاصل کیا تو وہ مجھے کہنے لگے کہ حضور پر درود پاک پڑھنے میں آپ کی جو محبت ہے اس کے صدقے تم نے یہ مقام حاصل کیا ہے اور سارے ذکروں پر اس ذکر کو جو فضیلت دی ہے اس کے صدقے تم نے یہ مقام حاصل کیا۔ اس وقت میں بیدار ہوا اور حضور پر درود پاک پڑھ رہا تھا۔ میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ مجھے اور میرے دوستوں کو فردوس اعلیٰ کا مکین بنائے اور اللہ کریم اپنے احسان و کرم کے ذریعے دنیا و آخرت میں حضور کا دیدار عطا فرمائے۔ میں نے اس مکان کے اندر درود پاک پڑھنا شروع کر دیا۔

حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ میں نے اپنے ایک دوست کو موت کے بعد دیکھا۔ میں نے اس سے اس کا حال دریافت کیا۔ میں نے کہا کہ اللہ کریم نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا ہے۔ اس نے کہا اللہ نے اپنے فضل کے تصدق مجھ پر رحم اور کرم فرمایا۔ پھر میں نے کہا کہ اے میرے بھائی کیا میرے حال میں سے کوئی چیز تمہارے لئے ظاہر ہوئی۔ وہ کہنے لگے کہ تمہارے لئے خوشخبری ہو کہ اللہ کے ہاں تو صدیقین میں سے ہے۔ میں نے کہا میں کس درجہ سے اللہ کے ہاں صدیقین میں سے ہوا ہوں۔ وہ کہنے لگے کہ

آپ نے حضور پر درودِ پاک کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اس کی وجہ سے آپ کا شمار صدیقین میں سے ہوتا ہے۔اسی طرح میں نے دو آدمیوں کو دیکھا۔ میں ان کو مخزن کے راستے سے جانتا تھا۔ میں نے ان کو ان کی موت کے بعد دیکھا۔ میں نے ان سے پوچھا کیا تم ہم سے آگے یعنی عالمِ برزخ میں نہیں چلے گئے تھے۔وہ کہنے لگے کیوں نہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا واسطہ دیتا ہوں کہ تم بتاؤ اللہ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا ہے۔وہ کہنے لگے کہ اللہ نے ہمارے اوپر اپنے فضل کے صدقے رحم فرمایا ہے۔ پھر میں نے ان سے یہی سوال کیا تو وہ کہنے لگے کہ اللہ کی قسم ہم طاعون کی وجہ سے مر گئے تھے۔اللہ نے ہمیں بخش دیا ہے۔ پھر میں نے کہا کہ میں تمہیں اللہ اور اس کے حبیبِ مکرم ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ میرے حال میں سے تمہارے لئے کوئی چیز ظاہر ہوئی ہے یا تم میرے انجام کے متعلق کسی چیز پر مطلع ہوئے تو وہ کہنے لگے کہ تمہیں خوشخبری ہو کہ تم صدیقین میں سے ہو۔ پھر میں نے کہا میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول کریم ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ جو کچھ تم کہہ رہے ہو وہ حق ہے تو وہ کہنے لگے ہاں یہ حقیقت ہے۔اللہ کی قسم تیرے لئے اللہ کے ہاں خیر کثیر ہے۔ میں نے کہا کس سبب سے تو وہ کہنے لگے کہ جو تو نے حضور پر درودِ پاک کے متعلق لکھا اس کی وجہ سے یہ سب کچھ ہے۔ پھر میں نے ان سے اس آدمی کے متعلق پوچھا جس کو میں جانتا تھا اور وہ فوت ہو چکا تھا۔تو وہ کہنے لگے کہ ہاں وہ خیر و عافیت سے ہے۔ میں اس وقت بیدار ہو گیا۔ اللہ سے امید کرتا ہوں کہ وہ مجھے اور میرے دوستوں کو حضور پر درودِ پاک پڑھنے کے وسیلے سے نفع عطا فرمائے۔

حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات یہودی راہبوں کی ایک جماعت کو میں نے دیکھا۔ وہ افضل رسولوں اور ان کی رسالتوں کے متعلق گفتگو کر رہے تھے۔وہ کہہ رہے تھے کہ موسیٰ کی رسالت پر یہ دلیل ہے اور حضرت عیسیٰ کی رسالت پر یہ دلیل ہے۔حضور کی رسالت پر کیا دلیل ہے۔ میں نے کہا آپ کی رسالت پر وحی اور قرآن دلیل ہے۔ چاند کا آپ کیلئے دو ٹکڑے ہونا، درختوں کا آپ کو سجدہ کرنا۔علاوہ ازیں پتھروں نے آپ پر درود پڑھا۔ جمادات نے آپ ﷺ کیلئے گواہی دی اور زمین و آسمان نے آپ پر درود بھیجا۔ یہ سب آپ کی رسالت کی دلیلیں ہیں اور آپ پر نازل ہونے والے معجزات اللہ کریم کے اس قول کے قائمقام ہیں کہ ہمارے رسولِ محتشم ﷺ نے سچ کہا جو اس نے ہماری طرف پہنچایا۔ان میں سے ایک نے کہا تو نے سچ کہا لیکن باقیوں نے نہ میری تصدیق کی نہ تکذیب۔ پس میں نے جدا ہونے والے آدمی کو دیکھا جو کہہ رہا تھا کہ جو آدمی حضور کی زیارت کا ارادہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ چلے۔ پس میں اس چلنے والے آدمی کے ساتھ چلنے لگا تو میں نے اس کو ایسے چشمے پر پایا جس سے پانی بہہ رہا تھا۔ وہ دودھ سے زیادہ سفید برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ شیریں تھا اور حضور اس کے پاس تشریف فرما تھے۔ جبرائیل بھی ان کی معیت میں تھے۔ میں نے آپ پر درود و سلام پڑھا۔ آپ کے قریب ہو کر سلام عرض کیا تو آپ نے فرمایا جبرائیل کو بھی سلام کرو۔ میں نے انہیں سلام کیا اور کافی دیر تک انہیں دیکھتا رہا اور ان سے دعا کیلئے عرض کی انہوں نے میرے لئے دعا فرمائی۔ پھر میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ اپنے ہاتھ مبارک سے مجھے اس چشمے سے پانی پلائیں۔ پس آپ نے اپنے ہاتھ سے مجھے تین چلو پانی پلایا۔ میں نے ان کے ہاتھوں سے پانی کے ہر گھونٹ کے پیتے وقت اچھی نیت کی۔اس کے بعد میں بیدار ہو گیا۔ میں اللہ کریم سے امید کرتا ہوں کہ وہ مجھے حضور پر درود و سلام کے صدقے وہاں تک پہنچائے اور وہ کچھ عطا فرمائے جو میں نے ان دونوں سے ارادہ کیا تھا۔ان دونوں پر اللہ کی جانب سے افضل درود اور بہتر سلام ہو۔

حضور ﷺ پر درودِ پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک رات مجھے حضور کا دیدار ہوا۔ میں نے آپ سے اپنے لئے ضمانت طلب کی تو حضور نے فرمایا کہ کثرت سے میرے اوپر درودِ پاک پڑھا کرو۔ بیشک میں تجھے تیری ماں تیرے باپ اور دادا سب کی ضمانت دیتا ہوں اور میرے اجداد کے نام ایک ایک کر کے لینے شروع کیے یہاں تک کہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ تک پہنچ گئے۔ پھر میں نے کہا کہ

یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم میں ہر جمعہ کی رات آپ کی زیارت کا ارادہ کرتا ہوں تو آپ نے فرمایا اگر تو ہر جمعہ کی رات میری زیارت کا قصد کرتا ہے تو دن کو روزہ رکھ اور رات کو قیام کر اور میری ذات پر کثرت سے درود پاک پڑھ۔ پھر آپ گھوڑے پر سوار ہو گئے۔ میں بھی ان کے ساتھ سوار ہو گیا۔ آپ نے اپنے ہاتھ میں ایک پرندہ پکڑ لیا۔ ہم جنگل میں ایک زمین سے گزرے تو حضور نے اس پرندے کو شکار کیلئے چھوڑا تو اس نے ایک پرندہ پکڑا جو سرخاب کے مشابہ تھا۔ میں اس کی طرف گیا۔ اسے ذبح کیا تو حضور بھی میرے پاس آ گئے اور مجھے کہنے لگے کہ تو نے اس کے ذبح کے وقت کیا کہا تھا۔ میں نے حضور سے عرض کی کہ میں نے **بسم اللہ واللہ اکبر** کے الفاظ کہے تھے۔ حضور نے فرمایا اگر تو چاہتا تو یہ الفاظ کہتا **بسم اللہ صلی اللہ علی محمد النبی الکریم** تو اللہ کریم تجھے اس کی جزا دیتے۔ آپ کے قول اجزاک کے وقت میں بیدار ہو گیا۔ میں اللہ کریم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ میرے لئے اپنے فضل کو اور زیادہ فرمائے۔ اس سرخاب کو میرا ذبح کرنا میرے نفس کو ذبح کرنا بنا دے کیونکہ نفس امارہ اللہ کے ذکر اور حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے سے مرجاتا ہے۔ حضور پر درود پاک پڑھنا ذبح کرتے وقت مشروع نہیں اس کے لیے صرف تسمیہ کافی ہے۔

حضور پر درود پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ میں نے ایک رات دیکھا کہ میری روح جنوں کے ایک گروہ کے پاس کھڑی ہے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ تم کہاں سے آئے ہو تو وہ کہنے لگے کہ ہم اپنے فلاں شیخ کے پاس سے آئے ہیں اور جن شیخ کے پاس سے وہ آئے تھے وہ ہمارے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے۔ میں نے ان سے کہا کہ تم کہاں کا ارادہ کرتے ہو تو وہ کہنے لگے کہ ہم مکہ شریف اور روضہ رسول ﷺ کا انشاء اللہ ارادہ کرتے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ مجھے بھی اپنے ساتھ لے جاؤ۔ وہ کہنے لگے کہ اگر تم چاہتے ہو تو اللہ کے بھروسے پر چلو۔ میں جلدی سے اٹھا۔ انہوں نے مجھے اپنے درمیان بٹھا دیا۔ مجھے ساتھ لے کر ہوا میں بجلی کی طرح اڑنے لگے۔ ہمارے اوپر ایک گھڑی نہیں گزری تھی کہ مکہ معظمہ میں پہنچ گئے۔ وہ کہنے لگے کہ یہ بیت اللہ شریف ہے۔ انہوں نے طواف کیا۔ میں نے بھی ان کے ساتھ طواف کیا۔ پھر انہوں نے کہا کہ اللہ کی برکت سے چلو۔ انہوں نے پہلے کی طرح مجھے اپنے درمیان بٹھا لیا۔ زیادہ وقت نہیں گزرا تھا کہ وہ مسجد نبوی شریف میں پہنچ گئے اور ہم وہاں بیٹھ گئے۔ ہمارے پاس ایک آدمی آیا جس سے خوبصورت آدمی نہیں دیکھا گیا۔ اس کے ہاتھ میں ایک تھال تھا۔ جس میں ثرید اور شہد تھا۔ وہ کہنے لگا اللہ کا نام لے کر شروع کرو۔ میں نے کہا میں حضور کے دیدار کا ارادہ کرتا ہوں۔ وہ کہنے لگا کہ تم کھانا تناول کرو ابھی حضور تشریف لاتے ہیں۔ اور تم حضور کا دیدار کر لو گے۔ میں نے دل میں سوچا کہ بڑی عجب کی بات ہے کہ ایک گھڑی ہوئی میں اپنے گھر سے جدا ہوا ہوں۔ یہاں تک کہ میں مکہ اور حضور کی قبر تک پہنچ گیا اور میں اپنے ان ساتھیوں کو نہیں جانتا جو مجھے یہاں لے کر آئے کہ ان کے نام اور نسب کیا ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ میں تمہیں اللہ کریم اس کے نبی مکرم ﷺ اور اللہ کے نبی حضرت سلیمان بن داؤد کا واسطہ دیتا ہوں کہ تم مجھے بتاؤ کہ تمہارا گھر کہاں ہے اور تمہارا نسب کیا ہے۔ انہوں نے اپنی گردنیں زمین تک جھکا لیں اور کہنے لگے کہ ہم حضور کے شہر کے رہنے والے مومن جنوں کا ایک گروہ ہیں۔ میں نے کہا کہ میں حضور ﷺ کے دیدار کا ارادہ کرتا ہوں تو وہ کہنے لگے کہ ان شاء اللہ آپ ان کی زیارت کر لیں گے۔ میں نے وہ کھانا کھایا۔ پھر ہم نکلے اور میں نے حضور کو دیکھا کہ آپ ﷺ ایک جماعت کے اندر آ رہے ہیں اور حضور از روئے گردن کے سب سے لمبے اور شانوں اور گردن میں سب پر فائق ہیں۔ جب حضور نے مجھے دیکھا تو کہنے لگے کہ اے احمد تم ساری خیر ایک دفعہ جمع کرنے کا ارادہ رکھتے ہو۔ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرو۔ تو عبادت اور طلبہ کی خدمت کو جمع کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کر تیرے پہلے دوستوں کے علاوہ تیرے پاس کوئی باقی نہیں رہے گا۔ تو کثرت سے مجھ پر درود پاک پڑھ تجھے ہر خیر مل جائے گی۔ میں نے کہا مجھے آپ ضمانت دیں تو حضور نے فرمایا کہ میری ذات پر درود پاک پڑھنے کو لازم پکڑ تجھے ہر چیز مل جائے

گی جسکا تو سوال کرے گا اور آپکے اس قول **ولک کل ما سألت** کے وقت میں بیدار ہو گیا۔ میں اللہ کریم سے حضور کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں کہ وہ میری میرے دوستوں کی، میرے سارے مشائخ اور مجھے نصیحت کرنے والے اور ہر وہ شخص جو آپ ﷺ پر ایمان لایا ان سب کی مغفرت فرمائے۔ بیشک وہ بخشنے والا اور ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ میری آخری دعا یہ ہے کہ تمام تعریفیں اس خدا کیلئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور اللہ کریم حضور خاتم النبیین اور آپ کے ہم منصب رسولوں پر رحمتوں کا نزول فرمائے۔ اے اللہ کریم وہ درود پاک جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے دوست اور حبیب سے صادر ہوا اور جس کی حضور نے اپنی ہمت کے ساتھ تربیت فرمائی سے صادر ہوا۔ اس کے وسیلے سے میرے گناہوں کی مغفرت فرما۔ میرے اور جو اللہ کی رضا کی خاطر میرے دوست ہیں ان کے عیبوں پر پردہ فرما۔ ہمیں حضور نبی رحمت ﷺ کی ملت پر موت دینا اور ان کے زمرے میں اٹھانا۔ اس ہستی کے وسیلہ سے جس کے وسیلے کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

حضور ﷺ پر درود پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ میں رات کے آخری حصے میں بیدار ہوا، وضو کیا اور میرے لیے جتنی ممکن تھی نماز پڑھی اور دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر طلوع فجر کا انتظار کرنے لگا۔ پس نیند نے مجھے آلیا۔ میں نے اپنے پاس مختلف اقوام سے لوگوں کو دیکھا جو کہ سفر کر رہے تھے۔ میں بھی ان کے ساتھ چلنے لگا اور ایک نوجوان کی پناہ لی۔ اپنے ہم عمر ہونے کی وجہ سے اچھا سمجھتے ہوئے اس کے ساتھ سرگوشی کی تا کہ اس قوم کے متعلق پوچھ سکوں کہ وہ اللہ کی مخلوق میں سے کون ہیں۔ میں نے اس نوجوان سے کہا کہ میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ تم مخلوق خدا میں کون ہو۔ اس نے مجھے کہا کہ ہم مومن جنوں کا ایک گروہ ہیں اور ہم سب عابد جنوں میں سے ایک جن کی زیارت کیلئے جا رہے ہیں۔ میں نے اس سے پھر کہا میں تمہیں اللہ کریم اور اسکے حبیب کریم ﷺ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ تم مجھے بتاؤ کہ تم کون ہو۔ وہ مجھے کہنے لگا کہ ہم مومن جنوں کا ایک گروہ ہیں اور اس نے یہ بات اپنے دوستوں سے چھپا کر مجھے کہی۔ پھر میں نے کہا کہ میں تجھے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ تم کون ہو۔ اس نے بلند آواز سے کہا کہ ہم مومن جنوں کا گروہ ہیں جس کو میرے ساتھ چلنے والے سب لوگوں نے سن لیا۔ پھر ہم چلے یہاں تک کہ ایک ایسے شہر میں پہنچ گئے جس کو ہم نہیں جانتے تھے۔ ہم شہر میں داخل ہوئے۔ اس نے مجھ سے قسم لی اور مجھے کہا میرے ساتھ میرے گھر چلو تا کہ تجھے میری والدہ دیکھ سکے۔ پس جب اس نے مجھ سے قسم لی تو میں مجبور ہو گیا۔ ہم گھر میں داخل ہوئے تو اس نے اپنی والدہ سے کہا اے میری ماں یہ احمد بن ثابت ہے۔ وہ مجھ سے کہنے لگی کہ تو احمد بن ثابت ہے۔ اس نے مجھے سلام کیا اور میں نے اس سے کہا کہ تو کہاں سے جانتی ہے کہ میں احمد بن ثابت ہوں۔ وہ کہنے لگی کہ جب سے تو حضور پر درودِ پاک کے متعلق لکھ رہا ہے اس وقت سے میں تجھے پہچانتی ہوں۔ میں نے اس سے کہا کہ کیا تم اولیاء اللہ میں سے کسی کو جانتی ہو۔ اس سے حسن معاملہ اور اس کی خدمت کرتے ہو تو وہ مجھ سے کہنے لگی کہ ہم صرف سیدی محمد سعدی کو جو عروس کے مکین ہیں کو جانتے ہیں۔ میں نے اس سے کہا کہ سبحان اللہ کیا سیدی محمد سعدی کے علاوہ کوئی ولی نہیں ہے۔ وہ کہنے لگی کہ ہم صرف اسی شخص کو جانتے ہیں جو تمہارے اوپر مخفی اور ہمارے لیے ظاہر ہے۔ پھر اس شخص نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے اس شخص کی طرف لے کر چلا جس کی زیارت کیلئے ہم گئے تھے۔ میں نے اس صالح شخص کو بلند مکان کے اندر پایا۔ اس کے پاس لوگوں کی پوری جماعت تھی جو اللہ کا ذکر کر رہے تھے اور حضور پر درود پاک پڑھ رہے تھے اور وہ کہہ رہے تھے کہ کوئی سورج اور چاند ایسا طلوع نہیں ہوا جو اے عالم بشریت کے سردار آپ کے چہرے سے بڑھ کر روشن ہو۔ جب اس شخص نے مجھے دیکھا تو وہ میرے لیے کھڑا ہو گیا اور میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ مجھے سلام کرنے کے بعد اپنے پہلو میں بٹھا لیا۔ ان کے ارد گرد جتنے لوگ تھے وہ خاموش تھے۔ وہ صالح شخص ان کی طرف متوجہ ہوا اور کہا یہ احمد بن ثابت ہے۔ کون ہے جو اس کی صحبت کا ارادہ رکھتا ہے۔ وہ سارے کھڑے ہو گئے اور مجھے سلام کیا۔ پھر میں نے ان سے کہا کہ میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول کریم کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں

تم کہاں سے مجھے پہچانتے ہو۔ ہوسکتا ہے وہ احمد میرے سوا کوئی اور ہو جس کی آپ اپنے دوستوں کے سامنے تعریف کر رہے ہیں۔ وہ کہنے لگے تو ہی احمد بن ثابت ہے جو صاحبِ کا مکین ہے۔ میں نے کہا میں اللہ کا بندہ احمد بن ثابت ہوں۔ پھر میں نے کہا کہ میں اللہ اور اسکے رسول کریم ﷺ کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ کس وقت سے تم مجھے جانتے ہو حالانکہ میں تجھے نہیں جانتا۔ وہ کہنے لگے میں تمہیں اس دن سے جانتا ہوں جس دن سے تم نے حضور پر درود پاک کے متعلق لکھنا شروع کیا ہے۔ تمہیں خوشخبری ہو اس کی جو خیرِ عظیم تمہارے لئے اللہ کے ہاں ہے اور خوف نہ کھاؤ۔ پھر میں نے کہا میں تمہیں اللہ اور اسکے رسول ﷺ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کہ تمہارا نام اور نسب کیا ہے۔ وہ کہنے لگے میرا نام عبداللہ خنجرہ بن محمد ہے جو واق کے شہر کا مکین ہے۔ وہ کہنے لگے ہم جناتی کی زیارت کیلئے آئے ہیں۔ وہ مجھے حضور پر درودِ پاک پڑھنے کی وصیت کرنے لگے اور اس میں خیرِ کثیر کا میرے ساتھ وعدہ کیا۔ میں اللہ کریم سے اس کے فضل کی زیادتی کا سوال کرتا ہوں کہ وہ توفیق کا مالک ہے۔ اس کے علاوہ کوئی پروردگار نہیں اور اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ پھر کھڑے ہو کر صبح کی اذان دینے لگے اور جب ''**الصلوة خير من النوم**'' پر پہنچے تو ان کلمات کے عوض **العبادة لله الواحد القهّار** کے کلمات کہے۔ پھر میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھ سے کہا کہ اٹھو اور صبح کی نماز پڑھو۔ میں اٹھا تو میں اسی طرح اپنے مکان میں دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھا۔ پس میں نے اپنے ساتھی سے بات کی اور وہ فجر کے ظاہر ہونے کا انتظار کر رہے تھے۔ وہ مجھ سے کہنے لگے کہ بادلوں نے فجر کو ڈھانپ لیا۔ پھر انہوں نے مجھے کہا کہ لو اب بادل زائل ہو گئے ہیں اور فجر طلوع ہو گئی ہے۔ میں نے وضو کیا اور نماز پڑھی۔ تمام تعریفیں اللہ کیلئے تمام محامد کے ساتھ جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا اور اللہ کریم میرے آقا و مولا حضور پر اور آپ کی آل اور صحابہ کرام پر رحمتوں کا نزول فرمائے۔ اے اللہ میرے اوپر احسان فرما جس طرح تو نے اپنے نیک بندوں پر احسان فرمایا اور ہمارے لئے جود و سخا سے کام لے جس طرح تو نے آپ اپنے منتخب بندوں پر سخاوت کی۔ بیشک تو توفیق کا مالک ہے۔ تیرے سوا کوئی پروردگار نہیں اور تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

حضور پر درودِ پاک پڑھنے کے فضائل میں سے ایک یہ ہے کہ ایک دن میں خلوت میں تھا، ایک شخص میرے پاس آیا اور اس نے میرے اوپر فتنہ کو داخل کر دیا اس وجہ سے کہ اس نے مجھ سے اپنے فقر اور غم کی شکایت کی۔ وہ میرے اوپر وارد ہوا اس حال میں کہ اس نے اپنے ہاتھ سے مربع شکل کی چیز مجھے پیش کی تا کہ میں اس کی اصلاح کروں۔ جب میں نے اس کو پکڑا تو صحیفہ پایا۔ پس میں نے اس کی اصلاح کر دی۔ پس جب وہ مجھ سے جدا ہوا تو ایک اور شخص کو میں نے دیکھا جس نے مجھے اشارہ کیا کہ اسے اس مربع شکل کی چیز کے ساتھ نفع حاصل نہیں ہوگا اور تجھ پر خوف کیا جاتا ہے۔ پس میں نے دو نمازوں کے درمیان وقت رونے میں گزار دیا۔ پھر میرے پاس ایک شخص آیا۔ اس نے مجھے کہا کہ اللہ کی بارگاہ میں حضور اور سیدی خالد مکی کا وسیلہ پیش کرو۔ پس میں نے اللہ کی بارگاہ میں وسیلہ پیش کرنا شروع کر دیا اور پوری رات اللہ کی بارگاہ میں استغاثہ کرتا رہا پھر ایک صالح بزرگ کی زیارت کیلئے نکلا۔ پس مغرب کی نماز کے وقت نے آلیا۔ اس صالح بزرگ کا گھر قریب تھا۔ پس میں نے نماز ادا کی اور اس گھر میں داخل ہو گیا۔ پس میں نے کچھ قوموں کو دیکھا جو لوگ میرے پاس آئے اور میں ان کے درمیان تھا۔ پس آنکھ جھپکنے کی دیر میں میرے اور ان کے درمیان دیوار حائل ہو گئی۔ میری حالت بہت مضطرب ہو گئی۔ میں نماز کے اندر تھا۔ اس کو نہ توڑا۔ پس میں نے اولین و آخرین کے سردار حضور ﷺ کو دیکھا۔ آپ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور مجھے اپنے حلقے میں داخل کر لیا۔ حضور نے فرمایا میں لوگوں کی شفاعت کرنے والا ہوں۔ میں خوف سے پرسکون ہوا اور اپنی نماز مکمل کی۔ یہ رؤیت مشاہدہ تھا خواب نہ تھا۔ میں نے جب اپنی نماز مکمل کر لی تو اس ولی کی طرف آیا جس کی زیارت کا ارادہ کیا تھا۔ وہ مجھ سے کہنے لگے کہ دیوار نے تجھے روک دیا تھا۔ میں نے ان سے کہا کہ اے میرے شیخ جہاں تک تم نے مشاہدہ کیا ہے وہ تمہارے حال نے تمہیں کرایا ہے اور اس کے پیچھے جو بات ہے اس تک تم نہ پہنچ سکے۔ انہوں

نے ایک گھڑی کیلئے اپنا سر جھکا دیا۔ پھر اس کو اٹھایا اور مجھ سے کہا حرم کی زینت حضور نے تیرے غم کو دور کیا اور تجھے اپنے حلقے میں داخل کر لیا۔ اس پر اللہ کریم کی حمد بیان کرو اور یہ خواب محض اللہ کریم کا فضل و احسان ہے ورنہ ہمارے احوال ایسا کرنے سے قاصر تھے۔ میرے اندر اس کی اہلیت نہ تھی یہاں تک کہ حضور کا خواب میں دیدار کرتا۔ لیکن اللہ کریم اپنا فضل عطا کرتا ہے جسے چاہتا ہے۔ اسی کیلئے حمد ہے اور اسی کے واسطے شکر۔ ان چیزوں پر جن کے ساتھ اس نے میرے اوپر احسان فرمایا۔ میں اللہ کریم سے فضل کی زیادتی کا سوال کرتا ہوں۔ جس طرح وہ پسند کرتا ہے اور جس طرح اس کی رضا ہوتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلَوٰاتِ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ سَیِّاٰتِیْ وَتَوَفَّنِیْ مَعَ الْاَبْرَارِ وَاَنْ تُكْرِمَنِیْ بِرُؤْیَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَنَامِ وَلِوَالِدَیَّ وَالْاُسْتَاذِیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔



بسم الله الرحمن الرحيم



اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ

وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ

عبدالرؤف قادری شاذلی

کے

مرحومین

خصوصاً

والدین کریمین

اور

چند دیگر عزیز و اقارب

کا

مختصر تذکرہ

طفیل محمد قادری ولد فضل محمد
(والدِ ماجد جناب عبدالرؤف قادری شاذلی)

ہمارے محترمی، جناب عبدالرؤف قادری شاذلی خود بھی اعلیٰ نسبت کے حامل ہیں اور آپ کے والدِ گرامی طفیل محمد قادری بھی اسی سلسلۂ طریقت کے ایک درخشندہ و روشن ستارے تھے۔ آپ کے والدِ گرامی کی پیدائش بمقام گاؤں آبادان، جالندھر (ہند) میں سال 1918ء میں ہوئی۔ تعلیم مکمل ہونے کے بعد سرویئر کی پوسٹ پر فائز ہوئے۔ ہجرت سے پہلے 5 سال تک نیروبی (کینیا) میں ریلوے میں ملازمت کی اور کلکتہ میں بھی اپنی خدمات سرانجام دیں۔

جناب طفیل محمد قادری مرحوم و مغفور کو بزرگوں سے عقیدت و محبت ورثہ میں ملی تھی اور اپنے ایام جوانی میں دہلی میں ایک مجذوب جو قطب مینار کے پاس بیٹھا کرتے تھے، اُن کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے اور ایک خاص موقع پر انہوں نے آپ کو اپنے فیوضات و برکات سے اس طرح نوازا کہ آپ فی سبیل اللہ مختلف بیماریوں اور بالخصوص بواسیر اور کینسر کا علاج کیا کرتے تھے اور بزرگوں کے طریقہ پر ہر جمعرات کو دیا بھی روشن کیا کرتے تھے۔

آپ سید الطاف حسین قادری گیلانی جو حضور غوث الثقلین سیدنا الشیخ عبدالقادر الجیلانی کے صاحبزادے تاج الاولیاء سیدنا عبدالرزاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولادِ پاک سے تھے، اُن سے شرفِ بیعت حاصل تھا جو کامونکی کے پاس گاؤں نند پور میں مدفون ہیں۔ آپ اپنے مرشد کریم کا ہر سال 11 ہاڑ کو عرس منایا کرتے تھے اور اپنی اولاد کو بھی اس کی وصیت فرمائی۔

جناب عبدالرؤف قادری شاذلی اور اُن کے جملہ برادران ابھی تک اپنے والدِ گرامی کی اس وصیت پر تواتر سے عمل کرتے ہیں کیونکہ یہ بھی اُن کی صحبت میں رہے اور بے شمار کرامات کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا۔ حضرت سید الطاف حسین قادری گیلانی شریعت کے سخت پابند تھے اور مریدوں کو بھی سختی سے اُس پر عمل کروایا کرتے تھے۔

عبدالرؤف صاحب کے والدِ گرامی قبل از تہجد بیدار ہو جایا کرتے اور اونچی آواز سے مختلف اوراد و وظائف کا ذکر کیا کرتے جن میں حضور غوث پاک کا شجرہ مبارکہ، قصیدہ غوثیہ اور درودِ تاج شامل ہوتا تھا۔ حضور غوثِ پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انتہا درجہ عقیدت و محبت تھی جس کے نتیجے میں آپ کے پاس حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اکثر تصانیف موجود تھیں۔

خدمتِ خلق کو ایک فریضہ سمجھا کرتے اور اپنے عزیز و اقارب کے علاوہ اپنے گاؤں والوں کے کام بھی انتہائی خندہ پیشانی سے کرتے اور اس پر وہ رب تعالیٰ کا شکر بھی ادا کیا کرتے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو تقریباً 55 سال کی عمر عطا فرمائی۔ خلقِ خدا کی خدمت کے بعد یکم فروری 1972ء عین فجر کے وقت داعیٔ اجل کی آواز پر لبیک کہا اور خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعتِ کبریٰ سے نوازے۔ (آمین)

مسمات رحمت بی بی بنت غلام غوث
(والدۂ ماجدہ جناب عبدالرؤف قادری شاذلی)

جناب عبدالرؤف قادری شاذلی کی والدۂ محترمہ مسمات رحمت بی بی بنت غلام غوث کی پیدائش نور پور تحصیل نکودر، ضلع جالندھر (ہند) میں تقریباً سال 1921ء میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے گھریلو دینی و مذہبی ماحول میں ہوئی۔ قرآن پاک کی تلاوت خوبصورتی سے فرمایا کرتی، انتہائی نرم مزاج اور نازک مزاج تھیں۔ حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انتہا کی محبت اور لگاؤ تھا۔ اُن کے ایصالِ ثواب کیلئے ہمیشہ اہتمام کیا کرتیں اور اُن کی نسبت بھی اپنے شوہر کے مُرشد کریم سے تھی۔

عبدالرؤف قادری شاذلی جب سال 1975ء میں بنکاک سے ایم ایس سی کی تعلیم مکمل کر کے واپس آئے تو اُن کے پاس بنکاک میں بھی ملازمت کرنے کے بہت اعلیٰ مواقع تھے۔ لیکن والدہ نے اُن سے کہا کہ آپ بنکاک میں ملازمت نہ کریں بلکہ میری خواہش ہے کہ آپ حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ملک عراق میں جا کر، اگر ملازمت کرو گے تو مجھے خوشی ہوگی۔ اُن کی خواہش کے پیش نظر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کی دُعا کو قبول بھی کیا اور جناب عبدالرؤف صاحب کو عراق میں اچھی ملازمت بھی مل گئی۔ جس پر اُن کی والدہ انتہائی خوش تھیں اور انہیں ہمیشہ نیک تمناؤں اور دُعاؤں سے یاد کیا کرتیں۔

عبدالرؤف قادری شاذلی کی والدہ محترمہ ہمیشہ فقیروں، مسکینوں اور یتیموں کا بہت زیادہ خیال رکھتیں اور حتی الامکان اُن کی خدمت کرنے میں کسر نہ چھوڑتیں۔ آپ کا انتقال 9 اکتوبر 1984ء کو ہوا اور فیصل آباد کے قبرستان (چک 99 گ ب) میں انہیں سپردِ خاک کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی قبر پر رحمتوں کا نزول فرمائے۔ (آمین)

محمد حنیف ولد فضل محمد
(سسر جناب عبدالرؤف قادری شاذلی)

جناب عبدالرؤف قادری شاذلی کے سُسر محمد حنیف رحمۃ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی کے بارے میں مکمل معلومات تو میسر نہ ہو سکیں لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کو ہر خوبی سے نوازا تھا۔ سال 1921ء میں بمقام آبادان، جالندھر (ہند) میں ولادت ہوئی اور بی ایس سی (انجینئرنگ) تک تعلیم حاصل کی جو اُس زمانے میں ایک بہت بڑا اعزاز ہوا کرتا تھا۔ غریبوں، مسکینوں، یتیموں، بیواؤں کا ہر طرح خیال کیا کرتے، اسی طرح اپنے خاندان اور اہلِ خانہ سے بھی بہتر سلوک فرمایا کرتے تھے۔

قائداعظم کے ہم عصر ہونے کے علاوہ اُن سے ملاقات کا بھی شرف حاصل تھا، محکمہ ٹیلیفون میں ملازمت کیا کرتے تھے۔ نماز فجر کے بعد کثرت سے تلاوتِ قرآن پاک فرمایا کرتے۔ جوانی میں ہی اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے پاس بلالیا۔ صرف 38 سال کی عمر پائی اور قبرستان میانی شریف (لاہور) میں آخری آرام گاہ بنی۔ اپنے پیچھے چھ پس ماندگان چھوڑے۔ وفات سے چھ ماہ قبل ہی آپ کو اپنے سفرِ آخرت کے متعلق علم ہو گیا تھا اور کہا کرتے تھے کہ اب میں اِس فانی دنیا میں رہنے والا نہیں اور اکثر یادِ الٰہی میں رویا کرتے تھے۔ اُن کی آئیڈیل شخصیت شاعرِ مشرق حضرت علامہ محمد اقبال قلندر لاہوری تھے اور اُن سے وہ بے حد متاثر تھے۔

خدا رحمت کنند ایں پاک طینت را

مسمات حمیدہ بیگم بنت غلام محمد
(خوشدامن جناب عبدالرؤف قادری شاذلی)

جناب عبدالرؤف قادری شاذلی کی خوش دامن حمیدہ بیگم بنت غلام محمد کی پیدائش بمقام آبادان، ضلع جالندھر (ہند) میں سال 1922ء یا 1923ء میں ہوئی۔ 37 سال کی عمر میں ہی بیوہ ہو گئیں۔ آپ انتہا درجہ مہمان نواز تھیں اور ہمیشہ اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیا کرتی تھیں۔ زندگی بھر کبھی کسی تنگی، سختی یا تکلیف کی شکایت نہ کی حتیٰ کہ ایک طویل عمر بیماری میں کاٹی۔ اپنی اولاد، نواسوں، نواسیوں اور پوتے، پوتیوں سے بہت پیار کیا کرتی تھیں۔ 5 فروری 1998ء وصال فرمایا اور اسلام کے مشہور قبرستان H-8 میں آخری آرام گاہ بنی۔

اللہ تبارک وتعالیٰ عبدالرؤف قادری شاذلی کے جملہ مرحومین کی بخشش و مغفرت فرمائے اور اُن کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم)

ترتیب: افتخار احمد حافظ قادری





درُود و سلام

کا

اوّلین و نادر انسائیکلوپیڈیا

مختصر تعارف جلد اوّل و جلد دوم





انسائیکلوپیڈیا کے سرورق کے عکس

درُود و سلام کا انسائیکلو پیڈیا

اللہ تبارک وتعالٰی نے جب نبی خاتم ﷺ پر درُود وسلام بھیجنے کا حکم دیا تو اُس کی ابتداء خود اپنے آپ سے کی، پھر فرشتوں کو سیدِ کائنات ﷺ پر درُود بھیجنے کا حکم دیا اور اُس کے بعد مؤمنین اُمتِ محمدیہ ﷺ کو حکم دیا کہ وہ بھی نبی پاک ﷺ پر خوب خوب درُود وسلام کے نذرانے پیش کریں۔

حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشادِ عالیشان ہے کہ روزِ محشر تم میں سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جس نے مجھ پر درُود و سلام کثرت سے پڑھا ہوگا۔ کثرتِ درُود وسلام کے بارے میں سرکار غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ایک شعر میں اپنے آپ کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

محی صلاۃ آنِ شفیع و آن نبی ﷺ بسیار گو

زانکـــہ داری تو بدی بسیار و نیکوی ملک

کہ ''اے محی الدین! شفاعت کرنے والے نبی پاک ﷺ پر کثرت سے درُود وسلام بھیج، یہ مانا کہ تو بہت گناہگار ہے لیکن اللہ تبارک وتعالٰی کے ہاں نیکی بھی بہت زیادہ ہے''۔ حضرت شیخ ابوسلیمان الدارانی رضی اللہ عنہ کا قولِ مبارک ہے کہ نبی پاک ﷺ پر پڑھا جانے والا درُود وسلام کبھی رَد نہیں ہوتا، یہ ہر صورت میں قبول ومنظور ہے۔

بحمد اللہ! ہمیں یہ اعزاز وسعادت حاصل ہے کہ ایک عرصہ سے ہم اِس مقبول ومنظور عمل کا حصہ ہیں اور درُود وسلام کی نادر کتابیں شائع کروا کر نہ صرف پاکستان بلکہ بیرونِ ملک بھی بلاہدیہ تقسیم کرنے کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔

سال 2014ء برموقع عید میلاد النبی ﷺ 1435ھ ایک اور عظیم سعادت وخوش بختی ہمارا مقدر بنی کہ A-4 کے اعلیٰ کاغذ پر 2300 صفحات پر مشتمل 40 نادر کتب سے صیغہ ہائے درُود وسلام کو یک جا کر کے انتہائی خوبصورت ودلکش انداز میں رنگین نادر تصاویر (مشائخ متقدمین کے مزاراتِ مبارکہ) کے ہمراہ درُود وسلام کا انسائیکلو پیڈیا بنام ''سر اللہ الاعظم فی الصلاۃ والسلام علی سیدنا و مولانا خیر الانام'' دو جلدوں میں شائع کیا۔

درُود وسلام کے اِس عظیم وضخیم انسائیکلو پیڈیا کے چند نسخے وطنِ عزیز اور بیرونِ ملک عشاقانِ درُود وسلام کی خدمت میں پیش کیے جن میں حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی مشہورِ زمانہ لائبریری ''مکتبۃ المدرسۃ القادریہ''، مدینہ طیبہ طاہرہ، مکہ مکرمہ، الجزائر، المغرب (Morocco)، ترکی، ایران، عرب امارات اور تیونس کی مقتدر شخصیات سرفہرست ہیں جس پر ہمیں ہدیہ تبریک کے کئی پیغامات و تاثرات موصول ہوئے۔

انسائیکلو پیڈیا مذکورہ میں 40 نادر کتب کا تعارف موجود ہے، ان میں اکثر کتب ایسی ہیں جن کے ناموں سے بھی شاید ہی چند لوگ آشنا ہوں۔ ان کتب میں موجود ہر صیغۂ درُود وسلام ایک وسیع پس منظر رکھتا ہے اور اسرار ورموز کے خزانوں سے لبریز ہے۔

انسائیکلو پیڈیا کی عظیم کتب کے
اسمائے مبارکہ، تعداد صفحات
اور تعداد صیغہ جات

کل صیغہ جات	تعداد صیغہ جات	تعداد صفحات	نام کتاب	نمبر شمار
35	35	8	الکنوز المحمدیة	1
78	43	8	الصلوات المدنیة	2
108	30	8	مفرح القلوب	3
200	92	12	ورفعنالك ذكرك	4
231	31	12	جالیة الاکدار	5
318	87	14	وِرد الجیوب	6
375	57	14	اغاثة القلب	7
471	96	16	وسیلة الولد الملهوف	8
654	183	16	صلوات النبویة	9
767	113	16	النفحات النورانیة	10
942	175	16	الفتح المبین	11
1162	220	22	سرّ الاسرار	12
1342	180	22	الصلوات علی النبی ﷺ	13
1498	156	24	کنوز الاسرار	14
1770	272	26	انوار الحق	15
2106	336	40	دلائل الخیرات	16
3230	1124	48	صفوة الدلائل	17
4224	994	60	عین البرکات	18

19	فتح الرسول ﷺ	80	824	5048
20	خزينة البركات	94	1024	6072
21	الدر الفائق	28	365	6437
22	الصلات البرية	76	1000	7437
23	الصلوات الهامعة	86	805	8242
24	الصلوات الالفية	48	1000	9242
25	افضل الصلوات	36	70	9312
26	سعادة الدارين	76	130	9442
27	صلوات الثناء	102	888	10330
28	جامع الصلوات	116	200	10530
29	الكنوز المحمدية فى الصلاة على خير البرية ﷺ	10	50	10580
30	نفح الطيب	18	162	10742
31	فتوح الجوارح	28	10	10752
32	كنز فى الصلاة والسلام	30	574	11326
33	مجمع اللطائف العرشية	34	319	11645
34	اوائل الخيرات	56	1331	12976
35	النجوم الزواهر	56	573	13549
36	غنية العبد	80	1044	14593
37	ادل الخيرات	102	2503	17096
38	التفكر والاعتبار	116	1457	18553
39	تنبيه الانعام	410	6105	24658
40	القول البديع	198	فضائل+183	24841

انسائیکلو پیڈیا میں موجود اکثر کتب ایسی ہیں جن کو بارگاہِ نبوی ﷺ سے شرفِ قبولیت حاصل ہونے کے بعد اُن کو لافانی شہرت اور قبولِ عام حاصل ہوگیا۔ حصولِ برکت کیلئے چند کتب کا مختصراً تذکرہ پیشِ خدمت ہے۔

بارگاہِ نبوی ﷺ میں مقبول صیغہ ہائے دُرود وسلام کا گلدستہ

''دلائل الخیرات شریف''

دلائل الخیرات شریف دُرود وسلام کا مہکتا ہوا وہ گلدستہ ہے جو دنیا کے کونے کونے میں پڑھا جاتا ہے۔ اس بابرکت کتاب کی قبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ سرکارِ مدینہ ﷺ نے بعض خوش بختوں کو اس کتاب کے پڑھنے کی خود اجازت عطا فرمائی۔ کثرتِ دُرود وسلام کا نذرانہ پیش کرنے کی وجہ سے اس مقبول کتاب کے مصنف حضرت سیدی محمد بن سلیمان الجزولی الشاذلی رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک سے آج تک کستوری کی خوشبو آتی ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے حکم پر تحریر ہونے والی دُرود وسلام کی عظیم کتاب

''اوائل الخیرات''

حیدرآباد، دکن کے ایک بزرگ حضرت محمد عبدالغفور نامی رحمۃ اللہ علیہ کو بچپن سے ہی نبی اکرم ﷺ پر دُرود وسلام پڑھنے کا ذوق وشوق حاصل تھا جس کی برکت اور فضیلت سے سرکارِ دو عالم ﷺ نے کئی بار اُن کو خواب اور حالتِ بیداری میں اپنی زیارتِ مبارکہ کا شرف عطا فرمایا۔ ایک مرتبہ کی خواب میں آپ ﷺ نے حضرت محمد عبدالغفور نامی رحمۃ اللہ علیہ سے ارشاد فرمایا کہ تم دُرود وسلام کی ایک کتاب لکھو اور اُس کا نام ''اوائل الخیرات'' رکھو، جس کیلئے اللہ تبارک وتعالیٰ روح القدس کے ذریعے تمہاری مدد فرمائے گا اور یہ کتاب اللہ تبارک وتعالیٰ اور میرے نزدیک مقبول ہوگی۔

دُرود وسلام کی مقبول کتاب جس میں عظیم بشارتِ نبوی ﷺ موجود ہے

''التفکر والاعتبار فی فضل الصلاۃ والسلام''

اس کتاب کے بارے میں سرکارِ مدینہ، سرورِ قلب وسینہ ﷺ نے کتاب کے مصنف، مراکش کے ولی کامل، حضوری بزرگ، حضرت سیدی احمد بن ثابت المغربی رضی اللہ عنہ سے وعدہ فرمایا کہ جو شخص دُرود وسلام کی اس کتاب کو پڑھے گا آپ ﷺ اُس شخص کے ضامن ہو جائیں گے۔

عظیم عاشقِ رسول ﷺ حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبھانی رضی اللہ عنہ کی

''جملہ کتب کی قبولیت''

حضرت قاضی یوسف اسماعیل النبھانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُن کی جملہ کتب اور بالخصوص دُرُود وسلام کی کتب کی مقبولیت کی سب سے عظیم نشانی یہ ہے کہ مجھے ان کتابوں کی تالیف کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارتِ مبارکہ کا شرف حاصل ہوا اور آپ ﷺ نے مجھ پر کمال مہربانی فرماتے ہوئے متعدد بار اپنی زیارت سے سرفراز فرمایا۔ حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبھانی نے ایک ہزار کی تعداد میں انتہائی مختصر صیغوں کا گلدستہ تیار کیا اُس حدیث نبوی ﷺ کی اتباع میں کہ ''جس نے مجھ پر ایک ہزار مرتبہ دُرُود پڑھا تو جنت کے دروازے پر اُس کا کندھا میرے کندھے کے ساتھ جڑا ہوا ہوگا''۔ حضرت علامہ قاضی یوسف اسماعیل النبھانی رضی اللہ عنہ نے دُرُود وسلام کے موضوع پر آٹھ کتابیں تحریر فرمائیں، اُن میں سے پانچ کتابیں اس انسائیکلو پیڈیا کی زینت بن چکی ہیں۔

قارئینِ کرام! یہ صرف چند کتب کا ذکرِ خیر ہے وگرنہ انسائیکلو پیڈیا میں موجود دُرُود وسلام کی ہر کتاب کا ایک عظیم پس منظر ہے۔ مثال کے طور پر اس میں شامل دُرُود وسلام کے کئی ایسے صیغے موجود ہیں جو سرکارِ دو عالم ﷺ کے محبوبوں کو القائی طور پر یا ہاتفِ غیبی سے عطا ہوئے۔ کچھ صیغہ ہا کی لڑیاں ایسی ہیں جن کو حروفِ مقطعات میں پرو دیا گیا ہے۔ ایک کتاب ایسی ہے جس میں سرکارِ مدینہ ﷺ کے اسمِ مبارک کے عدد مبارک بحساب ابجد 92 کے مطابق صیغہ ہائے دُرُود وسلام کو گجروں کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

انسائیکلو پیڈیا ہذا کی چالیسویں کتاب فضائل دُرُود وسلام پر حضرت علامہ سخاوی رضی اللہ عنہ کی مشہور و منفرد کتاب ''**القول البدیع**'' کا اُردو ترجمہ ہے۔ اس بابرکت مجموعۂ دُرُود وسلام کے اختتام پر دُرُود وسلام کے دو القائی صیغے موجود ہیں جو ان گناہگاروں سے منسوب ہیں۔ اس کے بعد اپنے بزرگوں کے شجرۂ ہائے طریقت اُن کے ذکرِ خیر کیلئے مجموعہ ہذا میں شامل کئے گئے ہیں اور انسائیکلو پیڈیا کے آخری صفحہ (نمبر 2300) پر محترمی عبدالقیوم طارق سلطانپوری صاحب کا منظوم قطعۂ تاریخ سالِ طباعتِ انسائیکلو پیڈیا ثبت ہے۔

سید الاولین والآخرین ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے کہ ''بندہ کی دُعا اُس وقت تک پردۂ حجاب میں رہتی ہے جب تک دُعا مانگنے والا مجھ پر دُرُود وسلام نہ پڑھے''۔ اس ضمن میں شہنشاہِ بغداد سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ اپنی ایک نعت کے مقطع میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''اے محی الدین! یہ بات کہہ دو کہ نجات حاصل کرنے کیلئے اپنی دُعاؤں کی قبولیت کو سرورِ کونین ﷺ کی ذاتِ اقدس پر دُرُود وسلام سے مزین کیا کرو''۔

بگو محیؔ کہ بہر نجات می گویند

دُرود سرورِ کونین در مناجاتم

دُرُود وسلام کا ذکر کرتے ہوئے دُعا گو ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اُمتِ محمدیہ ﷺ کی مغفرت فرما دے اور اس عظیم گلدستۂ دُرُود وسلام کے وسیلۂ جلیلہ سے ہم تمام قارئین دُرُود وسلام کا بھی خاتمہ ایمان اور خیر پر فرما دے۔ (آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ)

دُعائے سیدنا ابو العباس المُرسی رضی اللہ عنہ

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّةَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ اُمَّةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

آمِیْن بِجَاهِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

درُود وسلام

کا

اوّلین ونادر انسائیکلوپیڈیا

مختصر تعارف

جلد نمبر 3 تا جلد نمبر 14



جلد نمبر 3

تا

جلد نمبر 14



مختصر تعارف جلد نمبر 3 تا جلد نمبر 14

دُرودوسلام پڑھنے کے بے شمار فیوضات و برکات ہیں، اسی طرح دُرودوسلام کو تحریر کرنے اور پھر اُس کی نشرو اشاعت پر بھی بے شمار فضائل موجود ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ سرکارِ دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا، جس نے کسی کتاب میں مجھ پر دُرود لکھا تو جب تک میرا نام اُس کتاب میں باقی رہے گا فرشتے اُس شخص کیلئے بخشش و مغفرت دُعائیں کرتے رہیں گے۔

بحمداللہ! ہم ایک طویل عرصے سے اس مقبول و منظورِ عمل کر حصہ ہیں اور دُرودوسلام کی نادر کتب شائع کروا کر نہ صرف پاکستان بلکہ بیرون ملک بھی بلاہدیہ تقسیم کرنے کا شرف حاصل کر چکے ہیں۔

سال 2014ء ایک عظیم سعادت ہمارے حصے میں آئی کہ دُرودوسلام کی 40 نادر کتب کا ایک انسائیکلوپیڈیا بنام ''سر اللہ الاعظم فی الصلاۃ والسلام علی سیدنا و مولانا محمد خیر الانام ﷺ'' مشتمل بر دو جلدوں اور A-4 کے 2300 صفحات پر شائع کر کے اندرون و بیرون ملک اس کے نسخے ارسال کیے۔

سال 2015ء مذکورہ بالا انسائیکلوپیڈیا میں مراکش کے ایک ولیٔ کامل سیدی محمد المعطی الشرقاوی رضی اللہ عنہ کی مشہور زمانہ دُرودوسلام پر ضخیم ذخیرہ بنام ''ذخیرۃ المحتاج فی الصلاۃ علی صاحب اللواء والتاج ﷺ'' سے 56 نادر کتب کو شامل کر کے 12 جلدوں پر شائع کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

ذخیرہ مذکورہ کے مصنف اس وبابرکت مجموعہ کا سبب تالیف خود اِس طرح بیان کرتے ہیں کہ وہ فضائل، خیرات وبرکات، بشارتیں، انوار و تجلیات جو دُرودوسلام پڑھنے سے حاصل ہوتی ہیں مجھے بھی یہ توفیق بخشی گئی کہ میں بھی اس سمندرِ عشق میں ڈول ڈال کر اُس سے سیراب ہونے کا شرف حاصل کروں۔

اس بابرکت عظیم و ضخیم کتاب کی تکمیل میں مصنف نے تیس سال سے زائد کا عرصہ لگایا، اس بناء پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ کتاب ''ذخیرۃ المحتاج فی الصلاۃ علی صاحب اللواء والتاج'' دُرودوسلام اور سیرت النبی ﷺ کا ایک عظیم الشان و ضخیم مجموعہ ہے۔ اس کتاب کی جلدوں (حصوں) کے بارے میں تین مختلف اقوال ہماری نگاہوں سے گزرے۔ عالمِ جلیل حضرت مکی محمد المعطی الشرقاوی کے مطابق اس کتاب کی 60 جلدیں ہیں، حضرت علامہ عبدالحیٔ الکتانی کے مطابق دُرودوسلام کی اِس کتاب کی 70 سے زائد جلدیں ہیں اور حضرت علامہ قاضی احمد سکیرج کے نزدیک اس کتاب کی جلدیں نبی اکرم ﷺ کے اسمِ مبارک کے اعداد ''92'' کے مطابق ہیں۔

مضامینِ کتاب

قارئینِ کرام! جیسا کہ کتاب ''ذخیرۃ المحتاج فی الصلاۃ علی صاحب اللواء والتاج'' کے نام سے صاف ظاہر ہے کہ یہ کتاب سرکارِ دو عالم ﷺ کی ذاتِ مقدسہ پر دُرود و سلام سے متعلق ہے۔ لیکن خوش بخت مصنف نے کئی مختلف موضوعات کو دُرود و سلام کی خوبصورت لڑیوں میں پرو دیا ہے۔ مختصر الفاظ میں چند موضوعات کا تذکرہ درج ذیل ہے۔

تذکرۃ میلادِ الرسول ﷺ

سیدی محمد المعطی الشرقاوی رضی اللہ عنہ نے سرکارِ دو عالم ﷺ کی ولادتِ باسعادت کے موضوع پر خصوصی توجہ دی ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اِس موضوع پر محبت، اشتیاق، موَدت اور جذبۂ عشق کے سمندر میں غرق ہو کر لکھا ہے اور بالخصوص اُن معجزاتِ نبویہ ﷺ کا ذکر کیا ہے جو میلاد شریف کے وقت ظہور پذیر ہوئے۔ آپ نے نبی پاک ﷺ کے نورِ مبارک کی اولیت اور آپ ﷺ کے نور ہی سے تمام کائنات کی تخلیق کا ذکر کیا ہے۔ اِس باب میں آپ نے تفصیل سے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا نورِ مبارک کس طرح حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدۃ آمنہ رضی اللہ عنہا تک منتقل ہوتا آیا۔ اُن معجزات کا بھی تفصیلی ذکر ہے جو بوقتِ ولادت آپ ﷺ کی والدۂ ماجدہ نے مشاہدات فرمائے۔

ذکرِ شمائل نبوی ﷺ

سیدی محمد المعطی الشرقاوی نے شمائل نبوی ﷺ کے معطر و معنبر ذکر سے ذخیرۃ المحتاج کی 15 جلدیں تحریر فرما دیں، اِس کی وجہ مصنفِ کتاب کی نبی پاک ﷺ سے محبت، تعلق اور اشتیاق کا جذبہ صادق تھا۔ اِن جلدوں میں آپ نے سرکارِ دو عالم ﷺ کے اخلاقِ مبارکہ، صفاتِ مقدسہ، خصائص اور اوصاف کا انتہائی خوبصورتی اور محبت سے ذکر کیا ہے۔ یہ سب کچھ اُنہوں نے آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ ﷺ، آثار و اخبار، حکایات، اشعار، صلوات اور دعوات سے اخذ کر کے تحریر فرمایا ہے۔

ذکرِ شہرِ مدینہ منورۃ

ذکرِ شہرِ مدینہ منورہ سے پُر نور اور روحانیت سے مامور جلدوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو شہرِ رسول ﷺ سے کس درجہ عقیدت اور محبت تھی اور اِسی جذبۂ عشق و محبت میں ڈوب کر اُنہوں نے چار سے زائد

جلدیں اِس موضوع پر تحریر فرما دیں۔ یہ تمام کتابیں نبی پاک ﷺ کے عشق ومحبت سے عبارت ہیں۔ اِن کتابوں میں خصوصیت کے ساتھ روضۂ رسول ﷺ کا ذکر موجود ہے، جن کی خوشبو سے مصنف کے خیالات اور دل ودماغ کبھی خالی نہیں رہتے۔

مدحتِ مصطفی ﷺ

کتاب ''ذخیرة المحتاج'' کی ایک جلد میں بہت سے قصائد شامل کئے گئے ہیں جن میں سرکارِ مدینہ ﷺ کی مدح سرائی کی گئی ہے۔ اِن قصائد کے تمام اشعار، طول، قصر، عروض اور قافیہ جیسے شعری اصناف کے زیور سے آراستہ ہیں جن کو پڑھ کر انسان کا دل محبتِ رسول ﷺ کے جذبے سے سرشار ہو جاتا ہے۔

وسیلۂ مصطفی ﷺ

سرکارِ دوعالم ﷺ کا اِرشادِ مبارک ہے ''تَوَسَّلُوْا بِجَاهِیْ فَاِنَّ جَاهِیْ عِنْدَاللّٰهِ عَظِیْم'' میری ذات کو وسیلہ بناؤ کہ بے شک میرا وسیلہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں بڑی عظمت رکھتا ہے''۔ اس فرمانِ نبوی ﷺ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مصنف نے توسل کو اپنی کتاب میں خصوصی توجہ دی ہے، اِس اہتمام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کا اللہ تبارک وتعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ پر کتنا پختہ ایمان ہے اور وہ نبی پاک ﷺ سے کتنا شدید تعلق رکھتے ہیں، اِسی وجہ سے ہم دیکھتے ہیں کہ مصنف اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑے ہیں اور نبی پاک ﷺ کے وسیلہ مبارکہ سے انتہائی عاجزی سے معافی طلب فرما رہے ہیں اور ایسا کیوں نہ ہو کہ آپ ﷺ کی ذاتِ مبارک ہی ہماری پناہ گاہ، ماویٰ اور اللہ کی بارگاہ میں شفیع ہیں۔

صوفیانہ پہلو

کتاب ''ذخیرة المحتاج'' کے مطالعہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ایک ہی نص کے تحت مختلف قسم کے پہلو شامل ہیں اور اُن میں سب سے اہم پہلو دینی، ادبی اور صوفیانہ ہے۔ مگر یہ تمام پہلو آپس میں خوبصورت ربط لئے ہوئے ہیں۔ اِسی طرح یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب میں مصنف نے بڑے بڑے صوفیائے کرام خصوصاً شیخ عبدالقادر جیلانی، محمد بن عربی، ابوبکر الشبلی، ابوالحسن الشاذلی اور عبدالسلام بن مشیش رضی اللہ عنہم کے اقوال سے بھی استمداد کیا ہے۔

متفرق موضوعات

کتاب ''**ذخیرۃ المحتاج**'' کی بقیہ جلدیں جو متفرق موضوعات پر مشتمل ہیں اُن میں سفرِ معراج شریف، بیت المقدس شریف کی معلوماتِ مبارکہ اور **صخرہ** شریف کے بارے میں احادیثِ نبویہ ﷺ کا تفصیلی ذکر موجود ہے۔ اِس موضوع پر سیدی محمد المعطی الشرقاوی نے چار جلدیں تحریر فرما دیں۔ خاتون جنت رضی اللہ عنہا کے فضائل ومناقب پر ایک مکمل کتاب کو دُرود وسلام کی لڑیوں میں پرو کر تحریر کر دیا ہے۔ چاروں خلفائے راشدین، عشرہ مبشرہ اور صحابۂ کرام کے فضائل ومناقب پر مصنف نے کئی جلدیں تحریر فرمائیں۔ اسی طرح دُرود وسلام کے فضائل، اذکار اور مناقبِ اولیائے کاملین پر بھی کئی کتابیں تحریر فرمائیں۔

حضرت علامہ ابن الطیب اپنی کتاب ''**نشر المثانی**'' میں سیدی محمد المعطی الشرقاوی کی کتاب ''**ذخیرۃ المحتاج**'' کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''**ان الذخیرۃ کانت تتلی علی کرسی خاص بجامع القرویین**، جامع القرویین میں ایک خاص کرسی پر ''**ذخیرۃ المحتاج**'' کتاب کی تلاوت ہوا کرتی تھی''۔

حضرت سیدی محمد المعطی الشرقاوی رضی اللہ عنہ نے اپنے اجداد کے شہر **ابی الجعد** میں 1180ھ وفات پائی اور اپنے جدامجد کے زاویہ شرقاویہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ آپ کے وصال کی خبر آپ کے مریدوں اور ساتھیوں کے دلوں پر بجلی بن کر گری کیونکہ اِن تمام لوگوں کا آپ کے ساتھ انتہائی قلبی تعلق تھا اور اُن کے قلوب واذہان سے آپ کی شخصیت کا وہ پرتو کسی صورت غائب نہ ہوتا تھا جو آپ نے اپنی عمر میں اصلاح اور دینی خدمات کے لحاظ سے قائم کیا تھا۔

آپ کی وفات سے دیارِ مغرب اللہ تبارک وتعالیٰ کے ایک ولی کی ظاہری حیات سے محروم ہوگیا۔ آپ اُن لوگوں میں سے ایک تھے کہ جنہوں نے دنیا میں انتہائی اخلاص سے کام کیا اور اپنے پیچھے ایسے نقوش چھوڑے کہ جن کو کسی صورت مٹایا نہیں جاسکتا۔ شہر **ابی الجعد** سے جب آپ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو اس جنازے میں آپ کے اہل وعیال، دوست احباب، متوسلین اور مریدین کے ایک جم غفیر نے شرکت کی اور اس جم غفیر کی قیادت ''**خاموشی**'' کررہی تھی اور یہ لگاتار اور مسلسل ''**خاموشی**'' تھی۔ کبھی کبھی آپ کے مریدین، شاگرد یا احباب کی آہیں اس خاموشی کو توڑ دیتی تھیں۔ جنازے میں شریک اتنی زیادہ تعداد تھی کہ اُس کا شمار ممکن نہ ہوسکا۔

صاحب ''**ذخیرۃ المحتاج فی الصلاۃ علی صاحب اللواء والتاج** ﷺ'' حضرت سیدی محمد المعطی الشرقاوی رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بالا 56 نادر کتب کے اسمائے مبارکہ اور اُن کی تعدادِ صفحات کی تفصیل آئندہ صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

درود و سلام کے انسائیکلوپیڈیا
کی جلد نمبر 3 تا جلد نمبر 14 کی 56 کتابوں کے
اسمائے مبارکہ و تعداد صفحات

کتاب نمبر	نام کتاب	تعداد صفحات	تسلسل
1	السفر الاول	298	41
2	الاسراء والمعراج	134	42
3	اخبار بیت المقدس واحادیث الصخرة	136	43
4	سفر العرش المعنوی	130	44
5	المعراج الحسی	112	45
6	سفر التشوق الی الحج وذکر فضائل مکه	126	46
7	سفر التشوق الی الروءیة والزیارة	180	47
8	سفر الزیارة بعد الحج	110	48
9	سفر الزیارة فی سائر الشهور	100	49
10	صلوات جلیلة مشتملة علی تعداد المراحل والمنازل	130	50
11	آثار الرسول المبارکة وخصائصه الجسام وسیره وشمائله	202	51
12	فی ذکر اخلاقه الزکیة	136	52
13	السفر الثانی من الشمائل (بعض سیرته الطیبة ومعجزاته)	128	53
14	سفر من الذخیرة فی مولد النبی ﷺ	114	54
15	اشجار جلیلة سنیة متفرعة عن ذاته الاحمدیة	136	55

دُرودوسلام کے انسائیکلوپیڈیا میں شامل تعداد کتب، تعداد صفحات اور سن اشاعت کا مختصر خاکہ

جلد نمبر	سال اشاعت	تعداد کتب	تعداد صفحات	کل صفحات
1	1435ھ/2014ء	28	1150	1150
2	1435ھ/2014ء	12	1150	2300
3	1436ھ/2015ء	4	716	3016
4	1436ھ/2015ء	6	762	3778
5	1436ھ/2015ء	5	720	4498
6	1436ھ/2015ء	4	776	5274
7	1436ھ/2015ء	4	780	6054
8	1436ھ/2015ء	4	746	6800
9	1436ھ/2015ء	5	812	7612
10	1436ھ/2015ء	5	800	8412
11	1436ھ/2015ء	5	798	9210
12	1436ھ/2015ء	5	816	10026
13	1436ھ/2015ء	5	838	10864
14	1436ھ/2015ء	4	786	11650
15	1437ھ/2016ء	15	650	12300

No.F.5-6/2013-DBNB

GOVERNMENT OF PAKISTAN

NATIONAL HISTORY & LITERARY HERITAGE DIVISION

NATIONAL LIBRARY OF PAKISTAN

Islamabad 03, April, 2019

Subject:- **ACKNOWLEDGE RECEIPT.**

Dear Sir,

I acknowledge with thanks the receipt of the following books/brochures delivered to National Library of Pakistan under Copyright Law:

تعداد کتب	سال اشاعت	نام مصنف	نام کتاب	نمبر شمار
01	1999	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات مقدسہ (تحریر و تصاویر)	-1
01	2000	افتخار احمد حافظ قادری	سفر نامہ ایران و افغانستان (تحریر و تصاویر)	-2
02	2000	افتخار احمد حافظ قادری	زیارتِ حبیب ﷺ	-3
01	2001	افتخار احمد حافظ قادری	ارشاداتِ مرشد	-4
02	2001	افتخار احمد حافظ قادری	خزانہ دُرود و سلام	-5
01	2001	افتخار احمد حافظ قادری	دیارِ حبیب ﷺ (تحریر و تصاویر)	-6
02	2001	افتخار احمد حافظ قادری	گلدستۂ قصائدِ مبارکہ	-7
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	قصائدِ غوثیہ	-8
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	سرزمینِ انبیاء و اولیاء (تصویری البم)	-9
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات اولیائے پاکستان (تصویری البم)	-10
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	بارگاہِ غوث الثقلین رضی اللہ عنہ	-11
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	سرکار غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ	-12
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	مقاماتِ مبارکہ آل و اصحابِ رسول ﷺ	-13
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات شام (تصویری البم)	-14
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات شہر رسول ﷺ (تصویری البم)	-15
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف	-16
02	2005	افتخار احمد حافظ قادری	فضیلتِ اہل بیتِ نبوی ﷺ	-17
01	2006	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات مصر (تحریر و تصاویر)	-18
01	2006	افتخار احمد حافظ قادری	بارگاہ پیر رومی میں (تحریر و تصاویر)	-19

20-	سفرنامہ زیاراتِ مراکش (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
21-	زیارات مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
22-	زیارات ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
23-	زیارات اولیائے کشمیر (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
24-	گلدستہ دُرود سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
25-	تکمیل الحسنات	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
26-	انوار الحق	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
27-	خزینۂ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
28-	فرموداتِ حضرت داتا گنج بخش رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
29-	التفکر والاعتبار	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
30-	70 صیغہ ہائے دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
31-	ورفعنا لک ذکرک (92 صیغہ ہائے دُرود و سلام)	افتخار احمد حافظ قادری	2011	01
32-	زیارات ایران (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2012	01
33-	سفرنامہ زیارت ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
34-	کتابچہ حضرت دادا ابرلاس علیہ الرحمۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
35-	ہدیۂ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
36-	سفرنامہ زیاراتِ عراق و اُردن (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
37-	دُرود و سلام کا نادر و انمول انسائیکلوپیڈیا (جلد اول و جلد دوم)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
38-	سدرۃ شریف تا مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
39-	شانِ بتول رضی اللہ عنہا بزبانِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
40-	الصلوات الالفیۃ/صلوات النبویۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2015	01
41-	شانِ علی رضی اللہ عنہ بزبانِ نبی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
42-	عظائم الصلوات والتسلیمات	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
43-	شانِ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم بزبانِ سید المرسلین ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
44-	سیدنا حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
45-	الصلوات الالفیۃ بأسماء خیر البریۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01
46-	سفرنامہ زیاراتِ ازبکستان	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01

01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	شاہِ حبشہ حضرت اصحمۃ النجاشی ؓ	-47
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفرنامہ زیارتِ ترکی	-48
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	صلاۃ وسلام برائے زیارت خیر الانام ﷺ	-49
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفرنامہ زیارت شام	-50
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	سیدنا ابوطالب ؓ	-51
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	الفية الصلوات على فخر الموجودات	-52
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	مناقب والدین مصطفیٰ کریم ﷺ	-53
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	حیات انور	-54
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	شہزادیٔ کونین ؑ	-55
01	2019	افتخار احمد حافظ قادری	مومنین کی مائیں	-56

2. These valuable books have been added in the National Library Collection. The readers of the Library will get Knowledge and information from these books. I hope that National Library of Pakistan will receive all forthcoming publications in future.

With regards,

Yours sincerely

3/4/2019

(Muhammad Riaz)
Assistant Director/Delivery of Books & Newspapers Branch

Iftakhar Ahmad Hafiz Qadri,
House 999/A-6, Street No.9,
Afshan Colony,
Rawalpindi Cantt.
Cell: 0344-5009536

مختصر تعارف

افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، راولپنڈی

ملازمت

- پاکستان میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں (شام، لبنان، قطر، سعودی ملٹری اتاشی) میں تقریباً 20 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔
- سعودی عرب (وزارت دفاع، ابواب الروضۃ، تیمورک العربیۃ السعودیۃ) میں تقریباً 10 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔

فوجی اعزازات (ایوارڈز)

- سعودی وزارت دفاع، ریاض میں بطور سعودی یونیفارم پرسن خدمات سرانجام دیں اور دوران ملازمت حکومت سعودیہ کی طرف سے 2 فوجی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

لسانیات

- پاکستان میں سعودی عرب کے ثقافتی سنٹر "مرکز تعليم اللغة العربية" سے عربی زبان کا دوسالہ کورس مکمل کیا۔
- سفارت خانہ ایران کے زیر انتظام ثقافتی سنٹر خانہ فرہنگ ایران سے فارسی زبان کا ایک سالہ ایڈوانس کورس مکمل کیا۔

زیارت مقدسہ کے اسفار

- وطن عزیز میں موجود زیارت مقدسہ کے علاوہ 11 بلاد اسلامیہ (حجاز مقدس / شام / مصر / مراکش / ایران / عراق / اردن / لبنان / افغانستان / ترکی) میں کئی کئی بار زیارت مقدسہ پر حاضری کے لئے طویل ترین سفر طے کئے اور ان سفروں کے نتیجے میں کئی سفرنامے منظر عام پر آئے۔

تحریری کاوشیں

- الحمدللہ! اب تک 60 کے قریب کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں بلادِ اسلامیہ میں زیارت مقدسہ کے سفرنامے، شخصیات (خاتون جنت سیدہ فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ، خلفائے اربعہ، شاہ حبشہ) اور درود و سلام کی کتب سرفہرست ہیں۔

مضامین و مقالات

- روزنامہ نوائے وقت، الاخبار، اوصاف، دی نیشن، مجلہ ضیائے حرم، فیضانِ سدرۃ، پیغامِ آشنا، نور الحبیب، کاروانِ قمر، طلوعِ مہر اور آئینہ کرم کے علاوہ دیگر کئی رسائل و جرائد میں 100 سے زائد مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

عالمی کانفرنسز میں شرکت

- سال 1983 اور سال 1984 میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی طرف سے OIC کے زیر انتظام دو بین الاقوامی کانفرنسز میں بطور معاون عربی زبان شرکت کی۔
- اکتوبر 2007 میں سرزمین ایران میں حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ پر منعقدہ عالمی رومی کانفرنس میں راولپنڈی ڈویژن کی طرف سے شرکت اور مقالہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مارچ 2008 میں یونیورسٹی آف سرگودھا میں انٹرنیشنل رومی کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

روحانی سعادتیں اور اعزازات کا حصول

- ستمبر 1996 میں 2 بار بیت اللہ شریف کے اندر حاضری کی سعادت عظمیٰ نصیب ہوئی۔
- مرکزی مسجد حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ میں 16 اکتوبر 2001 نماز فجر کی اذان دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مفتی اعظم عراق حضرت الشیخ السید عبدالکریم بیارہ رحمۃ اللہ علیہ کی 2 بار زیارت کا شرف حاصل ہوا، یہ وہ خوش نصیب شخصیت تھیں جنہیں سال 1932ء میں 2 صحابہ اکرام کے مزارات مبارکہ کی منتقلی کے موقع پر ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

25/09/2019

التماسِ دُعا

معزز قارئین کرام سے درخواست ہے
کہ حضور پُر نور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ کی
اُمتِ مرحومہ کی بخشش و مغفرت اور بلندی
درجات کیلئے دُعا فرمائیں اور بالخصوص
مصنف کتاب ہذا اور اُس کے مرحوم والدین
کریمین کے لئے بھی دُعاؤں کی درخواست
ہے۔شکریہ

افتخار احمد حافظ قادری